In the first sentence, the verb is feminine because its grammatical subject (Urdu) is feminine. In the second sentence, the verb is masculine because its grammatical subject, the infinitive سرود بجانا, "to play sarod," is a verbal noun in the masculine. Note that the grammatical subject of آنا can either be a proper noun, اُردو, or a verbal noun, بجانا. Sometimes, the agreement of the verb will vary depending on the definition of the grammatical subject:

کیا، آپ کو گاڑی چلانا آتا ہے؟

Do you know how to drive a car?

The grammatical subject in the sentence above is گاڑی چلانا ,"driving a car," hence the verb is in the masculine.

کیا، آپ کو گاڑی چلانی آتی ہے؟

Do you know how to drive a car?

In the second example, since گاڑی is feminine, the infinitive چلانا can take on a feminine ending, and in that case so will the verb آنا. In the past tense, the appropriate form of the auxiliary تھا is

used.

راج کو ناچنا آتا تھا۔

Raj used to know how to dance.

10.3 Reading and Translation Drill

۱۔ مجھے تیرنا آتا ہے۔
کیا، تجھے گانا آتا ہے؟
جی ہاں، مجھے گانا آتا ہے۔
اُسے ٹینیس کھیلنا آتا ہے۔

۲۔ اُن لڑکوں کو پکانا آتا ہے۔
اِن لڑکیوں کو کام کرنا آتا ہے۔
اُس کے لڑکے کو گاڑی چلانی نہیں آتی۔
تمہیں سکوٹر چلانا آتا ہے، کیا؟

۳۔ اُسے ناچنا نہیں آتا۔
ہمیں گانا نہیں آتا۔
کیا، اِنہیں اُردو آتی ہے؟
نہیں۔ اُنہیں صرف انگریزی آتی ہے۔

10.3 Substitutions

۱۔ ہمیں (گانا) آتا ہے۔

how to dance

how to swim

how to cook

how to eat

۲۔ نرگس کو (لکھنا) (آتا ہے۔)

will know how to read this book

used to know how to cook Indian food

used to know a little Chinese

will know how to make yogurt

10.3 Translations

Translate the following into idiomatic Urdu:

1. Do you know my favorite actor?
2. I know who Javed Akhtar is, but I don't know him (personally). He is a poet, isn't he?
3. Excuse me, sir, do you know where is the post office?
4. My grandmother (maternal) used to know the famous actor Dilip Kumar.
5. I know that Amitabh Bacchan is taller than you (informal).
6. Does Nargis know how to make spaghetti with Indian spices?

10.4 The Verb پوچھنا, "To Ask"

When پوچھنا "to ask" is used in Urdu, the indirect object is followed by a سے:

میں اُس سے پوچھتا ہوں۔

I ask him.

(subject -- indirect object -- marker سے -- verb)

میں اُس عورت سے پوچھوں گی۔

I will ask that woman.

(subject -- indirect object -- marker سے -- verb)

The direct object, if animate or specific, is followed by کے بارے میں. If the object is not

animate or specific, the use of کے بارے میں is optional.

میں اُس سے علی کے بارے میں پوچھ رہا ہوں۔

I am asking him about Ali.

(subject -- indirect object -- marker سے -- animate direct object -- object marker کے بارے میں -- verb)

میں اُس سے یہ بات (اِس بات کے بارے میں) پوچھتا تھا۔

I used to ask him about this matter.

(subject -- indirect object -- marker سے -- inanimate direct object -- verb)

10.4 Reading and Translation Drill

۱۔ وہ مجھ سے اُس بوڑھے آدمی کا نام پوچھتا ہے۔
وہ تم سے اُن لڑکوں کے نام پوچھتا ہے۔
وہ اُن لڑکوں سے تمہارا نام پوچھتا ہے۔
ہم اُن لڑکیوں سے تمہارا نام نہیں پوچھتے۔

۲۔ تم ہم سے اُن کا پتا پوچھتے ہو؟
نہیں، میں اُس اچھی لڑکی سے اُن کا پتا پوچھتی ہوں۔
آپ کس سے اُن کا پتا پوچھ رہے ہیں؟
میں اِن ہوشیار لڑکوں سے اُن کا پتا پوچھ رہی ہوں۔

۳۔ تم یہ سوال وزیرِ اعظم کے چمچے سے کیوں پوچھ رہے ہو؟ وہ سچ نہیں بولیگا۔
جناب، آپ میرے دل کی باتیں مجھ سے نہ پوچھیئے!
وہ ہوشیار عورت پاکستان کے صدر سے ایک مشکل سوال پوچھیگی۔
شاہ رُخ جی، کیا ہم آپ سے پیار کے بارے میں دو تین سوال پوچھ سکتے ہیں؟

10.4 Substitutions

۱۔ (راج) سے پوچھیے۔

That girl

These boys

My brother

Your clever friend

۲۔ میں (زاہد) سے (علی) کے بارے میں پوچھتا ہوں۔

that girl	your brother
that boy	these doctors
that vagabond's home	my father
Imran Khan's address	that athlete

10.5 The Verb ملنا with سے and کو

The meaning of certain verbs changes depending upon the postposition with which they are used.

1) ملنا + postposition سے to mark the object means "to meet":

میں علی سے ملتا ہوں۔

I meet (with) Ali.

وہ اُن لڑکیوں سے ملتے ہیں۔

They meet (with) those girls.

In the above sentences, the object (of meeting) is marked with سے.

2) ملنا + postposition کو to mark its logical subject in English means "to get, obtain, find":

وہاں مجھ کو خدا ملتا ہے۔

I find God there.

اُس کو وہ چیزیں ملتی ہیں۔

He gets those things.

آپ کو یہ کتابیں کہاں ملتی ہیں؟

Where do you get these books?

In the above sentences, the logical subject in English, that is the person/thing who is getting, obtaining, or finding something is marked by کو. Note that the verb in all the sentences agrees with the things that are being obtained or found.

10.5 Reading and Translation Drill

۱۔ ہم عمران خان سے ملنا چاہتے ہیں۔

کیا، تم امریکہ کے صدر سے ملنا چاہتے ہو؟

نہیں، میں امریکہ کے صدر سے ملنا نہیں چاہتا مگر ہندوستان کے وزیرِ اعظم سے ملنا چاہتا ہوں۔

میں اُن خوبصورت لڑکیوں سے ملنا چاہتی ہوں۔

۲۔ کیا، ہم بولیووڈ میں شاہ رُخ خان سے مل سکتے ہیں؟

نہیں، آپ وہاں اُس سے نہیں مل سکتے۔

ہم بھی اُن ڈاکٹروں سے مل رہے ہیں۔

آپ اُن مشہور شاعروں سے کب ملینگے؟

۳۔ کیا، ہم کو بازار میں یہ سندر چیزیں ملتی ہیں؟

آپ کو پاکستان میں ہر چیز مل سکتی ہے۔

آج کل یہاں کیا ملتا ہے؟

آجکل یہاں کچھ بھی نہیں ملتا۔

۴۔ معاف کیجیئے، اُس خوبصورت لڑکی کو آنکھوں کا کاجل کہاں ملیگا؟
معاف کیجیئے، ہمیں تاج محل ہوٹل میں دو کمرے ملینگے؟
معاف کیجیئے، میری اِس سہیلی کو چائے کب ملیگی؟
معاف کیجیئے، نرگس جی، اس مست عاشق سے ملیئے۔ وہ آپ سے بہت پیار کرتا ہے!

Translate into Urdu:

1. We are meeting those boys today.
2. Can I meet that famous professor?
3. They get all those beautiful things in India.
4. What can you (informal) get in Canada?
5. Those girls want to meet Shahrukh Khan.
6. Where will I find medicine for this illness?
7. Raj used to get sweets from this famous sweet shop.

10.6 The Verb کہنا with سے and کو

When the verb کہنا means "to tell," the person to whom something is being said or told is usually marked by سے.

میں اُن سے کہتا ہوں۔

I tell them.

میں اُن سے ایک بات کہتا ہوں۔

I tell them a thing.

When the object of کہنا is marked by کو, then it means to call the object something, usually something negative, but not necessarily so.

لوگ آپ کو کیا کہتے ہیں؟

What do people call you?

لوگ آپ کے ہونٹوں کو یاقوت کہتے ہیں۔

People call your lips rubies.

اِس چیز کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

What is this thing called in English?

10.6 Reading and Translation Drill

۱۔ میں اُن سے یہ باتیں کہتا ہوں۔

وہ مجھ سے یہ سب چیزیں کہتا ہے۔

راج نرگس کو دیکھ کر غزل کہتا ہے۔

آپ اُس سے کیا کہتے ہیں؟

کیا تم مجھ سے دِل کی باتیں کہو گے؟

۲۔ اِن چیزوں کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

کیا، شاعر کو انگریزی میں "poet" کہتے ہیں؟

کیا، لوگ آپ کو آوارہ کہتے ہیں؟

جی نہیں، لوگ مجھ کو آوارہ نہیں کہتے۔ آسمان کا تارا کہتے ہیں۔

۳۔ آپ ڈاکٹر سے کیا کہہ رہے تھے؟

تو مجھے اُلّو کہتا ہے؟! تو سب سے بڑا اُلّو ہے!

پاکستان کے صدر ہندوستان کے وزیرِ اعظم سے کیا کہہ سکتے ہیں؟

انگریزی میں نرگس کے پھول کو کیا کہتے ہیں؟

مجھے کچھ بھی کہو! پاگل کہو، مست کہو مگر میں تم سے پیار کرتا ہوں۔

Translate the following sentences into Urdu:

1. Why are you telling me these things?

2. Tell him, "don't go there."

3. What is "love" in Urdu?

4. What does he tell your friends?

5. What does he call your friends?

10.7 Indefinite Pronouns and Adjectives

کوئی can be used as a pronoun or an adjective and, depending on context, may mean "someone, anyone, any; approximately."

وہاں کوئی کھیل رہا ہے۔

Somebody is playing over there.

When کوئی is used as a pronoun in an affirmative sentence, then it means somebody, anybody, or a particular person. کوئی as a pronoun subject is usually singular, hence the verb remains singular too. When کوئی is used with نہیں, then it means nobody.

وہاں کوئی نہیں تھا ۔

Nobody was over there.

کوئی may also be used as an adjective, as in the following sentence:

کیا، کوئی آدمی آ رہا ہے؟

Is some man coming?

آپ کو لائبریری سے کوئی کتاب چاہیئے؟

Do you need any book from the library?

The oblique form of کوئی is کِسی.

آپ کِسی سے اس بات کے بارے میں پوچھیے۔

You ask someone concerning this matter.

Before specific numbers کوئی may also be used as an adjective meaning "some, approximately."

In this case its oblique form is the same as the nominative:

اس قمیض کی قیمت کوئی تین سو روپے تھی۔

The price of this shirt was approximately three hundred rupees.

ان پچاس سیب میں کوئی چار یا پانچ خراب ہونگے۔

Among these fifty apples, approximately four or five will be rotten.

Note: Following idiomatic usage, the noun سیب in the second sentence does not adopt its plural oblique form because a specific number -- پچاس -- precedes it.

کچھ can also be used as an indefinite pronoun or adjective. Depending on context, it may mean "something, anything; somewhat; some, any; a little."

وہاں کچھ ہے۔

There is something over there.

کچھ as an adjective means some or a few.

وہاں کچھ لڑکے کھیل رہے تھے ۔

There were some boys playing over there.

When کچھ is used with نہیں it means "nothing."

وہاں کچھ نہیں ہے۔

There is nothing over there.

When used with بھی it means "anything at all, anything whatsoever; nothing at all."

ممی ڈارلنگ آپ کو بازار سے کچھ بھی چاہیئے؟

Mummy darling, do you want anything at all from the market?

10.7 Reading and Translation Drill

۱۔ کیا، کوئی گھر میں ہے؟
کیا، کوئی وہاں جا رہا ہے؟
نہیں، وہاں کوئی نہیں جا سکتا۔
یہ کام کوئی بھی نہیں کر سکتا ہے۔

۲۔ ذرا دیکھو! کوئی بچّہ ہماری گاڑی پر ناچ رہا ہے!
کیا، یہاں کوئی لڑکی پڑھتی ہے؟
نہیں، یہاں کوئی لڑکی نہیں پڑھتی۔
کوئی بھی لڑکا وہاں نہیں جا سکتا تھا۔

۳۔ کیا، آپ یہ باتیں کِسی سے پوچھ سکتے ہیں؟
نہیں، ہم یہ باتیں کسی سے نہیں پوچھ سکتے۔
کِسی ڈاکٹر کو اُس بیمار آدمی کے گھر جانا چاہیئے ۔
یہاں بہت کام ہے۔ آج کسی کو کام کرنا ہے۔

۴۔ اُن کے گھر میں کچھ اچّھی چیزیں ہیں۔
کیا، آپ کے مکان میں کچھ سندر چیزیں ہیں؟
نہیں، ہمارے مکان میں کچھ بھی نہیں ہے۔
میں کچھ لڑکوں سے اِس کے بارے میں پوچھنا چاہتی ہوں۔
ریشما تو کیا کر رہی ہے؟ کچھ بھی نہیں ممی ڈارلنگ!

۵۔ نرگس ایک کمرے میں کسی سے میٹھی میٹھی باتیں کر رہی تھی!
یہ نہیں ہو سکتا! میں جانتی ہوں کہ اُس کمرے میں کوئی نہیں تھا!
دیوالی کے پروگرام میں کوئی دو سو لوگ تھے۔
اگلے مہینے پاکستان سے کوئی تین ہزار لوگ دُبئ کے لئے روانہ ہونگے۔

٦۔ گرمیوں میں اکثر اس ہوٹل میں کوئی نہیں ہوتا ہے۔
راج کی بلّی چیتا اکثر بیمار رہتی ہے۔
دلّی میں ہوائی آلودگی(air pollution) کی وجہ سے کچھ لوگوں کی طبیعت اکثر خراب رہتی ہے۔
دفتر کے اکثر لوگ آپ کی پارٹی میں نہیں آ سکینگے مگر کوئی بات نہیں!

Translate into idiomatic Urdu:

1. Do you need some work?
2. The poor boy is so sick on account of love that he eats nothing at all.
3. Can anyone take (use verb لے جانا) this child to the hospital? He is somewhat sick.
4. Is there any need (ضرورت) to go to Delhi?
5. I think that at night you will not be able to get any taxis from the hotel.
6. Because of air pollution, I will not stay in Los Angeles.

10.8 Fractions and Mass Measurements

Fractions

Fractions used to express quantity in Urdu are as follows:

quarter	پاؤ
half	آدھا/آدھ
3/4	پون
1 1/4	سوا
numeral + 1/4	numeral + سوا
1 1/2	ڈیڑھ
2 1/2	ڈھائی

numeral + 1/2 numeral + ساڑھے

(except for 1 1/2 and 2 1/2, see above)

Note: آدھا and پون are only used as adjectives with nouns and not with numerals.

پونے [lit. quarter less than] is used before numerals to mean three quarters.

پونے دو کیلو آم

1 3/4 kilo mangoes [lit. quarter less than two].

پونے چار گز کاٹیئے۔

Please cut 3 3/4 yards [lit. quarter less than four].

مجھے آدھی روٹی چاہیئے۔

I want half a bread.

ہمیں پون پیالی چائے چاہیئے ۔

We want 3/4 cup of tea.

Note: پونے and ساڑھے can only be used with numerals and not with nouns.

مجھے ساڑھے پانچ کیلو سیب چاہیئے ۔

I want 5 1/2 kilos of apples.

کیا، اُن کو پونے دو کیلو گوشت چاہیئے؟

Do they want 1 3/4 kilos of meat?

Review of Fractions from 1 - 4

1/4	پاؤ	1 1/4	سوا	2 1/4	سوا دو	3 1/4	سوا تین
1/2	آدھ، آدھا	1 1/2	ڈیڑھ	2 1/2	ڈھائی	3 1/2	ساڑھے تین
3/4	پون	1 3/4	پونے دو	2 3/4	پونے تین	3 3/4	پونے چار
1	ایک	2	دو	3	تین	4	چار

Note: Numbers larger than four follow the same pattern to express fractions as for the numeral 3.

Mass Measurements

In the previous chapters we have seen that mass nouns in Urdu (پانی) are treated as singular entities just like their English counterparts:

یہ پانی اچّھا ہے۔

This water is good.

Similar logic is followed for other nouns like سبزی (vegetables).

یہ سبزی اچّھی ہے۔

This vegetable is good.

The above sentence expresses the opinion that a specific type of vegetables, in mass quantity, is good. If you want to express that more than one kind of vegetables are good, then سبزی should be expressed in plural form:

یہ سبزیاں اچّھی ہیں۔

These vegetables (different kinds) are good.

As far as specific measurements are concerned, the words used to express measurements immediately precede the thing that is being measured.

ایک پیالی چینی۔

One cup (of) sugar.

دو چمچے نمک۔

Two spoons (of) salt.

Note that Urdu disposes of any possessive postpositions that are the equivalent of the English

"of."

10.9 Telling Time in Fractions

12:45	پون بجا ہے۔
1:00	ایک بجا ہے۔
1:15	سوا بجا ہے یا سوا ایک بجا ہے۔
1:30	ڈیڑھ بجا ہے۔
1:45	پونے دو بجے ہیں۔
2:00	دو بجے ہیں۔
2:15	سوا دو بجے ہیں۔
2:30	ڈھائی بجے ہیں۔
2:45	پونے تین بجے ہیں۔
3:00	تین بجے ہیں۔
3:15	سوا تین بجے ہیں۔
3:30	ساڑھے تین بجے ہیں۔

The pattern is regular from 3:30 to 12:30.

As we have seen in Chapter 9, the past participle of بجنا (بجا/بجے) is used as the Urdu equivalent of o'clock. As long as the base number is 1, time is expressed as بجا, that is, in the singular. Note that 30 minutes past the hour is expressed through ساڑھے except in the case of 1:30 (ڈیڑھ) and 2:30 (ڈھائی). To express am or pm, times of the day such as صبح, دو پہر, شام, and رات are used.

دو پہر (کے) پونے دو بجے۔ 1:45 pm

Write out the following times in Urdu:

5:45 pm, 6.30 am, 7:15 am, 12:45 am, 2:30 am, 2:45 pm, 1:15 pm, 8:00 am, 1:30 am, 11:45 pm

10.9 Reading and Translation Drill

۱۔ مجھ کو پاؤ کیلو چاول چاہیئے۔
کیا، آپ کو آدھ کیلو چینی چاہیئے؟
جی نہیں، مجھ کو پون کیلو چینی چاہیئے۔
ہم کو سوا دو کیلو پیاز چاہیئے۔

۲۔ سنیئے، کیا یہاں ڈیڑھ کیلو مِرچ مِل سکتی ہے؟
معاف کیجیئے، آپ کو یہاں ڈیڑھ کیلو مرچ نہیں مِل سکتی۔ یہ مٹھائی کی دکان ہے!
میں ساڑھے پانچ کیلو پھل خریدنا چاہتا ہوں۔
کیا، آپ بھی ساڑھے پانچ کیلو پھل خریدنا چاہتے ہیں؟

۳۔ اُن لڑکیوں کو پونے آٹھ کیلو سیب چاہیئے۔
ہمیں آدھ کیلو سبزی چاہیئے۔
کیا، تمہیں چار پیالی دودھ چاہیئے؟
نہیں، مجھے صرف چار چمچے دودھ چاہیئے۔

Answer the following questions in complete Urdu sentences:

۱۔ آپ ہالی ووڈ میں کس کو جانتے ہیں؟
۲۔ کیا، آپ سنسکرت جانتے ہیں؟
۳۔ کیا وقت ہے؟
۴۔ کیا، آپ کو امریکہ کے صدر کا نام معلوم ہے؟
۵۔ کیا، آپ کے دوست کو اِلزبیتھ ٹیلر کے گھر کا پتا معلوم ہے؟
۶۔ کیا، آپ کو گاڑی چلانی آتی ہے؟
۷۔ کوئی آپ کو اُلّو بنا سکتا ہے؟

۸۔ کیا، آپ کو تیرنا آتا ہے؟

۹۔ آپ جارج بُش سے کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟

۱۰۔ آپ بولی ووڈ میں کس سے ملنا چاہتے ہیں؟

۱۱۔ آپ یونیورسٹی میں کیا پڑھتے ہیں؟

۱۲۔ اُردو میں "student" کو کیا کہتے ہیں؟

۱۳۔ کیا، آپ کسی کے ساتھ رہتے ہیں؟

۱۴۔ آپ ہرروز ڈھائی بجے کیا کرتے ہیں؟

۱۵۔ آج کیا تاریخ ہے؟

10.10 Cardinal Numbers 61-70

۶۱ اِکسٹھ

۶۲ باسٹھ

۶۳ تِرسٹھ (تریسٹھ)

۶۴ چونسٹھ

۶۵ پینسٹھ

۶۶ چھیاسٹھ

۶۷ سرسٹھ (سڑسٹھ)

۶۸ اڑسٹھ

۶۹ اُنہتّر

۷۰ ستّر

10.11 گفتگو (Conversation)

پتاجی (ممّی سے): میری جان! کیا مجھے اور مٹھائی مِل سکتی ہے؟

ممّی: نہیں۔کیا، آپ کو معلوم نہیں کہ مٹھائی آپ کی صحّت کے لئے خراب ہے؟

پتاجی: او ہو! ہاں، مجھے یہ تو معلوم ہے۔ مگر میں کیا کر سکتا ہوں؟ مٹھائی مجھ کو بہت پسند ہے۔

نرگس: کیا، انکل بیمار ہیں؟

ممّی: نہیں، یہ بیمار نہیں ہیں۔ چار سال پہلے تمہارے انکل بہت مٹھائی کھاتے تھے اور اُس کی وجہ سے اُن کی طبیعت خراب رہتی تھی۔ دِن رات ہم ہسپتال میں گزارتے تھے۔ میں گھر کا کچھ بھی کام نہیں کر سکتی تھی۔اِن کے ڈاکٹر صاحب اب بھی کہتے ہیں کہ مٹھائی دِل کے لئے اچھّی نہیں اور اُنہیں مٹھائی نہیں کھانی چاہیئے۔

نرگس: ہاں، یہ تو سچ ہے۔ آپ کے ڈاکٹر کون ہیں؟

پتاجی: اُن کا نام انوپ سنگھ ہے۔ کیا، تم اُن کو جانتی ہو؟

نرگس: ہاں، ہاں، میں اُن کو اور اُن کی بیوی کو اچھی طرح جانتی ہوں۔ وہ دونوں بہت اچھّے انسان ہیں۔ کیا، اُن کو معلوم ہے کہ میں راج کی دوست ہوں؟

ممّی: نہیں، یہ اُن کو نہیں معلوم۔ اچھّا بیٹی، کیا تم کو گانا آتا ہے؟

نرگس: جی؟ میری آواز اچھّی نہیں، میں بچپن میں گاتی تھی مگر اب میں اچھا ناچتی ہوں اور مجھے کتھک بہت پسند ہے۔

پتاجی: واہ! کیا، تم ابھی ہمارے سامنے ناچ سکتی ہو؟

نرگس: انکل آج نہیں مگر کل میرا پروگرام ہے اور آپ لوگ اُس میں آ سکتے ہیں۔

ممّی: کل تو ہم مصروف ہیں۔ میری سہیلی بہت بیمار ہے۔ اُس سے ملنا ہے۔ اچھا بیٹی، گھر میں مٹھائی بہت ہے۔ تم یہ مٹھائی ہسپتال میں کسی کو دے سکتی ہو؟

نرگس: آنٹی ہسپتال میں کوئی بھی مٹھائی نہیں کھائے گا۔

(راج گھر میں آتا ہے)

راج: نہیں، نہیں، تم رادھا کو مٹھائی دے سکتی ہو۔ رادھا بھی بہت میٹھی ہے!

نرگس: بس راج۔ اب مجھے جانا ہے۔ تم رادھا کو مٹھائی دے سکتے ہو اور اس کی میٹھی میٹھی باتیں ہر وقت سن سکتے ہو!!

ممّی: یہ رادھا کون ہے؟ کیا، تمہاری سہیلی ہے؟

نرگس: یہ آپ راج سے پوچھیئے۔ اُس کو رادھا بہت پسند ہے۔ دیکھوراج ! ساڑھے گیارہ بجے ہیں۔ کل صبح مجھ کو کام کرنا ہے۔

راج: اچّھا، اچّھا، تم ناراض کیوں ہو؟ رادھا میٹھی نہیں۔ تم سب سے زیادہ میٹھی ہو۔اب بیٹھوگی؟

نرگس: نہیں۔ نہیں بیٹھونگی راج! اچّھا، آنٹی، انکل، میں اب جانا چاہتی ہوں۔ اِجازت چاہتی ہوں۔ ہم پھر ملینگے۔

ممّی+پتاجی: خدا حافظ بیٹی۔

راج: چلو میں بھی تمہارے ساتھ چلتا ہوں۔

نرگس: نہیں۔ رادھا کے پاس جاؤ!

10.12 Conversation Practice

Anil: Hello Usha. This is my friend Seema. We are going to buy *paan* for Seema's mother.

Usha: Yes, I know Seema. She studies with me.

Seema: How are you, Usha?

Usha: Fine, thanks. Anil, do you know how to drive a car?

Anil: No, I don't. But Seema knows how to drive a car. Where do you have to go?

Usha: I have to go to Shehla's house. She is very ill. But her house is very far and the bus

always (ہمیشہ) leaves late.

Seema: I know Shehla. She is a good friend of mine. Can we come along with you to Shehla's house?

Usha: Of course. I have to buy some fruits for Shehla. Can we all go to the fruitseller's shop?

Anil: Do you know the address of the fruitseller's shop?

Usha: Yes, it is near that big hospital.

Anil: OK, let's go after half an hour. Seema and I will be here with the car at 4:30 pm. Be ready!

10.13 Songs

۱) مجھے کچھ کہنا ہے
مجھے بھی کچھ کہنا ہے
پہلے تم! پہلے تم!
دیکھو جس طرح لکھنؤ کے دو نوابوں کی
گاڑی پہلے آپ (۴x) کر کے نکل گئی تھی
اِس طرح ہماری پہلے تم (۴x) میں یہ
مستی بھری رت نہ چلی جائے
اچھا میں کہتی ہوں۔۔۔اکثر کوئی لڑکی اس حال میں
کسی لڑکے سے سولہویں سال میں
جو کہتی ہے وہ مجھے کہنا ہے۔
اکثر کوئی لڑکا اس حال میں کسی لڑکی سے
سولہویں سال میں جو کہتا ہے، وہ مجھے کہنا ہے۔
اکثر کوئی لڑکی۔۔۔اکثر کوئی لڑکا۔۔۔اکثر کوئی لڑکی۔۔۔اس حال میں۔۔۔

۲)   ایک پیار کا نغمہ ہے
موجوں کی روانی ہے
زندگی اور کچھ بھی نہیں
تیری میری کہانی ہے
کچھ پا کر کھونا ہے
کچھ کھو کر پانا ہے
جیون کا مطلب تو آنا اور جانا ہے
دو پل کے جیون سے ایک عُمر چرانی ہے
زندگی اور کچھ بھی نہیں۔۔۔

Glossary for Songs

نواب = a lord, prince, governor (m)

موج = wave (f)

رُت = season (f)

روانی = flow, flux, going (f)

مستی بھری رُت =season filled with intoxication

جیون = life, existence; livelihood (m)

نغمہ = song, melody (m)

10.14 Vocabulary

address; hint, clue, trace (m)	پتا
to come to know; to find out	پتا چلنا
air, wind (f)	ہَوا
aerial	ہَوائی
air pollution (f)	ہَوائی آلودگی
to be/become upset, angry	ناراض ہونا
birthday (f)	سالگِرہ

to call (something a name) (use with کو)	کہنا
cup (f)	پیالی
date/history (f)	تاریخ
to drive	چلانا
to drive a car	گاڑی چلانا
to find	پانا
generally, often; most; many	اکثر
half	آدھ/آدھا
(numeral + half)	ساڑھے
kilogram	کیلو
to know	جاننا، معلوم ہونا
life, lifetime; also age (f)	عُمر
to lose	کھونا
manner, style (f)	طرح
minister (government) (m/f)	وزیر
prime minister (m/f)	وزیرِ اعظم
nobody	کوئی نہیں
nothing	کچھ نہیں
one and a quarter	سَوا
one and a half	ڈیڑھ
owl; fool; stupid (m)	اُلّو

permission (f)	اِجازت
to give permission (to leave)	اِجازت دینا
to play (an instrument)	بجانا
price, cost (f)	قیمت
purpose, intent; motive (m)	مطلب
quarter	پاؤ
question (m)	سوال
numeral less than a quarter (m)	پونے
seventy	ستّر
somebody/anybody; some	کوئی
something/anything	کُچھ
speech, word; thing (abstract); matter; affair (f)	بات
to spend time, to pass time	گُزارنا
spoon; sycophant (colloquial)(m)	چمچہ
to steal	چُرانا
sugar (f)	چینی
sweet	میٹھا
to swim	تیرنا
temperament, health (f)	طبیعت
three-quarters	پون
true (adj.); truth (m)	سچ

two and a half ڈھائی

Chapter 11

11.1 The Interrogative کیسا

The meaning of کیسا depends upon its location in the sentence. When کیسا appears before the noun it is modifying, it can be translated as "what kind of." When کیسا appears before the verb it can be translated as "how." Its oblique form کیسے is often used adverbially.

وہ کیسی لڑکیاں ہیں؟

What kind of girls are those?

وہ کیسے لڑکے تھے؟

What kind of boys were those?

آپ کی بیٹی کیسی ہے؟

How is your daughter?

وہ آپ سے کیسے ملیگا؟

How will he meet you?

Note that کیسا, when not being used adverbially, acts as a marked adjective and agrees in number and gender with the noun it modifies.

11.1 Reading and Translation Drill

۱۔ یہ کیسی سبزی ہے؟
یہ کیسا شہر ہے؟
وہ کیسے لوگ تھے؟
وہ کیسی قالینیں تھیں؟

۲۔ آپ کے والد صاحب کیسے ہیں؟
اُس لڑکی کی صحت کیسی ہے؟
اُن کے دوست کیسے تھے؟
تمہارا کتا کیسا تھا؟
۳۔ تمہیں یہ بات کیسے معلوم تھی؟
آپ اِس پُرانی کنگھی سے کیسے کنگھی کرینگے۔
وہاں ریڈیو چل رہا ہے! کتنا شور ہے! مریض کیسے آرام کر سکیں گے؟
ہمیں اس بات کا مطلب کیسے معلوم ہوگا؟

11.2 The Interrogative کتنا

کتنا, "how much, how many," like کیسا, acts like a marked adjective and agrees in gender and number with the noun it modifies.

آپ کی کلاس میں کتنی لڑکیاں ہیں؟

How many girls are in your class?

ہسپتال میں کتنے مریض تھے؟

How many patients were there in the hospital?

اُن کا گھر کتنا بڑا ہے؟

How big is their house?

کتنا can also be used in an exclamatory manner.

اُن کا گھر کتنا بڑا ہے!

Their house is so big!

11.2 Reading and Translation Drill

۱۔ آپ اس دوکان سے کتنی پیالیاں خریدنی چاہتے ہیں؟

آج ولیم کو کتنے کپڑے دھونے ہیں؟
تمہارا مکان کتنا بڑا ہے؟
تیرے کتنے دوست ہیں؟

۲۔ یہ شہر کتنا خوبصورت ہے!
وہ لڑکیاں کتنی سُندر ہیں!
ٹام کروز کتنا اچّھا اداکار ہے!
آپ کتنے خراب ہیں!

۳۔ ریشما کتنی میٹھی باتیں کر رہی ہے!
اُس فیکٹری (کارخانے) میں کتنی عورتیں کام کرتی تھیں؟
ایک ہوشیار طالبِ علم ایک سال میں کتنی کتابیں پڑھ سکتا ہے؟
اتنا کم مرغی کا سالن کتنے مہمان کھا سکیں گے؟

11.3 Expressing "To Have"

Urdu does not have the verb equivalent of the English "to have." Instead, Urdu uses three different constructions to convey the corresponding meaning of the English "to have." These constructions depend on the nature of the object possessed.

1. *Expressing human relationships, legal ownership, and parts of the body.*

In such a construction, the possessive adjectives or possessive postpositions کا، کے، کی are used with the logical subject in English. The appropriate form of the verb ہونا (in present, past, or future tenses) agrees with the object being possessed. For example:

میرے دو لڑکے ہیں۔

I have two boys.

(possessive adjective -- object of possession -- verb)

میری دس اُنگلیاں ہیں۔

I have ten fingers.

بیچارے لڑکے کا کوئی نہیں ہے۔

The poor boy has no one.

اُس آدمی کا ایک گھر تھا۔

That man had a house.

اگلے سال حسین کی بھی بیوی ہو گی۔

Next year Hussein too will have a wife.

11.3 Reading and Translation Drill (1)

۱۔ ہمارے دس دوست ہیں۔
اُن کے چار بھائی ہیں۔
اُس کی دو بہنیں ہیں۔
میری پانچ سہیلیاں ہیں۔

۲۔ تیری دو آنکھیں ہیں۔
ہماری ایک ناک ہے۔
رادھا کے دو ہاتھ ہیں۔
میرے لمبے بال ہیں۔

۳۔ کیا، تمہارا بڑا گھر ہے؟
کیا، تمہاری کوئی اولاد ہے؟
اُن کے دو پیر ہیں۔
ارے! آپ نہیں جانتے کہ اُس عورت کے تین شوہر ہیں!

۴۔ اُن کے پندرہ مکان تھے۔

کیا، آپ کی زمین تھی؟
ہماری بیس دوکانیں تھیں۔
کیا، اُس کے کوئی رشتہ دار تھے؟

2. *Expressing possession of material, movable objects.*

In order to express possession of material, movable objects, the postposition کے پاس or "near" is used with nouns or pronouns representing the logical subject in English. The verb ہونا, in all its tenses, agrees with the object being possessed. Note that several pronouns adopt their possessive forms when used with کے پاس. For example میرے پاس =میں+ کےپاس

اُس عورت کے پاس بہت پیسے ہیں۔

That woman has a lot of money.

(logical subject in English -- کے پاس -- object of possession -- verb)

کیا، آپ کے پاس یہ چیزیں ہیں؟

Do you have these things?

میرے پاس صرف دو کتابیں تھیں۔

I only had two books.

کیا، کل تمہارے پاس دکان میں مٹھائی ہوگی؟

Tomorrow you will have sweets in the shop?

11.3 Reading and Translation Drill (2)

ا۔ کیا، آپ کے پاس بہت ڈالر ہیں؟
جی نہیں، میرے پاس ایک بھی ڈالر نہیں۔
اُن کے پاس بہت پیسے ہیں۔
ہم غریب ہیں۔ ہمارے پاس ایک بھی پیسہ نہیں۔

۲۔ اُن کے پاس تین ہوائی جہاز ہیں۔
ہمارے بھائی کے پاس یہ گاڑی ہے۔
اُن کی بہن کے پاس وہ اچھی کتاب ہے۔
میرے والد کے پاس وہ خوبصورت قلم ہے۔
۳۔ دوکاندار کے پاس چینی نہیں تھی۔
بس میڈم! مجھے اور کھانا نہیں چاہیئے! میرے پاس بہت چاول ہیں!
چور کے پاس کچھ بھی پیسے نہیں تھے۔ صرف کچرا تھا!
تیرے پاس بہترین چائے ہے۔تو کہاں سے خریدتی ہے؟

3. *Expressing abstract possessions.*

As already discussed in Chapter 9, the postposition کو is used with the subject in order to convey abstract possessions.

مجھے بہت کام ہے۔

I have a lot of work.

اُس کو بُخار ہے۔

He has fever.

ہمیں فِکر تھی۔

We were worried.

اُنہیں بالکل فُرصت نہیں تھی۔

They did not have any free time at all.

نہ سونے کی وجہ سے اُن کو تھکن ہے۔

On account of not sleeping, they are tired (lit. they have tiredness/fatigue).

کیا، آپ کو اِس چیز کی ضرورت ہے؟

Do you need this thing? (Do you have the necessity of this thing?)

Note: ضرورت is feminine, hence the possessive particle preceding it will always be کی. The expression is کی ضرورت ہونا x, to have need of x.

11.3 Reading and Translation Drill (3)

۱۔ آج ہمیں بہت کام ہو گا۔

جمعرات کو اُن کو کام ہو گا۔

کیا، آپ کو پیر کو بہت کام ہے؟

نہیں، پیر کو مجھے بہت کام نہیں۔

۲۔ اُس لڑکی کو بُخار تھا۔

ہمارے لڑکے کو بہت بُخار ہے۔

میرے دوست کو بُخار ہے۔

اُن کی سہیلی کو بُخار ہے۔

۳۔ کیا، اُس کو کھانسی تھی؟

ہمیں بہت کھانسی تھی۔

اُن لڑکوں کو کھانسی ہے۔

اُس کے دوست کو کھانسی ہے۔

۴۔ اُن طالبِ علموں کو زُکام ہے۔

کیا، آپ کو زُکام تھا؟

نہیں، مجھ کو زُکام نہیں تھا۔

ہمیں بُخار ہے اور ہمارے دوستوں کو زُکام ہے۔

۵۔ اُنہیں اِس بات کی بہت فِکر تھی۔

اُس لڑکے کو ہماری بہت فِکر ہے۔

مجھے اِس بات کا بہت غم تھا۔
ہمارے لڑکوں کو اُس کا بہت غم تھا۔

Translate the following sentences into Urdu:

1. I have three brothers and one sister.

2. Do you (formal) have two eyes?

3. Bill Gates has a lot of money. People say he is the richest man in the world.

4. We will have a lot of free time. We should not spend it (گزارنا) in doing useless things.

5. They have a lot of work, but they ought to go there.

6. Nargis will also need (ضرورت) to have her teeth examined.

7. The patient doesn't have a fever but has a cough.

8. Do you have a need for a lot of love in your life?

9. I was very worried about these things.

10. Excuse me, sir. Do you sell combs? I don't have one; I want to buy a good comb.

11. The landlord in this village has a lot of land and money, but he does not help the poor.

11.4 The Possessive Adjective اپنا

When the subject of the sentence is also the possessor of a noun in that sentence, then the declinable possessive adjective اپنا is used:

میں اپنے پروفیسر سے ہر روز ملتا ہوں۔

I meet my (own) professor every day.

وہ اپنی لڑکی سے ملتی ہے۔

She meets with her (own) daughter.

مجھے اپنا کام کرنا چاہیئے۔

I ought to do my (own) work.

ہمارے لڑکے اپنے دوستوں کے ساتھ فٹبال کھیلینگے۔

Our boys will play football with their (own) friends.

Note: اپنا immediately precedes the possessed object and agrees in number and gender with the possessed object. اپنا is also used to emphasize the possessor/owner of nouns. In such circumstances, اپنا follows the possessive noun or adjective:

یہ اُس کی اپنی چیز ہے۔

This is his (very own) thing.

وائیٹ ہاؤس پریزیڈنٹ کا اپنا گھر نہیں، امریکن لوگوں کا گھر ہے۔

The White House is not the president's (own) house, it is the house of the American people.

11.4 Reading and Translation Drill

۱۔ میں اپنی گاڑی چلا رہا تھا۔

وہ اپنی کتاب پڑھ رہے تھے۔

کیا، تم وہاں اپنا کام کر سکتے تھے؟

اُن کی وجہ سے ہم اپنا گھر صاف نہیں کر سکتے تھے۔

۲۔ کیا، آپ اپنی لڑکی کو ہارورڈ بھیجنا چاہتے تھے؟

ہم اپنے لڑکوں کو برکلی بھیجنا چاہتے ہیں۔

وہ اپنے نوکر کو بازار بھیج سکتا ہے۔

تم اپنے طالبِ علموں کو اردو کی مُفید کتابیں خریدنے کے لئے کہاں بھیجو گے؟

۳۔ یہ میرا اپنا گھر نہیں۔

کیا، یہ تمہاری اپنی گاڑی ہے؟

ہم کو ہمارے اپنے قلم پسند تھے۔
اُن کو اُن کی اپنی کتابیں پسند نہیں تھیں۔

11.5 The Reflexive Pronoun خود

خود is a reflexive pronoun that refers back to the subject of the sentence in a manner similar to that of the English "self" or "selves."

میں خود پڑھتا ہوں۔

I myself study.

وہ خود وہاں جاتے ہیں۔

They themselves go there.

11.5 Reading and Translation Drill

۱۔ یہ کام میں خود کر رہا تھا۔
کیا، آپ خود وہاں رہ سکتے تھے؟
ہم تو سبزی خور ہیں۔ ہم خود شاکاہاری کھانا پکائینگے۔
اُن کو خود جانا چاہیئے۔

۲۔ اُس کو خود پڑھنا ہے۔
یہ کتابیں وہ خود پڑھ سکتا ہے۔
تم خود بھی بیکار باتیں کرتے ہو۔
بِل کلنٹن خود بھی یہاں رہتے ہیں۔

۳۔ بچّوں کی والدہ خود رو رہی تھیں۔
راج خود چور کو پکڑیگا۔
پاکستان کے صدر خود یہاں تشریف لائینگے۔
یہاں کا راجہ خود بہار میں اس خوبصورت باغ میں سیر کرتا تھا۔

Translate the following sentences into English:

1. We will eat with our friends tomorrow.

2. This is his (very own) idea.

3. Madonna herself is singing tonight.

4. Do you (informal) yourself study at Princeton?

5. I used to go to India with my family every December.

6. We do not cook meat in our house.

7. Do you yourself know how to play the piano?

8. Abid himself was helping Nilofer.

9. Their life was so busy that they themselves could not rest.

10. In his childhood, the old man had his (very own) hair and teeth.

11. Please stop (prevent) your children from playing with the flowers in the garden.

11.6 Noun + والا

When the suffix والا/والی/والے is attached to an oblique noun, it frequently signifies the doer, seller or user of that noun. In the case of place names, a construction with والا indicates the resident of a place. Several of these expressions with this suffix have idiomatic meanings that are also listed here.

Feminine	*English*	*Masculine*
پھل والی	fruit seller	پھل والا
سبزی والی	vegetable seller	سبزی والا
جوتے والی	shoe seller	جوتے والا
تانگے والی	tonga driver	تانگے والا

گاؤں والی	villager	گاؤں والا
گھر والی	wife, husband	گھر والا
کام والی	one who does work, servant	کام والا
دلّی والی	a Delhi resident	دلّی والا

یہاں بہت پھل والے رہتے ہیں۔

Many fruit sellers live here.

آپ کی گھر والی کیا کرتی ہے؟

What does your wife do?

اخباروالا روز ہمارے گھر آتا تھا۔

The newspaper man used to come to our house every day.

In some instances, the addition of the والا suffix to a noun may result in an adjective:

مجھے دودھ والی چائے پسند ہے۔

I like tea with milk.

11.7 Adjective + والا

The suffix والا can be added to adjectives in order to avoid ambiguity or to lay emphasis. In such an instance والا, like the adjective to which it is attached, will agree with the noun it is modifying.

مجھے وہ لال والی ٹوپی دیجیے۔

Please give me that red hat.

You would say this if you are pointing to the red hat as opposed to hats of other colors.

11.8 Postposition or Adverb + والا

The addition of the والا suffix to an adverb or postposition transforms it into an adjective or a

noun.

کیا، وہ اُوپر والے کمرے میں رہتا ہے؟

Does he stay in the upstairs room?

وہ باہر والی لڑکی ہے۔

She is the girl who was/is outside.

اُوپر والا ہم کو ہر وقت دیکھتا ہے۔

God (lit. The One Above) watches us all the time.

مجھے نیچے والی ساڑی دکھایئے۔

Please show me the sari that is underneath.

11.6-11.8 Reading and Translation Drill

۱۔ وہ پھل والا وہاں جائیگا۔
ہم گاؤں والے ہیں۔ ہم کو وہاں کا پتا نہیں معلوم۔
یہاں سب کام والے ہیں، بیکار نہیں۔
میں اُوپر والے سے ڈرتا ہوں۔

۲۔ یہ امریکہ والے بہت ہوشیار ہوتے ہیں۔
کیا، پاکستان والے سندر ہوتے ہیں؟
گاؤں والے اچھے ہوتے ہیں، کیا؟
شہر والے اچھے نہیں ہوتے۔

۳۔ مجھے وہ کالی والی پتلون پسند ہے۔
کیا، آپ کو یہ لال والی ساڑی پسند ہے؟
ہمیں وہ سفید والی کتاب دیجیے۔
یہ نیلا والا گھر اچھا ہے۔

۴۔ وہ اندر والی دوکان میں کام کر رہا ہے۔
کیا، تم اُوپر والے کمرے میں رہ سکوگے؟
وہ بات باہر والی لڑکیوں کو معلوم تھی۔
تم نیچے والی کھڑکی بند کرو۔
۵۔ شرمیلا پرسوں والا اخبار پڑھ رہی تھی۔
پولیس والے یہاں‌والے چوروں کو اچّھی طرح جانتے تھے۔
کیاآپ کو معلوم ہے کہ سامنے والا گھر کس کا تھا؟
میں آپ کی بیٹی کے لئےوہ چھوٹی والی کُرسی ابھی لاتا ہوں۔

11.9 Oblique Infinitive + والا

When the suffix والا is attached to the oblique infinitive it can be used in two different ways. In the first usage it indicates the performer of the action of the infinitive.

پھل بیچنے والے وہاں رہتے ہیں۔

The fruit sellers live over there.

آپ کی کام کرنے والی کہاں جا رہی ہے؟

Where is your worker going?

Note that والا will decline according to the number and gender of the performer of the action of the infinitive. In the second usage the oblique infinitive used with the والا suffix is used to denote immediate future or actions about to happen or take place. In such cases, the conjugated form of ہونا follows the والا suffix. The suffix will agree in number and gender with the subject.

میں ہندوستان جانے والا ہوں۔

I am about to go to India.

وہ کام کرنے والی ہے۔

She is about to work.

Note: In the last example above there is ambiguity in meaning. The sentence can be translated either as "She is about to work" or "She is a worker."

If the oblique infinite + والا construction is part of a phrase, it is best translated in English as a relative clause, beginning with "who," "which," or "that" as may be appropriate:

اس ہوائی جہاز میں بنگلا دیش جانے والے لوگ تھے۔

In this airplane there were people who were going to Bangladesh.

اس کے خیال میں گوشت کھانے والے آدمی کی صحت بہت اچّھی نہیں ہوتی۔

He thinks that the health of a person who eats meat is generally not good.

11.9 Reading and Translation Drill

۱۔ یہاں سبزی بیچنے والے آتے ہیں۔
کیا، آپ اُس کپڑے بیچنے والے کو جانتے ہیں؟
اب اخبار خریدنے والے آئینگے۔
کیا، پڑھنے والے لڑکے کھیل سکتے ہیں؟

۲۔ میں کھانا پکانے والا ہوں۔
وہ لڑکیاں جانے والی ہیں۔
ہمارا دوست آنے والا ہے۔
کیا، تم سونے والے ہو؟

۳۔ ابھی شیلا آپ کو ٹیلیفون کرنے والی تھی۔
بہت زیادہ شراب پینے والے آدمیوں کو یہاں سے نکالو!
زیادہ سوال پوچھنے والا وہ طالبِ علم آج کلاس میں نہیں تھا۔
دیر سے آنے والے لوگوں کو یہاں تشریف رکھنا چاہیئے۔

Translate into Urdu:

1. He is a Delhi resident and he doesn't like Mumbai. He ought to go back.
2. That fruit seller will not be able to sell shoes.
3. I am about to buy that white hat. Do you like it?
4. His family has money and they are about to go to Las Vegas.
5. Many workers will not be able to go to work tomorrow because they have the flu.
6. They are about to sell their beautiful house in Lahore.
7. There is a lot more heat and sunshine in the big room that is upstairs.
8. The woman who drives the red car used to live in that big red house.
9. The train from New York will be arriving late. It is about to leave New York now.

11.10 Cardinal Numbers 71-80

۷۱	اِکہتّر
۷۲	بہتّر
۷۳	تہتّر
۷۴	چوہتّر
۷۵	پچہتّر
۷۶	چھہتّر
۷۷	ستہتّر (ستتّر)
۷۸	اٹھتّر
۷۹	اُنیاسی (اُناسی)
۸۰	اسّی

11.11 گفتگو (Conversation)

راج: تم کیسی ہو؟ کیا، تم اپنے دوستوں کے ساتھ سنیما نہیں جا رہی ہو؟

نرگس: نہیں راج۔ آج میری طبیعت خراب ہے۔ مجھے بہت کھانسی اور بُخار ہے۔ کل رات کو میرے پیٹ میں درد بھی تھا۔

راج: کیا، تم ہسپتال چلنا چاہتی ہو؟

نرگس: ہاں مگر آج مجھے بہت کام ہے۔ کل جاؤنگی۔

راج: تم کتنی پاگل ہو! کل تو میں تمہارے ساتھ نہیں چل سکونگا۔ آج میرے پاس گاڑی ہے اور مجھے فرصت بھی ہے۔

نرگس: ہاں، ہاں، میں خود جانا چاہتی ہوں۔ مگر مجھے فرصت نہیں۔ بہت کام ہے۔

راج: تم اِس حالت میں کام کرنے والی ہو؟ میں کچھ سننا نہیں چاہتا۔ ہمیں اب ہسپتال جانا ہے! کیا، تمہارا کوئی دوست آج کام کر رہا ہے؟

نرگس: مجھے نہیں معلوم۔ اچّھا مجھ کو وہ کالے والے جوتے دو۔

(راج اور نرگس ہسپتال جاتے ہیں۔)

راج: یہ نیا ہسپتال کتنا سُندر ہے! یہاں کتنے مریض رہ سکتے ہیں؟

نرگس: کوئی دو سو۔ اچّھا، یہاں گاڑی روکو۔ میں زیادہ دور نہیں چل سکتی۔

راج: ٹھیک ہے۔ میں تمہارے پیچھے آتا ہوں۔

(راج اور نرگس، ڈاکٹر کے دفتر میں۔)

ڈاکٹر: نمستے نرگس جی۔ کیا حال ہے؟

نرگس: میری طبیعت دو دن سے ٹھیک نہیں۔ کھانسی، بُخار اور پیٹ میں بھی درد ہے۔

ڈاکٹر: میرے خیال میں فلو ہے۔ کیا، آپ کو کل رات کو درد کے ساتھ دست آ

رہے تھے؟

نرگس: ہاں۔ پیٹ میں بہت درد تھا۔ اب ذرا بہتر ہے۔

ڈاکٹر: اچھا۔ آپ اپنے خون، پاخانے اور پیشاب کا معاینہ کرائیے۔ آج کل شہر میں اِسٹوماک فلو چل رہا ہے۔ آپ کو اچھی طرح آرام کرنا چاہیئے۔

نرگس: یہ تو بہت مشکل ہوگا ۔ مجھے بہت زیادہ کام کرنا ہے۔

ڈاکٹر: کل دو انگریز میرے ہسپتال میں تھے۔ اُن کے پیٹ میں بھی بہت درد تھا۔وہ بہت پریشان تھے۔مگر آج وہ بالکل ٹھیک ہیں اور اِس وقت ٹینیس کھیل رہے ہیں۔ میں آپ کو بھی ایک اچّھی دوائی دونگا۔ آپ خود ڈاکٹر ہیں اور جانتی ہیں کہ یہ خطرناک بات نہیں ہے۔ آپ کل تک بالکل ٹھیک ہو جائینگے۔ مگر پیشاب، پاخانے اور خون کا مُعاینہ ضرور کرائیے۔

راج: ہاں، ڈاکٹر صاحب۔ مُعاینہ کرانا ہے۔ اِن کو کھانے میں کیا کھانا چاہیئے؟

ڈاکٹر: نیمبو کا شربت اور کیلے پیٹ کے درد کے لئے اچّھے ہوتے ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ چاول اور دہی بھی مُفید ہیں۔ بُخار کم ہونے کے لئے ٹائیلنول لیجیئے۔

نرگس: شکریہ ڈاکٹر صاحب۔ ہم پھر ملینگے۔

ڈاکٹر: نرگس جی، آرام کیجیئے۔زیادہ کام مت کیجیئے۔

نرگس: اچّھا، میں آرام کرونگی۔

11.12 Conversation Practice

Doctor: How are you doing today?

Anil: I have a stomach ache and severe cough. I also have a fever. Since yesterday I have diarrhea.

Doctor: Please open your mouth. Does it hurt here?

Anil: Yes, a lot!

Doctor: I think you have the flu. I'll give you medicine. Drink a lot of water and get (literally, take) rest. Drink very little milk for two or three days. It is not very good for your stomach.

Anil: Do you have a daughter?

Doctor: Yes, her name is Reena. Do you know her?

Anil: Yes, she is in my class. Sometimes both of us study in the library.

Doctor: You ought to come to our house sometime. I have two sons and you can play tennis with them. When will you be able to come?

Anil: Thanks. Can I come to your house Friday evening? Are you busy at that time?

Doctor: No, no. We are free. Eat dinner with us. What would you like to eat? My wife is from Hyderabad. She cooks Hyderabadi food very well.

Anil: I like Indian food very much, but I don't eat meat. Also I don't like very hot food.

Doctor: We also don't eat meat. We are vegetarians. Don't worry. My wife only puts a little pepper in our food. So we'll meet you Friday evening. Get (literally, take) a lot of rest.

Anil: Thank you and good-bye. We'll meet again.

11.13 Songs

۱) اچھا تو ہم چلتے ہیں
پھر کب ملو گے؟
جب تم کہو گے
جمعرات کو؟
ہاں، ہاں، آدھی رات کو
کہاں؟ وہیں جہاں کوئی آتا جاتا نہیں
تو آؤ پاس بیٹھیں پل دو پل

آج نہیں کل
کیوں کیوں؟
آج نہیں کل
یہ تو ایک بہانہ ہے
واپس گھر بھی جانا ہے
کتنی جلدی یہ دن ڈھلتے ہیں!
ہائے! ٹاٹا۔۔۔اچّھا تو ہم چلتے ہیں۔

۲) یہ دوستی، ہم نہیں توڑینگے
توڑینگے دم مگر تیرا ساتھ نہ چھوڑینگے
ارے، میری جیت تیری جیت
تیری ہار میری ہار
سن اے میرے یار
تیرا غم میرا غم
میری جان تیری جان
ایسا اپنا پیار
جان پہ بھی کھیلینگے
تیرے لئے لے لینگے
سب سے دُشمنی
یہ دوستی۔۔۔

۳) میرے من کی گنگا

اور تیرے من کی جمنا کا
بول رادھا بول سنگم ہوگا کہ نہیں
----نہیں! کبھی نہیں!
----جا! جا!
----جاؤ نہ! کیوں ستاتے ہو! ہوگا ہوگا ہوگا!

Glossary for Songs

بہانہ = excuse (m)	دُشمنی = enmity (f)
ڈھلنا = to fade, to sink, to decline	من = heart, soul, spirit; mind; intellect (m)
توڑنا = to break	گنگا = River Ganges (f)
چھوڑنا = to abandon, to give up	جمنا = River Jumna (f)
جیت = victory (f)	سنگم = union, confluence (m)
ہار = loss (f); also necklace (m)	ستانا = to tease, to torment

11.14 Vocabulary

to become well	ٹھیک ہو جانا
blood (m)	خُون
cold (illness) (m)	زُکام
comb (f)	کنگھی
to comb	کنگھی کرنا
condition (f)	حالت
to cough	کھانسنا
cough (f)	کھانسی
dangerous	خطرناک

to have diarrhea	دست آنا
ear (m)	کان
eighty	اسّی
examination (medical), investigation (m)	مُعائینہ
to have something examined (medically)	مُعائینہ کرانا
finger (f)	اُنگلی
flu (m)	نزلہ (فلو)
to go back, return	واپس جانا
hair (m)	بال
help (f)	مدد
to help	مدد کرنا
to help x	xکی مدد کرنا
land (f)	زمین
landlord (m)	زمیندار/مکان مالک
leg (m)	پیَر
mouth, face (m)	مُنھ/مُنہ
nose (f)	ناک
offspring, children (f)	اولاد
pain (m)	درد
patient (m/f)	بیمار / مریض

to pour, to place, to put	ڈالنا
to be reduced	کم ہونا
to reduce	کم کرنا
rest (m)	آرام
to rest	آرام کرنا
self (reflexive); oneself	خُود
servant (m)	نوکر
sherbet (beverage) (m)	شربت
stomach (m)	پیٹ
to stop, to prevent	روکنا
teeth (m)	دانت
thief (m)	چور
toilet/excrement/stool (m)	پاخانہ
town/city (m)	شہر
until	تک
urine (m)	پیشاب
useful, profitable	مُفید
useless/unemployed	بیکار
worried	پریشان

Chapter 12

12.1 Simple Past Tense

The simple past tense indicates an action that has been completed.

1. I went home.

2. I saw the movie.

In order to form the simple past tense in Urdu, it is essential to know whether the verb is transitive or intransitive. Intransitive verbs are those that cannot have objects such as verbs of motion. Transitive verbs, on the other hand, have objects (for example, the verb "saw" in # 2 above). In addition, there are a few verbs that are transitive in English but their Urdu counterparts are treated as intransitive. A notable instance is the verb لانا "to bring." In the same vein, there are a few transitive verbs in Urdu whose English conterparts are intransitive. The chart below should make these distinctions clear.

Common Intransitive Verbs

to forget	بُھولنا	to come	آنا
to bring	لانا	to go	جانا
to be afraid of / fear x	x سے ڈرنا	to speak / talk to x	x سے بولنا
to fight with x	x سے لڑنا	to live	جینا
to cry	رونا	to live	رہنا
to smile	مُسکرانا	to get up	اُٹھنا
to reach	پہنچنا	to rise / to awake	جاگنا

to be constructed/ become	بننا	to climb	چڑھنا
to bathe	نہانا	to meet x	x سے ملنا
to dance	ناچنا		

Intransitive when object is not expressed and transitive when the object is expressed:

to lose	ہارنا
to win	جیتنا
to understand	سمجھنا

Common Transitive Verbs

to say	کہنا	to open	کھولنا
to ask	پوچھنا	to buy	خریدنا
to do	کرنا	to sell	بیچنا
to see	دیکھنا	to sing	گانا
to eat	کھانا	to wash	دھونا
to drink	پینا	to dry x	x کو سکھانا
to keep	رکھنا	to work	کام کرنا
to read	پڑھنا	to clean	صاف کرنا
to write	لکھنا	to fix/repair	ٹھیک کرنا

Note: Urdu has a substantial number of verbs created by adding a "verbalizer" (usually کرنا and ہونا) to an adjective or noun to create a verb. For example, the Urdu equivalent of the verb "to work" is created by adding the verb کرنا to the noun کام ; the verb "to clean" is similarly created by adding کرنا to the adjective صاف. While constructions with کرنا result in the creation of transitive verbs, those with ہونا produce intransitive verbs, for example, صاف ہونا "to be

clean."

12.2 The Simple Past Tense of Intransitive Verbs

To form the simple past tense of intransitive verbs, the past participle is used. The past participle is formed in the following way:

verb stem + ا (masculine singular subject)

verb stem + ے (masculine plural subject)

verb stem + ی (feminine singular subject)

verb stem + یں (feminine plural subject)

Examples:

ناچنا "to dance"

stem: ناچ

Feminine Singular	Masculine Singular	Pronoun
ناچی	ناچا	میں
ناچی	ناچا	تو
ناچی	ناچا	یہ/وہ

Feminine Plural	Masculine Plural	Pronoun
ناچیں	ناچے	ہم
ناچیں	ناچے	تم
ناچیں	ناچے	آپ
ناچیں	ناچے	یہ/وہ

If the stem of the verb ends in ا, or و, then the consonant ی is inserted for the masculine singular past participle.

لانا "to bring"		سونا "to sleep"
stem: لا		stem: سو
لایا	Masculine Singular	سویا
لائے	Masculine Plural	سوئے
لائی	Feminine Singular	سوئی
لائیں	Feminine Plural	سوئیں

If the stem of the verb ends in ی then it is shortened in the masculine forms. No additional ی is added for the formation of the feminine past tense.

جینا "to live"

stem: جی

جیا	Masculine Singular
جیئے	Masculine Plural
جی	Feminine Singular
جیئیں	Feminine Plural

12.1-12.2 Reading and Translation Drill

۱۔ میں وہاں سے آیا۔
وہ لڑکے امریکہ سے آئے۔
وہ خوبصورت لڑکی اِس دوکان سے آئی۔
ہماری بہنیں ابھی آئیں۔

۲۔ وہ آدمی مجھ سے کیا بولا؟
وہ عورتیں ہم سے نہیں بولیں۔
کیا، تو اُن سے وہ بات بولی؟

ہماری لڑکی آپ سے کیا بولی؟

۳۔ آپ اُس گھر میں کب تک رہے؟

ہم وہاں دس بجے تک رہے۔

سیما اُس شہر میں کبھی نہیں رہی۔

احمد اُس مُلک میں صرف دو سال تک رہا۔

۴۔ تو لاہور سے میرے لئے کیا لائی؟ کچھ نہیں!

اُس کی والدہ بازار سے یہ پھل لائیں۔

کیا، آپ میری کتابیں لائیں؟

روم سروِس والا ہمارے لئے دو پیالی چائے لایا۔

12.3 The Case of جانا "To Go"

An important intransitive verb, جانا, has an irregular pattern of conjugation.

Feminine Singular	Masculine Singular
میں گئی	میں گیا
تو گئی	تو گیا
تم گئیں	تم گئے
آپ گئیں	آپ گئے
وہ گئی	وہ گیا

Feminine Plural	Masculine Plural
ہم گئیں	ہم گئے
تم گئیں	تم گئے
آپ گئیں	آپ گئے
وہ گئیں	وہ گئے

12.3 Reading and Translation Drill

۱۔ میں دو سال پہلے پاکستان گیا۔
ہماری لڑکیاں کل لاہور گئیں۔
تمہاری سہیلی کہاں گئی؟
وہ لڑکے ابھی اُس باغ میں گئے۔

۲۔ کل شام کو آپ کہاں گئے؟
ہم اُن کے ساتھ نیو یارک گئیں۔
ہمارا ہوائی جہاز پانچ گھنٹے میں بوسٹن سے سین فرنسیسکو گیا۔
نوکر سبزی خریدنے کے لئے بازار گیا۔

۳۔ نیپال کے فنکار پرسوں اپنے وطن گئے۔
صاحب، آگرہ کی ٹرین تو دس بجے گئی۔
ہم اپنا سامان لے کر ہوائی اڈّے گئے مگر ہوائی جہاز وہاں نہیں تھا۔
بھاری سامان اُٹھاکے بوڑھی عورتیں بازار سے اپنے گھر گئیں۔
زیادہ بارش کی وجہ سے روی سنیما نہیں گیا۔

12.4 The Case of ہونا "To Be, To Happen, To Become"

The verb ہونا mean to be, to happen, or to become. The past participle forms of ہونا when it means "to be" are تھا، تھے، تھی، تھیں. The past participle forms of ہونا when it means "to become" or "to happen" are :

	Singular	Plural
Masculine	ہوا	ہوئے
Feminine	ہوئی	ہوئیں

Study the examples below illustrating constructions meaning "I became happy," "You became

happy," and so on:

Feminine	*Masculine*
میں خوش ہوئی۔	میں خوش ہوا۔
تو خوش ہوئی۔	تو خوش ہوا۔
تم خوش ہوئیں۔	تم خوش ہوئے۔
آپ خوش ہوئیں۔	آپ خوش ہوئے۔
وہ/یہ خوش ہوئی	یہ/وہ خوش ہوا۔
ہم خوش ہوئیں۔	ہم خوش ہوئے۔
تم خوش ہوئیں۔	تم خوش ہوئے۔
آپ خوش ہوئیں۔	آپ خوش ہوئے۔
وہ/یہ خوش ہوئیں۔	یہ/وہ خوش ہوئے۔

Other examples of the use of ہونا are:

وہاں کام ہوا۔

Work took place there.

یہاں تماشا ہوا۔

A spectacle happened here.

12.4 Reading and Translation Drill

۱۔ میں وہاں سے اُٹھی۔

وہ خوبصورت لڑکیاں وہاں سے اُٹھیں۔

مہارانی ایلیزابیتھ اپنی کرسی سے کب اُٹھیں؟

تو یہاں سے کیوں اُٹھا؟

۲۔ ہمارا دوست اُس پیڑ پر چڑھا۔

وہ بہادر فنکار اپنا کام کرنے کے لئے قُطب مینار پر چڑھا۔
تیری سہیلی ہمالیہ پر کب چڑھی؟
ہم پانچ سال پہلے اُس پہاڑ پر چڑھے۔
۳۔ تم آج صبح کب جاگے؟
وہ عورتیں ابھی نہیں جاگیں۔
ہمارا وطن ابھی نہیں جاگا۔
کیا بُلبُل کے گیت کی وجہ سے گُل کے دل میں پیار جاگا؟
۴۔ سنیل اور علی وہاں کبھی نہیں گئے۔
کل شام کو میں بازار گیا۔
وہ اُن لڑکیوں کے ساتھ سنیما گئی۔
آپ اُس مسجد میں جُمعہ کو گئے؟
۵۔ میں بُدھ کو نہایا۔
کیا، تم آج صبح نہائے؟
وہ لڑکے چار دِن سے نہیں نہائے۔
وہ لڑکیاں کب نہائیں؟
۶۔ ہم دلّی آج صبح پہنچے۔
تم لندن کب پہنچے؟
وہ لڑکی وہاں نہیں پہنچی۔
کیا، راجیش اُن کے گھر پہنچا؟
۷۔ یہ سُن کر وہ لڑکا بہت رویا۔
اُس آدمی کی کہانی سُن کر وہ لڑکیاں بہت روئیں۔
ایلٹن جان کا گانا سُن کر شاہزادہ چارلز بہت روئے۔

کیا، وہ سب لوگ یہ کتاب پڑھ کر روئے؟

۸۔ وہ نئی عمارت کب بنی؟

اُس دعوت میں کیا کیا بنا؟

شان کانری اُس فِلم میں جیمز بانڈ بنا۔

اُس پُرانے گھر کے پاس چار نئے گھر بنے۔

۹۔ وہ شرمندہ ہوئی۔

وہ شریر لڑکی اپنی والدہ کے سامنے شرمندہ ہوئی۔

ہمارے دوست اپنے والد کے سامنے شرمندہ ہوئے۔

اُن کا دوسرا لڑکا اپنی اِس حرکت پر شرمندہ ہوا۔

۱۰۔ ہمارے بھائی ہماری اِس حرکت پر ناراض ہوئے۔

نرگس کی والدہ اُن لڑکوں کی اُس حرکت پر ناراض ہوئیں۔

میرے خیال میں، وہ لڑکا ناراض نہیں ہوا۔

جارج واشنگٹن کے والد اُن کی اِس حرکت پر ناراض ہوئے۔

۱۱۔ غالب کی شاعری سن کر وہ بہت خوش ہوئے۔

میرابائی کے بھجن سن کر وہ انگریز بہت خوش ہوا۔

پریم چند کی کہانی پڑھ کر وہ ہوشیار لڑکیاں خوش ہوئیں۔

شیکسپیئر کا وہ ڈرامہ دیکھ کر برکلی کے طالبِ علم خوش نہیں ہوئے۔

۱۲۔ میں وہاں جا کر بہت بیمار ہوا۔

کیا، وہ عورتیں امریکہ میں بیمار ہوئیں؟

بوڑھا پھل والا بیمار ہوا۔

ہمارے دوست لندن میں بیمار ہوئے۔

۱۳۔ چور کو دیکھ کر راج پریشان ہوا۔

وہاں پہنچ کر وہ لڑکیاں بہت پریشان ہوئیں۔
ہمارے ماں باپ ہماری وجہ سے پریشان ہوئے۔
چور کو دیکھ کر ہم زیادہ پریشان نہیں ہوئے۔

Translate into Urdu:

1. Having seen my friend, I became very happy.
2. Did you and your brother become ill in India?
3. Those girls became worried after seeing that thief.
4. Did those bright students go to London?
5. What time did you (formal) wake up yesterday morning?
6. Did that man get up from there?
7. Those naughty boys climbed that mango tree.
8. Did they take a bath in this house?
9. I reached Mumbai this morning but my friends reached Mumbai last night.
10. What happened in Raja's house yesterday afternoon?
11. I became very embarrassed in front of my family.
12. I don't think he became upset yesterday.

12.5 Relatives and Correlatives

Relatives and correlatives are used to create clauses that frequently join two sentences which have a common noun, pronoun, adjective, or adverb. These clauses agree in number and gender with each other. The relative clause usually precedes the correlative clause but this order is quite flexible.

(جو) آدمی گا رہا ہے، (وہ) کون ہے؟

correlative relative

Who is the man who is singing?

(وہ)کون ہے (جو) گا رہا ہے؟

relative correlative

Who is that who is singing?

(جہاں) آپ کا دل ہے(وہاں) آپ کا گھر ہے۔

Your home is where your heart is.

The following chart lists the common sets of interrogatives, relatives, and correlatives:

Interrogative	**Correlative of Proximity**	**Correlative of Distance**	**Relative**
کیا/کون	یہ	وہ	جو
oblique: کن/کس	oblique: اِس/اِن	oblique: اُس/اُن	oblique: جس/جن
who/what?	this/these	that/those	who/that/which
کب	اب	تب	جب
when?	now	then	when
کب سے	اب سے	تب سے	جب سے
since/from when?	from now	since then	from the time when
کب تک	اب تک	تب تک	جب تک
until when?	until now	until then	as long as
کہاں	یہاں	وہاں	جہاں
where?	here	there	where
کِدھر	اِدھر	اُدھر	جِدھر

in which direction? (whither?)	in this direction (hither)	in that direction (tither)	in which direction (whither)
کِتنا	اِتنا	اُتنا	جِتنا
how much/how many?	this much/this many	that much/that many	as much/as many/the extent to which
کیسا	ایسا	ویسا	جیسا
how, what kind of, in what manner?	like this, in this manner	like that, in that manner	that which, of such kind

12.5 Reading and Translation Drill

۱۔ جب تم برکلی میں پڑھ رہی تھیں، تب میں ٹیکساس میں پڑھ رہا تھا۔
جب آپ ناچ رہے تھے، تب میں گا رہی تھی۔
جب وہ پکا رہا تھا، تب میں گھر صاف کر رہا تھا۔
جب ہم سو رہے تھے، تب وہ ورزش کر رہا تھا۔

۲۔ جہاں ہم ورزش کر رہے تھے، وہاں اور کوئی ورزش نہیں کرتا تھا۔
جہاں ہم پڑھ رہے تھے، وہاں وہ کھیل رہا تھا۔
جدھر ہم جا رہے تھے، اُدھر اور کوئی نہیں تھا۔
جدھر تو جا رہا ہے، اُدھر ہم نہیں جانا چاہتے۔

۳۔ جتنا کھانا میں کھا رہا ہوں، اُتنا تم کو کھانا چاہیے۔
جتنی روٹیاں میں کھا رہی ہوں، اُتنی روٹیاں تم کو کھانی چاہییں۔
جتنے لڑکے وہاں کھیل رہے ہیں، اُتنے تو میرے گھر میں بھی کھیل سکتے ہیں۔
جتنی لڑکیوں سے تم پوچھ رہے ہو، اُتنی لڑکیوں سے میں نہیں پوچھ سکتی۔

۴۔ جس جگہ آپ کام کر رہے تھے، وہ بہت خطرناک تھی۔

جو جانور اِدھر آ رہا تھا، وہ بہت خطرناک تھا۔
جن لڑکیوں کو آپ پسند کرتے تھے، وہ اب یہاں کام نہیں کر رہی ہیں۔
جو چیز آپ کو پسند ہے، وہ خطرناک چیز ہے۔
۵۔ جو چیزیں آپ کو پسند ہیں میں وہ لاؤنگا۔
جس جگہ آپ جانا چاہتے ہیں، وہ جگہ ٹھیک نہیں۔
جن چیزوں کو آپ خریدنا چاہتے ہیں، وہ بہت مہنگی ہیں۔
جو لڑکا یہاں پڑھتا ہے، اُس کا نام علی ہے۔
پیار کرنے والے کبھی ڈرتے نہیں۔ جو ڈرتے ہیں وہ پیار کرتے نہیں۔
۶۔ جہاں میں پڑھتا ہوں، وہاں ایک مشہور لڑکی بھی پڑھتی ہے۔
جہاں ہم گاتے ہیں، وہاں وہ پڑھتی ہے۔
جدھر تم جا رہے ہو، اُدھر ایک خوبصورت عمارت ہے۔
ہمارا گھر اُدھر ہے، جدھر وہ لڑکے کھیل رہے ہیں۔
۷۔ جتنے پیسے میں چاہتا ہوں، اُتنے پیسے وہ نہیں دے سکتے۔
جتنا خوبصورت تاج محل ہے، لال قلعہ اُتنا خوبصورت نہیں۔
جتنی اچّھی چیزیں فلورِڈا میں ملتی ہیں، اُتنی اچّھی چیزیں یہاں نہیں ملتیں۔
جتنا وقت اُن کے پاس ہے، اُتنا وقت ہمارے پاس نہیں ہے۔
۸۔ جیسا آپ پکاتے ہیں، ہم ویسا نہیں پکا سکتے۔
جیسا کھانا آپ چاہتے ہیں، میں ویسا کھانا پکاؤنگی۔
جیسی چیزیں آپ کے پاس ہیں، میں ویسی چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔
جیسے طالبِ علم ہماری یونیورسٹی میں پڑھتے ہیں، ویسے طالبِ علم دوسری یونیورسٹیوں میں نہیں پڑھتے۔

Translate into Urdu:

1. My house is in that direction in which you are going.

2. He who is my friend is not your friend.

3. The things that are pleasing to those girls are not pleasing to me.

4. The receipts for these bags are right there where you are looking.

5. In this country you cannot get the kind of carpets that you want.

6. I will meet you there where no one comes or goes!

7. Ever since Lata has come to America, she has become vegetarian.

8. Until her beloved comes back home, she will cry for him day and night!

Combine the following sentences using appropriate relatives and correlatives:

Example:- لڑکی وہاں پڑھ رہی ہے۔ لڑکی میری بہن ہے۔ becomes in combination:

جو لڑکی وہاں پڑھ رہی ہے، وہ میری بہن ہے۔

۱۔ طالبِ علم ہارورڈ بزنیس اسکول میں پڑھتا ہے۔ کیا، وہ کروڑپتی بنیگا؟

۲۔ تم مُحبّت کھو سکتی ہو۔ تم مُحبّت پا بھی سکتی ہو۔

۳۔ بہادُر لڑکا خطرناک چور سے دور بھاگا۔ بہادُر لڑکے سے ملئے۔

۴۔ کھڑکی سے دھوپ آ رہی ہے۔ کھڑکی صاف نہیں۔

۵۔ لتا منگیشکر گیت گا رہی تھی۔ پچھلے سال گیت بہت مشہور تھا۔

۶۔ رِشی ٹکٹ لینے کے لئے گیا۔ قطار لمبی تھی۔

۷۔ وہاں اونچے پہاڑ ہوتے ہیں۔ وہاں بارش زیادہ ہوتی ہے۔

۸۔ وہ ہر وقت یہ کہانی سُناتی ہے۔ میں اس کہانی سے بیزار ہوں۔

۹۔ ماں اپنی چھوٹی لڑکی کو دیکھے گی۔ ماں روئے گی۔

12.6 The Particles بھی and ہی

We have already encountered the emphatic particle بھی which means "also" or "too."

میں بھی جا رہا ہوں۔

I too am going.

When بھی is used in a negative sentence, it corresponds to the English "even."

میں بھی نہیں جاؤنگا۔

Even I will not go.

بھی must immediately follow the word it is meant to emphasize.

The enclitic particle ہی is used to emphasize any element that precedes it. Used in this manner, it may often not be easily translatable in English:

اِس سال ہی میں پاکستان جاؤنگا۔

This *year* (emphatic) I will go to Pakistan.

اِس سال میں ہی پاکستان جاؤنگا۔

This year *I* (emphatic/myself/alone) will go to Pakistan.

اِس سال میں پاکستان ہی جاؤنگا۔

This year I will go to *Pakistan* only (emphatic).

اِس سال میں پاکستان جاؤنگا ہی۔

This year I will definitely *go* (emphatic) to Pakistan.

Note that ہی can sometimes correspond to the English "only."

اِس گھر میں تم ہی کام کرتے ہو۔

In this house, only you work.

ہی can also come between the noun/pronoun and the postposition that follows:

یہ آپ ہی کی کتاب ہے۔

This is *your* (emphatic) book.

or

یہ آپ کی ہی کتاب ہے۔

This is *your* (emphatic) book.

When ہی is combined with certain pronouns, it has a special form.

مجھی	=	ہی	+	مجھ
تجھی	=	ہی	+	تجھ
ہمیں	=	ہی	+	ہم
تمہیں	=	ہی	+	تم
یہی	=	ہی	+	یہ
وہی	=	ہی	+	وہ
اِسی	=	ہی	+	اِس
اُسی	=	ہی	+	اُس
اِنہیں	=	ہی	+	اِن
اُنہیں	=	ہی	+	اُن

As far as adverbs are concerned, when ہی is combined with them in a special form, they have a meaning different from the one they have when ہی is written as a separate word:

right here	یہیں	only here	یہاں ہی
right there	وہیں	only there	وہاں ہی
right now	ابھی	only now	اب ہی
right then	تبھی	only then	تب ہی

12.6 Reading and Translation Drill

۱۔ کل میں ہی کام کر رہا تھا۔
پرسوں وہی گا رہی تھی۔
یہ تمہیں کو معلوم تھا۔
یہ آپ ہی کو معلوم تھا۔

۲۔ مجھ کو یہی چیز پسند ہے۔
تم کو وہی چیز پسند تھی۔
ہم کو اِسی چیز کا نام معلوم نہیں تھا۔
اُن کو اُسی چیز کا نام معلوم نہیں تھا۔

۳۔ جان کینیڈی یہیں رہتے تھے۔
جیکی کینیڈی وہیں پڑھ رہی تھیں۔
وہ ابھی آنے والی ہے۔
یہ لڑکیاں تبھی پڑھ رہی تھیں۔

Translate into Urdu using ہی for emphasizing the italicized element in the sentence:

1. *Those* people have no free time.
2. *You* (informal) alone are my God.
3. In the big house, there was a *small* child.
4. *I* only was anxious/worried about the exam.
5. Give your heart only to *us*.
6. Sir, the carpet shop is right *there*.
7. Only *here* can you buy such beautiful flowers.

12.7 The Interrogative کونسا

The interrogative کونسا acts as a marked adjective meaning "which one" and can precede both nominative and oblique nouns. The basic difference between کون (including the oblique forms کس and کن) and کونسا is that کونسا is used to inquire about a particular thing amidst many things:

آپ کو کونسا پھل پسند ہے؟

Which (out of all these) fruit do you like?

آپ کو کونسی چیز چاہیے؟

Which thing do you need?

12.7 Reading and Translation Drill

۱۔ وہ کونسا گھر ہے جس میں امیتابھ بچّن رہتا ہے؟
آپ کو یہ خوبصورت کپڑے کونسی دوکان میں ملتے ہیں؟
تمہارے بیٹے کو کونسی مٹھائی پسند ہے؟
اُن کے دوستوں کو کونسے جوتے چاہئیں؟

۲۔ اس کتاب کے علاوہ اور کونسی کتابیں پڑھنے کے قابل ہیں۔
اِس ہوائی اڈّے پر کونسے ہوائی جہاز ٹھہرے؟
وہ فنکار کونسے فن کے لئے مشہور تھا؟
امیتابھ بچّن کی فلموں کے علاوہ آپ اور کونسی فلمیں دیکھینگے؟

12.8 Repetition of Adjectives

When non-interrogative adjectives are repeated, the repeated adjectives take on an intensified form:

وہ بُلبُل میٹھے میٹھے گیت گاتی تھی۔

That nightingale used to sing very sweet songs.

This sentence could also be expressed as:

وہ بُلبُل بہت میٹھے گیت گاتی تھی۔

Similarly:

اُن کے گھر میں اچّھی اچّھی چیزیں ہیں۔

In their house, there are very good things.

could be expressed as:

ان کے گھر میں بہت اچّھی چیزیں ہیں۔

The repetition of interrogative adjectives conveys a sense of variety:

آپ پاکستان میں کہاں کہاں جائینگے؟

Where "all" will you go in Pakistan?

اُن کے گھر میں کون کون رہتے ہیں؟

Who "all" lives in their house?

In order to repeat کونسا, the forms کون کونسا/کون کونسے/کون کونسی are used instead of کونسا.

تمہیں کون کونسی لڑکیاں پسند ہیں؟

Which are (all the) girls you like?

12.8 Reading and Translation Drill

۱۔ اُس دوکان میں بہت اچّھے اچّھے پھل ملتے ہیں۔
وہاں سستی سستی قالینیں ملتی ہیں۔
ہندوستان میں بڑی بڑی عمارتیں ہیں۔
اُن باغوں میں چھوٹے چھوٹے بچّے کھیلتے ہیں۔
۲۔ وہ لوگ لنڈن میں کہاں کہاں جائینگے؟

ہم کو یہ خوبصورت چیزیں کہاں کہاں مل سکتی ہیں؟
ہارورڈ میں کون کونسے مشہور لوگ پڑھتے ہیں؟
آپ اُس بازار میں کون کونسی چیزیں خریدنی چاہتے ہیں؟

Translate into Urdu using repeated adjectives or interrogatives:

1. What "all" will you buy for me in the market?
2. He has very beautiful houses.
3. That woman has two very small children.
4. What need is there to buy very expensive clothes?
5. Whom "all" will you meet with in Delhi?
6. Where "all" will you go when you tour Pakistan?

اِن سوالوں کے جواب دیجیئے:

۱۔ جب آپ اپنے گھر جاتے ہیں تب کیا کرتے ہیں؟
۲۔ جہاں آپ رہتے ہیں، وہاں اور کون رہتا ہے؟
۳۔ کیا، آپ کے پاس اُتنا پیسہ ہے جتنا بِل گیٹس کے پاس ہے؟
۴۔ پچھلے سال گرمیوں کی چھٹیوں میں آپ کہاں تھے؟
۵۔ آپ اپنے بچپن میں کیا کیا کرتے تھے؟
۶۔ کیا، آپ اور آپ کے دوست بچپن میں شرارتیں کرتے تھے؟
۷۔ آپ کو یونیورسٹی میں کونسی چیزیں پسند ہیں؟
۸۔ آپ اور آپ کے دوست کھانے کے لئے کہاں کہاں جاتے ہیں؟
۹۔ دس سال پہلے آپ کا خاندان کہاں رہتا تھا؟

12.9 Cardinal Numbers 81-90

۸۱ اِکیاسی

۸۲ بیاسی

۸۳ تِراسی

۸۴ چوراسی

۸۵ پچاسی

۸۶ چھِیاسی

۸۷ ستاسی

۸۸ اٹھاسی

۸۹ نواسی

۹۰ نوّے

12.10 گفتگو (Conversation)

(نرگس، راج، ریشما، روی اور رشی۔۔۔ لکھنؤ کے ہوائی اڈّے پر)

راج: دیکھو نرگس، یہ کتنی لمبی قطار ہے۔ آج کئی ہوائی جہاز ایک ساتھ جا رہے ہیں۔ ہم کو اُس قطار میں ٹھہرنا چاہیئے ۔ وہ اِس سے چھوٹی ہے۔

نرگس: ہاں راج۔ آج گرمی بھی بہت ہے۔ کیا، تمہارے پاس ہمارے ٹکٹ ہیں؟

راج: ہاں، ہاں۔ میرے پاس ہم سب کے ٹکٹ ہیں۔

ٹکٹ کلرک: کیا، آپ لوگوں کے ساتھ کچھ سامان ہے؟

نرگس: جی ہاں یہ پانچ بیکس ہیں۔

کلرک: یہ تو بہت بھاری ہیں۔ ایکسیس بیگیج دینا ہے!

نرگس: کیوں؟ ہم پانچ لوگ ہیں۔ اِتنا سامان تو ضرور لا سکتے ہیں۔

کلرک: نہیں میڈم! آج ہوائی جہاز پر بہت لوگ ہیں۔ اِتنا وزن آپ نہیں لا سکتے۔

راج: ہم ایک مہینے کے لئے جا رہے ہیں۔ دیکھیئے گرمی بہت ہے اور میری بہن پریشان ہو رہی ہے۔ یہ چار دِن سے بیمار تھی۔

ریشما: ہاں۔ میں کل ہی ہسپتال سے آئی!

کلرک: اچّھا۔ آپ کے ٹکٹ بھی ریکنفرمڈ نہیں ہیں۔

نرگس: کیا! میں خود پرسوں شہر میں ایرلائن کے دفتر پر گئی۔ یہ لیجیئے ریکنفرمیشن کی رسید ہے۔

کلرک: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ آپ لوگ جا سکتے ہیں۔

(دلّی میں ایک ٹیکسی میں)

نرگس: (ٹیکسی والے سے) ہمیں پہاڑ گنج جانا ہے۔

ٹیکسی والا: بس، اِتنا ہی سامان ہے؟

راج: ہاں، ہاں۔ کیا، تم کو پلونیا ہوٹل کا پتا معلوم ہے؟

ٹیکسی والا: ہاں صاحب، معلوم ہے۔

نرگس: راج، آج کتنی پُرانی یادیں واپس آ رہی ہیں۔ میں بچپن میں اپنے بھائی بہنوں کے ساتھ، ہر سال دلّی آتی تھی۔

راج: اچّھا!

نرگس: ہم لوگ بہت مزے کرتے تھے۔ ہمارے نانا یہاں کام کرتے تھے اور وہ ہم کو لے کر تاریخی مقامات دکھانے کے لئے جاتے تھے۔ ہماری پسندیدہ جگہ لال قلعہ تھی۔

روی: لال قلعہ کیا ہے؟

نرگس: یہ مغلوں کے زمانے کا قلعہ ہے۔ یہ بہت خوبصورت ہے۔ یہاں ہر سال پندرہ اگست کو بہت بڑا جشن ہوتا ہے کیونکہ یہ ہندوستان کی آزادی کا دن

ہے۔

رشی: لال قلعہ کے علاوہ دلّی میں اور کیا کیا دیکھنے کے قابل ہے؟

نرگس: ہُمایوں* کا مقبرہ، جامع مسجد، اِنڈیا گیٹ، برلا مندر، لودھی باغ، پرانا قلعہ، اور قُطب مینار*۔ یہ سب وہ تاریخی مقامات ہیں، جہاں ہمیں جانا چاہیئے۔ یہ اچھّے مقامات ہیں۔

ٹیکسی والا: کیا، آپ کناٹ پلیس نہیں جائینگے؟ وہاں وِمپیز ہے۔ وِمپیز میں بہت اچھّے برگرز ملتے ہیں۔ جب سے وِمپیز دِلّی میں آئی ہے تب سے امیر لوگ وہیں جاتے ہیں۔

راج: نہیں، ہم وِمپیز نہیں جائینگے۔ ہم وہاں جانا چاہتے ہیں جہاں مزیدار بریانی ملتی ہے!

ٹیکسی والا: بریانی تو آپ کو نِظام الدّین کے قریب ملیگی، صاحب۔

نرگس: ہاں، ہاں۔ ہمیں نِظام الدّین تو جانا ہے۔ راج، تم کو قوّالی بہت پسند ہے، نا؟

راج: ہاں، بہت! نُصرت فتح علی خان* تو مجھے بہت پسند ہیں۔ کیا، وہاں قوّالی ہوتی ہے؟

نرگس: ہاں، ہر جمعرات کی شام کو وہاں قوّالی ہوتی ہے۔ وہاں نِظام الدّین اولیاء* کا مزار ہے۔

راج: کیا یہ وہی نِظام الدّین ہیں جو ہندوستان کے بہت بڑے صوفی بُزُرگ تھے؟

نرگس: ہاں، ہاں، یہ وہی تو ہیں۔ اور اُن کے مزار کے قریب ہندوستان کے دو مشہور شاعروں، امیر خُسرو* اور مرزا غالِب* کی قبریں بھی ہیں۔

رشی: کل جُمعرات ہے۔ ہمیں تو وہاں ضرور جانا چاہیئے!

ٹیکسی والا: صاحب، یہ آپ کا ہوٹل ہے۔

راج: تمہارا بہت، بہت شکریہ۔ کتنے پیسے دینے ہیں؟

ٹیکسی والا:	چار سو روپے صاحب۔

راج:	یہ تو بہت زیادہ ہے۔ ہم تو ہر وقت تین سو روپے دیتے ہیں۔

ٹیکسی والا:	ارے نہیں صاحب۔ یہ تو بہت کم ہیں۔ آج کل پیٹرول بھی بہت مہنگا ہے۔
میرے چار بچّے ہیں۔ مجھے اُن کو بھی پالنا ہے۔

نرگس:	ٹھیک ہے۔ کیا، تم ہر روز ہمارے ساتھ چل سکتے ہو؟ کیا تم کو سب تاریخی
مقامات کے پتے معلوم ہیں؟

ٹیکسی والا:	جی ہاں۔ مجھے سب مقامات کے پتے معلوم ہیں۔ میں کل صبح آؤنگا۔

نرگس:	اچھا، شکریہ، کل ملینگے۔

Notes

ہُمایوں : Humayun, Mughal Emperor, died 1556.

قُطب مینار: Qutub Minar; victory tower in Delhi built in the 13th century by the ruler Qutub ad-Din Aibak

نُصرت فتح علی خان : Nusrat Fateh Ali Khan, renowned qawwali perfomer; died 1997.

نِظام الدین اولیاء : Nizam ad-Din Auliya, famous Muslim mystic of Delhi; died 1325.

امیر خُسرو: Amir Khusraw, a Persian poet who lived in Delhi, popularly considered to be a pioneer poet in Hindi; disciple of Nizam ad-Din Auliya; died 1326.

مِرزا غالِب: Mirza Ghalib, a prominent Persian and Urdu poet; died in Delhi in 1869.

12.11 Conversation Practice

Anil: This is such a beautiful restaurant. Who is the beautiful woman who is singing?

Sonia: The woman who is singing is Anuradha. She is very famous. She and I used to study together in college.

Renu: Really? To which college did you both go?

Sonia: We went to Amherst College. As long as I was in college, I used to listen to her every week.

Renu: Did your parents live in the United States at that time?

Anil: No, both our families used to live in India at that time. Only both of us were in this country.

Renu: My family used to live in India five years ago, but now they also live here.

Waiter: What would you people like to eat?

Renu: The food here is very good. (use emphatic ہی)

Anil: What "all" do you like here?

Renu: Their dosas are delicious. I also like their tanduri chicken.

Sonia: I don't eat meat. I would like a dosa and a mango lassi.

Anil: I would like a plate of tanduri chicken.

Renu: I will get a dosa too.

Sonia: After we eat, we ought to go to a movie. Yesterday I was about to go to the new Madhuri movie but I did not have a car. My brother was going to New York.

Anil: Yes, I like Madhuri very much. Is the theater very far from here?

Renu: No, no. The theater is very near. But there is always a long line in front of the theater. For this reason we ought to go before 9 o'clock.

12.12 Songs

۱) اے میری زہرہ جبیں، تجھے معلوم نہیں
تو ابھی تک ہے حسیں اور میں جواں
تجھ پہ قربان میری جان میری جاں

یہ شوخیاں، یہ بانکپن، جو تجھ میں ہے کہیں نہیں
دلوں کو جیتنے کا فن، جو تجھ میں ہے کہیں نہیں
میں تیری آنکھوں میں پا گیا دو جہاں۔

۲) میرے سپنوں کی رانی کب آئیگی تو؟
آئی رُت مستانی کب آئیگی تو؟
بیتی جائے زندگانی کب آئیگی تو؟
چلی آ تو چلی آ!
پیار کی گلیاں، باغوں کی کلیاں
سب رنگ رلیاں پوچھ رہی ہیں
گیت پنگھٹ پہ کس دن گائیگی تو؟

۳) عشق بِنا کیا مرنا یارا
عشق بِنا کیا جینا
گُڑ سے میٹھا عشق عشق
اِملی سے کھٹّا عشق
وعدہ پکّا عشق عشق
دھاگا کچّا عشق

Glossary for Songs

زہرہ جبین = forehead radiant as Venus

حسین = beautiful

قُربان = sacrifice, offering

گلی = alley (f)

کلی = flower bud (f)

رنگ رلیاں = rejoicings, merriment (f)

شوخیاں = coquetry, playfulness, flirting (f)

بانکپن = elegance, smartness; curvature (m)

جیتنا = to win, to conquer

فن = art, skill (m)

جہان = world (m)

رانی = queen (f)

رُت = season (f)

مستانی = intoxicating

زندگانی = life (f)

بیتنا = to pass, elapse

پنگھٹ = well, tank; place for drawing water (m)

بِنا (کے بِنا) = without

گُڑ = raw sugar, molasses (m)

اِملی = tamarind (f)

کھٹّا = sour, tart; harsh

وعدہ = promise (m)

پکّا = ripe; perfect; strong, firm; pure

دھاگا = thread (m)

کچّا = unripe, raw; rough; unstable; weak; brittle

12.13 Vocabulary

action/deed; mischief; movement; (f)	حرکت
airport (m)	ہوائی اڈّا
animal (m)	جانور
answer (m)	جواب
artist (m)	فنکار
ashamed, bashful, modest	شرمندہ
to be ashamed, bashful, etc.	شرمندہ ہونا
baggage, luggage, goods (m)	سامان
besides, moreover, in addition to	کے علاوہ
brave, courageous	بہادُر

capable, able, skillful;	قابل
worthy of (with oblique infinitive)	کے قابل
to cause or make listen, to tell; to narrate	سُنانا
celebration (m)	جشن
to climb	چڑھنا
cold (weather) (m or f)	سردی (f) / جاڑا (m)
to enjoy	مزہ کرنا
fed up	بیزار
to flee, to run away from	بھاگنا
fort (m)	قِلعہ
grave, tomb (f)	قبر
grave/tomb shrine of Sufi holy man (m)	مزار
heavy	بھاری
Hindu devotional hymn; worship (m)	بھجن
historical	تاریخی
homeland (m)	وطن
independence, freedom (f)	آزادی
invitation; feast, party (f)	دعوت
mausoleum (m)	مقبرہ

millionaire (m)	کروڑ پتی
minaret (m)	مینار
Mirabai -- a 16th century (?) poetess famous for her devotional songs to the Hindu deity Krishna	میرابائی
mischievous	شریر
mosque (f)	مسجد
mountain, hill (m)	پہاڑ
Mughal -- dynasty that ruled India from the 16th to the 19th century	مُغل
nightingale (m/f)	بُلبُل
ninety	نوّے
place (m) (plural)	مقام (مقامات)
Premchand -- prominent author of Urdu-Hindi narrative prose; died 1936	پریم چند
prince (m)	شاہزادہ
qawwali -- spiritual-mystical song recited by Muslim mystics (f)	قوالی
queen, empress (f)	مہارانی
queue/line (f)	قطار
rain (f)	بارِش
to rain	بارِش ہونا

to raise/nourish; maintain	پالنا
to protect	
receipt (f)	رسید
to return/come back	واپس آنا
revered person/ respected elder	بُزُرگ
several; some; a few	کئی
skill, art, craft (m)	فن
to smile	مُسکرانا
Sufi -- a Muslim mystic (m)	صوفی
tree, plant (m)	پیڑ
to wait; to stay	ٹھہرنا
weight (m)	وزن
to work out, to exercise	ورزِش کرنا

Chapter 13

13.1 The Simple Past Tense of Transitive Verbs

Subjects of transitive verbs in the simple past tense are marked with the particle نے. This particle puts the subject and any modifying adjective into the oblique case.

نے with Pronouns as Subjects

Although نے puts noun subjects into the oblique, in the case of pronouns *only the third person* pronouns go into the oblique. The third person plural pronoun "they" has a special oblique form with نے - اِنہوں or اُنہوں instead of the usual اِن or اُن.

I saw	میں نے دیکھا
You (least formal) saw	تو نے دیکھا
You (informal) saw	تم نے دیکھا
You (formal) saw	آپ نے دیکھا
He/she/it saw	اس نے دیکھا
We saw	ہم نے دیکھا
You (informal) saw	تم نے دیکھا
You (formal) saw	آپ نے دیکھا
They saw	انہوں نے دیکھا

Note: the oblique forms of the interrogative کون "who" before نے are کِس (singular) and کِنہوں (plural).

Verb Agreement for Transitive Verbs

The particle نے, used to mark the subject of a transitive verb in the past tense, cuts off agreement between the subject and verb. Instead the verb agrees in number and gender with the object, if it is explicitly mentioned. For example:

میں نے کتاب دیکھی۔

I saw the book.

In the above sentence the past participle of the verb is in the feminine singular form because its object, "book," is feminine singular. In this tense the gender of the subject is irrelevant for agreement for transitive verbs. Similarly, in the sentence below, the verb participle is in the masculine plural form in agreement with the object "shoes."

میں نے آپ کے جوتے دیکھے۔

I saw your shoes.

In case the object is not explicitly mentioned or is indeterminate, the participle uses the masculine singular form as its default form.

میں نے دیکھا۔

I saw.

In case the object is marked by کو (as, for example, is mandatory for direct animate or specific inanimate objects), then the verb participle also remains in the masculine singular as the particle کو cuts off agreement between object and verb.

میں نے لڑکوں کو دیکھا۔

I saw the boys.

میں نے کتاب کو دیکھا۔

I saw the book.

In both sentences above, the verb agrees with neither the subject nor the object because of the particles نے and کو which mark each of them respectively. As a consequence, the verb adopts the default form - masculine singular.

13.2 The Case of کرنا، دینا، لینا

Three of the most commonly used transitive verbs have irregular past participles: کرنا،دینا، لینا

Masculine Singular	کیا، دیا، لیا
Masculine Plural	کیئے، دیئے، لیئے /کئے، دئے، لئے
Feminine Singular	کی، دی، لی
Feminine Plural	کیں، دیں، لیں

Examples:

میں نے کام کیا۔

I worked.

(The verb agrees with object کام, masculine singular.)

اُس نے چیزیں لیں۔

He took the things.

(The verb agrees with object چیزیں, feminine plural.)

میرے والد نے مجھے کپڑے دئے(دیئے)۔

My father gave me clothes.

(The verb agrees with object کپڑے, masculine plural.)

13.3 Negating the Simple Past Tense

In order to negate the simple past tense, نہیں is placed right before the verb.

ہم وہاں نہیں گئے۔

We did not go there.

میں نے اُن لڑکیوں کو نہیں دیکھا۔

I did not see those girls.

Placing نہیں after the past participle results in an emphatic negation:

اس نے کھانا کھایا نہیں۔

He did not eat the food at all.

13.1-13.3 Reading and Translation Drill

۱۔ راج نے ایک سیب کھایا۔
سیما نے پچاس سیب کھائے۔
اُنہوں نے اور اُن کے بیٹوں نے وہ اچّھی مٹھائی کھائی۔
کیا، آپ نے کھانا کھایا؟

۲۔ میں نے اپنی گاڑی بیچی۔
اُس نے اپنا گھر بیچا۔
اُن لڑکیوں نے پچاس چیزیں خریدیں۔
تو نے یہ پھل کب خریدے؟

۳۔ کیا، اُن طالبِ علموں نے اپنے کپڑے دھوئے؟
کیا، طالبِ علموں نے اُن کپڑوں کو دھویا؟
ہم نے اپنے کپڑوں کو دھویا مگر ہم نے اُن کو نہیں سکھایا۔
آپ نے مجھ کو پھل دیئے مگر میں نے اُن کو نہیں کھایا۔

۴۔ کیا، اُن ہوشیار لڑکیوں نے وہ چیز دیکھی؟

کیا، اُن ہوشیار لڑکیوں نے اُس چیز کو دیکھا؟
حسن نے راج کو سب چیزیں دیں مگر راج نے اُن چیزوں کو دیکھا نہیں۔
امان نےاُس چیز کو راج کو دیا مگر راج نے وہ چیز نہیں دیکھی۔

۵۔ ایک امیر آدمی نے اس کو دو ہزار ڈالر دیئے۔
پچھلے سال آپ نے اپنے گھر کا کتنا کرایہ دیا؟
اُس عورت نے ڈر کر چور کو الماری میں سے سب مہنگی چیزیں دیں۔
آپ نے میرا کام کیا یا نہیں؟

۶۔ پرسوں میں نے آپ کا بہت اِنتظار کیا۔
انہوں نے ایک بجے تک ہوائی جہاز کا انتظار کیا۔
تم یہاں میرا انتظار کرو! میں ابھی آتا ہوں۔
کسی آدمی نے بہت دیر تک اُس حسین عورت کا انتظار کیا۔

۷۔ کیا!تو نے مجھے پہچانا نہیں؟
اُس چور نے اپنے وکیل کو نہیں پہچانا۔
مُنیر نے بھیڑ میں شاہزادے چارلس کو پہچانا۔
اردو کے اس ہوشیار طالبِ علم نے ہزاروں شعروں میں سے مرزا غالب کے شعر کو پہچانا۔

Translate the following sentences into Urdu. Pay special attention to transitive and intransitive verbs.

1. Yesterday, my friend and I came from school at 4:00 pm.
2. Did you dance with your friend last Saturday?
3. Having seen the ghost, all the boys were frightened.
4. He went home with his brother.

5. When did you wake up this morning?

6. In my opinion, you did not do a lot of work.

7. Did that little boy smile? Poor fellow, he was very sick yesterday. He had a high fever.

8. At what time did they reach Islamabad?

9. I don't know about them but I reached Islamabad at 3:30 pm.

10. Did you (least formal) understand?

11. With whom did she dance? I don't know; there was a big crowd at the party.

12. I washed the clothes but I did not dry them.

13. Did you (informal) drink tea? No, I don't like tea.

14. They asked me a question but I did not reply (i.e., give an answer).

15. What "all" did you write in the letter?

16. London is very expensive. I bought only two things.

17. Where did the President of America give his speech last night? On T.V.?

18. His friend gave him a lot of things for his birthday.

19. Did they fix (ٹھیک کرنا) your telephone?

20. We cleaned our house because my brother is coming home tonight.

Change the tenses in the following sentences into the simple past tense, inserting نے when necessary, and then translate them into English. For example: ہم کل سنیما جائینگے "We will go to the movies tomorrow" will become ہم کل سنیما گئے "We went to the movies yesterday."

۱۔ گاؤں والے کپڑے دھو رہے ہیں۔

۲۔ کیا، وہ چھوٹا لڑکا پیڑ پر چڑھ رہا ہے؟

۳۔ ہم اپنے خاندان کے ساتھ آئینگے

۴۔ شیلا اُس چیز کو دیکھ رہی ہے۔

۵۔ آپ جرمنی سے ہمارے لئے کیا کیا لائینگے؟

۶۔ تم اپنے گاؤں کب جاؤگے؟

۷۔ کیا، آپ کی لڑکی روتی ہے؟

۸۔ میں چاول اور سالن کھاؤنگا۔

۹۔ روی اور نیل شراب نہیں پیتے ہیں۔

۱۰۔ کیا، راج نرگس سے لڑتا ہے؟

۱۱۔ اس کام کو کرنے میں تم کیوں دیر کر رہی ہو؟

۱۲۔ میرے خیال میں وہ لڑکی بھوت نہیں دیکھ سکتی۔

13.4 The Present Perfect Tense

The simple past tense is used to denote past actions that are completed. If these completed actions are connected to or have bearing upon the present, then the present perfect tense is used.

Simple Past Tense:

وہ ہندوستان سے آیا۔

He came from India.

(Action completed in the past)

Present Perfect Tense:

وہ ہندوستان سے آیا ہے۔

He has come from India.

(Action completed but still relevant to the present)

In order to form the present perfect tense, the past participle of the verb is followed by the appropriate present tense of the verb ہونا that agrees with the subject of the verb (in case of

intransitive verbs) or the object of the verb (in case of transitive verbs).

	Masculine	Feminine
I have come	میں آیا ہوں	میں آئی ہوں
You (least formal) have come	تو آیا ہے	تو آئی ہے
You (informal) have come	تم آئے ہو	تم آئی ہو
You (formal) have come	آپ آئے ہیں	آپ آئی ہیں
He/She/It has come	وہ آیا ہے	وہ آئی ہے
We have come	ہم آئے ہیں	ہم آئی ہیں /ہم آئے ہیں
You (informal) have come	تم آئے ہو	تم آئی ہو
You (formal) have come	آپ آئے ہیں	آپ آئی ہیں
They have come	وہ آئے ہیں	وہ آئی ہیں

Note: for the feminine plural, the feminine past participle is not nasalized, e.g., عورتیں آئی ہیں

Examples:

Intransitive Present Perfect Tense (verb agreeing with the subject)

علی باہر گیا ہے۔

Ali has gone out.

شیلا اور ریشما باہر گئی ہیں۔

Sheila and Reshma have gone out.

Transitive Present Perfect Tense (verb agreeing with the object)

راج نے دکان سے کتابیں خریدی ہیں۔

Raj has bought books from the shop.

(verb agreeing with feminine object کتاب)

نرگس نے ریشما کو پینے کے لئے دودھ دیا ہے۔

Nargis has given Reshma milk to drink.

(verb agreeing with masculine object دودھ)

13.4 Reading and Translation Drill

۱۔ سلیم وہاں گیا ہے۔

شہلا آج ہی دِلّی سے واپس آئی ہے۔

میں ابھی نہیں جاگی ہوں۔

ہم بالکل عجیب ملک میں آئے ہیں۔

۲۔ یہ ڈاک کب آئی ہے؟

وہ ڈاک ابھی گاؤں سے آئی ہے۔

میرے خیال میں یہ ڈاک اُس چھوٹے ڈاکخانے سے آئی ہے۔

کیا، آپ نے اپنی آج کی ڈاک پڑھی ہے؟

۳۔ ہمارے دوست نے دلّی کی عدالت نہیں دیکھی ہے۔

کیا، تو نے لاہور کا ہوائی اڈّا دیکھا ہے؟

میں نے ہوائی جہاز میں سفر نہیں کیا ہے۔

وہ وکیل ابھی ہوائی اڈّے سے عدالت گیا ہے۔

۴۔ اُس مُجرِم نے لاہور کے قیدخانے میں کیا کھایا ہے؟

اُن مُجرموں نے قیدخانے میں گرم گرم روٹیاں کھائی ہیں۔

علی نے اب تک چائے بھی نہیں پی ہے۔

راجہ نے شاد کے اِنتظار میں چائے نہیں پی ہے۔

میں نے اپنے دوست کے اِنتظار میں کھانا نہیں کھایا ہے۔

تم نے اُس عجیب شہر میں کیا کیا خریدا ہے؟

۵۔ میں نے سُنا ہے کہ کل رات کو امیک نے اپنی الماری میں ایک بھوت دیکھا۔
میں نے سُنا ہے کہ اس کروڑپتی نے اپنے شاندار گھر کو بڑھایا ہے۔
میں نے سُنا ہے کہ حکومت نے آزادی کے دِن ایک شاندار دعوت کی۔
میں نے سُنا ہے کہ ہندوستان کے وزیر اعظم نے لال قلعہ سے ایک تقریر کی ہے۔

13.5 The Past Perfect Tense

As in English, the past perfect tense emphasizes actions completed at a given point in time in the past.

علی بھی آیا تھا۔

Ali too had come.

راج نے مٹھائی کھائی تھی۔

Raj had eaten the sweets.

As in the present perfect tense, the past perfect tense is formed with the past participle of the verb. However, instead of using the present tense of the verb ہونا as an auxiliary, this construction uses the past tense auxiliary form of ہونا namely, تھا, and its variants. Again, the participle and its auxiliary have to agree with the subject of the intransitive verb or the object of the transitive verb:

ہیر اور رانجھا اِس گاؤں میں رہے تھے۔

Hir and Ranjha had lived in this village.

ہیر اور رانجھا نے ایک آم کھایا تھا۔

Hir and Ranjha had eaten a mango.

13.5 Reading and Translation Drill

۱۔ شاہ جہاں نے تاج محل بنوایا تھا۔
اورنگزیب نے بادشاہی مسجد بنوائی تھی۔
کیا، جارج واشنگٹن نے وائیٹ ہاؤس بنوایا تھا؟
نہیں، میرے خیال میں جان ایڈمز نے وہ عمارت بنوائی تھی۔

۲۔ آپ کی بہن نے کل رات کی دعوت کے لئے کیا بنایا تھا؟
میری بہن نے کل سموسے اور پکوڑے بنائے تھے۔
کیا، اُس آدمی نے مزیدار مٹھائی بنائی تھی؟
جی نہیں۔ اُس نے کچھ خاص مٹھائی نہیں بنائی تھی۔

۳۔ ہم ہندوستان اُس وقت نہیں گئے تھے۔
کیا، اُس مشہور اداکارہ نے وہاں کی خاص چائے پی تھی؟
جی نہیں، اُس مشہور اداکارہ نے آم کا خاص جوس (مینگو مِلک شیک) پیا تھا۔
مجھے لسّی نہیں پسند۔ میں نے وہاں پھل کا رس پیا تھا۔

۴۔ پولیس نے چالاک چور کو پکڑا تھا۔
عدالت میں جج صاحب نے خطرناک مُجرم سے بہت سوال پوچھے تھے۔
چالاک وکیل نے مُجرم سے قیدخانے کی حالت کے بارے میں بات کی تھی۔
جن چوروں نے اس بینک کی چوری کی تھی، وہ بہت چالاک تھے۔

۵۔ جب اس کو اِن باتوں کی معلومات ہوئی تھیں تب وہ بہت شرمندہ ہوا تھا۔
کل مُنیر نے دعوت میں آنے والے بچّوں کے ساتھ مذاق کیا تھا۔
بچپن میں وہ بہادر آدمی ہمالیہ پر چڑھا تھا۔
میرے پروفیسر نے اپنی زندگی کی کہانی دُہرائی تھی۔

13.6 Cardinal Numbers 91-100

۹۱۔ اِکیانوے

۹۲۔ بانوے

۹۳۔ ترانوے

۹۴۔ چورانوے

۹۵۔ پچانوے

۹۶۔ چھیانوے

۹۷۔ ستانوے

۹۸۔ اٹھانوے

۹۹۔ ننانوے

۱۰۰۔ سو

13.7 گفتگو (Conversation)

(نرگس، راج، روی، رشی اور ریشما دلّی کی ہوٹل میں)

دروازے پر دستک۔۔۔

نرگس: کون ہے؟

روم سروس والا: نمستے میم صاحب۔ ہم آپ کی چائے لائے ہیں۔

راج: اِتنی صبح! کیا، اِن لوگوں کا دماغ خراب ہے؟ (روم سروس والے سے)۔ ہم ابھی سو رہے ہیں۔ بعد میں آؤ۔

نرگس: راج! دس بج رہے ہیں۔ ہم کو جلدی اُٹھنا چاہیئے ۔ ورنہ گرمی بہت بڑھیگی۔

راج: تم کب جاگیں؟

نرگس: میں رات میں سوئی نہیں۔ میرے سر میں بہت درد تھا۔

راج: تم نے کچھ دوائی کھائی ہے؟ میرے سوٹکیس میں ایسپرن ہے۔

نرگس: نہیں۔ اب تو میں ٹھیک ہوں۔ تم جلدی اُٹھو، نہاؤ اور پھر ہم لال قلعہ جا سکتے ہیں۔ ریشما، رشی اور روی، تم لوگ بھی اُٹھو۔ بہت دیر ہو رہی ہے۔

ریشما: او دیدی! میں اور سونا چاہتی ہوں۔ آپ اور راج بھیّا جا سکتے ہیں۔ مجھے تاریخی جگہوں سے بالکل دلچسپی نہیں۔ دیکھیئے روی بھیّا اور رشی بھیّا کو کتنی تھکن ہے۔ وہ دونوں تو آنکھیں بھی نہیں کھول سکتے!

رشی: او ہو! صُبح صُبح اتنا شور! ہمیں اور سونا ہے!

روی: رِشی بالکل ٹھیک کہتا ہے۔ تم لوگ جاؤ! ہم بعد میں سیر کرینگے۔

نرگس: کیا، تم دلّی سونے کے لئے آئے ہو؟ اچّھا، ٹھیک ہے۔ ہم دونوں جائینگے۔

روم سروس والا: میڈم! کیا آپ کو چائے چاہیئے؟

نرگس: ہاں، ہم بیس مِنٹ میں نیچے آئینگے۔

(نرگس اور راج ٹیکسی میں)

نرگس: ہم کو لال قلعہ جانا ہے۔

ٹیکسی والا: اچّھا! آج اُدھر بہت بھیڑ ہے۔ میں اُدھر تھوڑی دیر پہلے ہی گیا تھا۔

راج: کیا، کوئی خاص بات ہے؟

ٹیکسی والا: ہاں صاحب۔ آج جُمعہ ہے۔ لال قِلعہ کے پاس جامعہ مسجد ہے اور وہاں سب مُسلمان آج دو پہر کو نماز پڑھتے ہیں۔ کیا، لال قِلعہ جانا ضروری ہے؟

نرگس: کیا؟! ہاں بالکل ضروری ہے۔ اُس کے بعد ہم جامعہ مسجد بھی جائینگے۔ وہ بھی دیکھنے کے قابل ہے۔

ٹیکسی والا: ہاں۔ یہ مغلوں کے زمانے کی عمارتیں ہیں۔ یہ عمارتیں مغل بادشاہ شاہ جہاں نے بنوائی ہیں۔ کیا، آپ کو یہ معلوم تھا؟

نرگس: ہاں۔ میں نے ہندوستان کی تاریخ پڑھی ہے۔ مجھے تاریخی مقامات بہت پسند ہیں۔

راج: کیا، دلّی میں چڑیا گھر نہیں ہے؟

نرگس: کیا؟ تم چڑیا گھر جاؤ گے؟

راج: کیوں نہیں؟

نرگس: ہاں، ہاں۔ مجھے معلوم ہے۔ تمہارا خاندان وہیں تو رہتا ہے۔ اُن سے مِلنا بہت ضروری ہے۔

راج: کیا؟!

نرگس: ارے، بُرا مت مانو۔ میں تو مذاق کر رہی ہوں۔ تم بھی تو ہر وقت مذاق کرتے ہو!

ٹیکسی والا: لو صاحب۔ یہ ہے لال قِلعہ۔ کتنا شاندار ہے!

راج: واہ! کیا چیز ہے!

نرگس: دیکھو راج۔ ۱۹۴۷ء میں، ہندوستان آزاد ہوا۔ ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم، جواہر لال نہرو نے آزادی کے دِن یہیں سے تقریر کی تھی۔ ایک زمانے میں یہاں مغل بادشاہ رہتے تھے۔ اُس کے بعد انگریزوں نے یہاں سے حکومت کی۔

ٹیکسی والا: آپ کی بہت معلومات ہیں۔ آپ لوگ یہاں کب تک رہینگے؟

راج: ہم یہاں دو بجے تک رہینگے۔ اُس کے بعد ہم جامعہ مسجد جائینگے۔

ٹیکسی والا: اچّھا۔ میں دو بجے یہاں آپ کا انتظار کرونگا۔ صاحب آج تو دھوپ بہت تیز ہے۔ کیا، آپ اپنی ٹوپی نہیں لائے ہیں؟

راج: ہاں۔ میں ٹوپی لایا ہوں اور ساتھ میں چھتری بھی لایا ہوں۔ وہ نرگس کے پاس ہے۔

نرگس: چلو راج۔ بہت دیر ہو رہی ہے۔ لال قلعہ بہت بڑا ہے۔ ہم کو ہوٹل جلدی واپس جانا ہے۔ کیا تمہیں یاد نہیں کہ ریشما، رشی اور روی ہوٹل میں ہمارا اِنتظار کر رہے ہیں؟

13.8 Conversation Practice

Mother: Anil! You are watching a lot of TV. Did you do your work?

Anil: Yes, mummy. I did my work, washed the clothes, and organized my room.

Mother: Did you eat the delicious samosas that I made?

Anil: Mummy! I am not hungry. I want to watch TV. This is my favorite show.

Mother: No. First eat these samosas and then drink this milk. It has bournvita (chocolate) in it.

Anil: I don't like milk. You know that. I ate two oranges and an apple.

Mother: Milk is good for your health. Look - your brother drinks five glasses of milk every morning and all the girls like him. Sunita Auntie told me yesterday that your brother is the most handsome guy in school.

Anil: Really! I did not know that. I will now drink six glasses.

Mother: Just drink one glass right now otherwise the cow will not be very happy.

13.9 Songs

۱) میرے گھر آئی ایک ننھی پری، ایک ننھی پری
چاندنی کے حسین رتھ پہ سوار
اُسکے آنے سے میرے آنگن میں
کھل اُٹھے پھول، گنگنائی بہار
دیکھ کر اُسکو جی نہیں بھرتا

چاہے دیکھوں اُسے ہزاروں بار
میں نے پوچھا اُسے کہ کون ہے تو؟
ہنس کے بولی کہ میں ہوں تیرا پیار
میں تیرے دل میں تھی ہمیشہ سے
گھر میں آئی ہوں آج پہلی بار

۲) پیار ہوا اِقرار ہوا ہے
پیار سے پھر کیوں ڈرتا ہے دل؟
کہتا ہے دل رستہ مشکل
معلوم نہیں ہے کہاں منزِل
کہو کہ اپنی پریت کا گیت نہ بدلیگا کبھی
تم بھی کہو اس راہ کا میت نہ بدلیگا کبھی
پیار جو ٹوٹا ساتھ جو چھوٹا، چاند نہ چمکیگا کبھی
راتیں دسوں دِشاؤں سے کہینگی اپنی کہانیاں
گیت ہمارے پیار کے دہرائینگی جوانیاں
میں نہ رہونگی، تم نہ رہوگے، پھر بھی رہینگی نِشانیاں

Glossary for Songs

ننھا = little, tiny, young

پری = fairy (f)

رتھ = chariot (m)

پر سوار x = riding on

آنگن = courtyard of a house (m)

اِقرار = promise; agreement; acceptance (m)

رستہ = road, path (m)

منزِل = goal, destination (f)

پریت = love; happiness, joy (f)

راہ = path, road (f)

کھِل اُٹھنا = to blossom, to flower

گنگنانا = to hum, to sing softly

جی بھرنا = to be content, to be satisfied

میت = friend, lover (m)

چمکنا = to shine, glow, glimmer

دِشا = direction (f)

13.10 Vocabulary

bad, evil, wicked	بُرا
to be affronted, to feel insulted	بُرا ماننا
beautiful	حسین
brain, mind, intellect (m)	دِماغ
to cause to be built, constructed	بنوانا
to have X built	X کو بنوانا
to cause to laugh	ہنسانا
clever, cunning, sly	چالاک
court (f)	عدالت
criminal (m)	مُجرِم
crowd (f)	بھیڑ
cupboard, cabinet (f)	الماری
to dry	سکھانا
facts, information (f)	معلومات
to fight x	x سے لڑنا
to forget	بھولنا
ghost (m)	بھوت
government (f)	حکومت

to govern	حکومت کرنا
to increase, to enlarge, to extend (intransitive)	بڑھنا
to cause to increase, enlarge (transitive; causative)	بڑھانا
interest (interesting) (f)	دِلچسپی
joke, wit; taste (m)	مذاق
journey (m)	سفر
to make a journey, to travel	سفر کرنا
juice, nectar (m)	رس
late, a long while; a long period of time, interval; lateness (f)	دیر
to delay, to be a long time	دیر کرنا
to come late	دیر سے آنا
lawyer, agent (m/f)	وکیل
to live; to be alive	جینا
to lose (a battle, contest, game)	ہارنا
mail (f)	ڈاک
moon (m)	چاند
moonlight (f)	چاندنی
Muslim ritual prayers (f)	نماز
to recite namaz	نماز پڑھنا

oath (f)	قسم
to swear by x	x کی قسم کھانا
to open	کھولنا
otherwise	ورنہ
poetry; a couplet, a verse (m)	شعر
to play the role of x	x بنّا
prison, jail (m)	قید خانہ
to recognize; to know; to perceive; to discern	پہچاننا
to repeat, to double, to fold	دُہرانا
sign, memento, souvenir (m/f)	نِشان (m)/ نِشانی (f)
special	خاص
speech, recital, statement (f)	تقریر
to give a speech	تقریر کرنا
splendid, stately, grand	شاندار
theft (f)	چوری
umbrella; canopy (f)	چھتری
village (m)	گاؤں
waiting, expectation (m)	اِنتظار
to wait for x	x کا اِنتظار کرنا
wonderful; surprising; strange	عجیب
zoo (m)	چڑیا گھر

Chapter 14

14.1 لگنا Constructions

لگنا is an intransitive verb which has a wide variety of meanings, depending on the context in which it is being used. The range of its root meanings include "to be connected to," "to be attached to," "to be fastened with or hung to," "to stick or adhere to."

اُس کی تصویر اِس دیوار پر لگی ہے۔

His picture is hanging (has been hung) on the wall.

ہندوستان کے خط پر کتنے ٹکٹ لگتے ہیں۔

How many stamps for (literally, are attached to) a letter for India?

In addition to the above examples, there are many idiomatic expressions and constructions with لگنا, some of which are introduced below.

(A) لگنا in Constructions with کو

لگنا can be used to convey feelings, sensations (hunger, thirst, fear), and perceptions (to seem, to appear). It is also employed in constructions involving objects that strike or hit the body (bullets, arrows, wounds). In these constructions, the logical subject in English is marked by کو and the verb agrees gramatically with the feelings, sensations, or objects.

آج صبح پانچ بجے مجھے بھوک لگی۔

I felt hungry at five o'clock this morning.

کیا تم کو علی اچّھا لگا؟

Did Ali seem nice to you?

راج کو لگتا ہے کہ نرگس کسی وجہ سے ناراض ہے۔

It seems to Raj that Nargis is displeased for some reason.

گرم چائے پینے کے بعد مجھے ٹھیک لگیگا۔

After drinking tea I will feel better.

مجرم کو گولی لگی۔

The criminal was struck by the bullet.

لگنا can also mean "to require," "to take (time)," "to cost" in constructions where the logical subject (in English) is marked by کو and the verb agrees in number and gender with the object:

میں گھر دیر سے آیا کیونکہ مجھے اِمیگریشن کے دفتر میں دو گھنٹے لگے۔

I came home late because it took me two hours in the Immigration office.

اُس ہوٹل میں کھانا کھانے میں بہت پیسے لگینگے۔

It will cost a lot of money to eat in that restaurant.

یہاں سے اسلام آباد پہنچنے میں کتنے گھنٹے لگینگے؟

How many hours will it take to reach Islamabad from here?

(B) Oblique Infinitive + لگنا

When لگنا follows an oblique infinitive, it conveys the sense of the commencement or beginning of the action associated with the verbal infinitive. In this construction, the verb of action always remains as the oblique infinitive and the verb لگنا agrees in number and gender with the subject. Although the "oblique infinitive + لگنا construction" occurs in all tenses, except for the present and past continuous ones, it is common to find it used in the past tense.

راج اسی ہسپتال میں کام کرنے لگا۔

Raj began to work in the same hospital.

ڈر کی وجہ سے، بچّے رونے لگے۔

The children began to cry from (on account of) fear.

ہم کل وہاں کام کرنے لگینگے۔

We will begin to work there tomorrow.

ہر روز وہ عورت دفتر سے گھر آ کر کھانا پکانے لگتی ہے۔

Every day that woman begins to cook after coming home from the office.

14.1 Reading and Translation Drill

۱۔ گاندھی جی کی تصویر اُس دیوار پر لگی ہے۔
آپ کے مُنہ پر کچھ لگا ہے۔
کل صبح ہمیں بہت بھوک لگی تھی۔
کیا، آپ کو پیاس نہیں لگی؟

۲۔ مجھے وہ لڑکی بہت خوبصورت لگی۔
کیا، تمہیں وہ فِلم اچّھی لگی؟
نہیں، مجھے انگریزی فلمیں اچّھی نہیں لگتیں۔
ہمیں صرف انگریزی شاعری اچّھی لگتی ہے۔

۳۔ اِس کتاب کو ختم کرنے کے لئے بہت دِن لگے۔
آپ کے دوست کے جانے کے بعد، آپ لوگ کیا کرنے لگے؟
میں کپڑے دھونے لگا اور شیلا گھر صاف کرنے لگی۔
میرے خیال میں اب تم کام کرنے لگو۔

۴۔ شرارت کرنے والے لڑکے اپنے ماسٹر کو دیکھ کر رونے لگے۔
جُولئیٹ رومیو کے بارے میں سوچنے لگی۔
چور اپنی ماں کی قسم کھانے لگا۔

ساڑھے بارہ بجے وہ پانچوں مسلمان نماز پڑھنے لگے۔

۵۔ مائیکل جیکسن کو دیکھ کر سب لڑکیاں چیخنے لگیں۔

لیجیئے، یہ دوائی پیجیئے۔ آپ کو ابھی کچھ منٹوں میں ٹھیک لگنے لگیگا۔

نرگس کو لگا کہ راج رادھا سے پیار کرنے لگا۔

مجھے تو لگتا ہے کہ وہ ایک بہت خطرناک چور ہے۔

Translate into idiomatic Urdu:

1. We are (feeling) very hungry. We have to eat now.

2. What all seemed beautiful to you in Agra?

3. All my friends began to go home.

4. How long (lit. how much time) does it take to go by car from Boston to New York?

5. The girl began to laugh a lot after she heard the joke.

6. The rich lady asked the washerman (دھوبی) how many days it would take to wash all the clothes.

7. Excuse me, sir, can you tell me how much a ticket to Benares would cost?

8. The boy was wounded in the head. (wound (f) = چوٹ; to be wounded = چوٹ لگنا).

9. It seems to me that in India mangoes are cheaper than apples.

10. I am not feeling well. I want to go home and sleep.

14.2 Verb Stem+ چکنا Construction

چکنا "to finish" is an intransitive verb which is never used by itself. Like the verb سکنا "to be able to, can," it must always be preceded by the stem of another verb. In such constructions, چکنا indicates the completion of the action denoted by the verbal stem which precedes it (i.e., finish doing something). Like the "oblique infinitive+ لگنا" construction, چکنا is found in all tenses,

except the present continuous and past continuous. Since it is primarily a completive auxiliary, it occurs most frequently in past tense constructions. Translations of "verb stem +چکنا" construction often incorporate the word "already" to indicate the sense of completion.

راج یہ کتاب پڑھ چکا تھا۔

Raj had already read (finished reading) this book.

وہ لڑکا اپنا دودھ پی چکا ہے۔

That boy has already drunk (finished drinking) his milk.

ہمارا نوکر گھر کا کام تین بجے تک کر چکیگا۔

Our servant will finish the house work by three o'clock.

14.2 Reading and Translation Drill

۱۔ وہ لڑکے یہ کتابیں پڑھ چکے ہیں۔
ہمارے مہمان جا چکے ہیں۔
وہ لڑکیاں پھل کھا چکی ہیں۔
میں کپڑے بدل چکی ہوں۔

۲۔ کیا، آپ اِس سے پہلے بھی پاکستان دیکھ چکے ہیں؟
مجھے لگتا ہے کہ آپ دُنیا کی سیر کر چکے ہیں۔
لڑکی اپنی والدہ کو خط بھیج چکی ہے۔
ہم اپنے صنم کو دِل دے چکے ہیں۔

۳۔ جب عورتوں نے دیکھا کہ ہم کھانا کھا چکے ہیں تو وہ خود کھانے لگیں۔
جب زمیندار وہاں پہنچا تب تک وہ محنتی کِسان سب پتّھر توڑ چکے تھے۔
جب ہم ہوائی اڈّے پر پہنچے تو ہوائی جہاز نکل چکا تھا۔
جب امول گھر پہنچ چکا تھا تو اسے میرے پیسے یاد آئے۔

Translate into Urdu:

1. I had already finished eating when he came to my house.
2. The mother asked her son, "Have you already read this book?"
3. The student had already written his essay and given it to his professor.
4. Have you already seen a movie in which Shahrukh Khan is an actor?
5. When he had already left, then I remembered his name!
6. When the teacher reached the school, the students had already gone home.
7. When Shahrukh Khan had already left my shop, I recognized him.
8. The naughty boy had already climbed up the tree.
9. When Nargis and Raj arrived at the zoo, it was already closed (to be closed= بند ہونا).
10. When the doctor examined me, the fever had already come down (use اُترنا or کم ہونا).

14.3 The Oblique Infinitive + دینا Construction

The oblique infinitive of a verb in combination with the verb دینا is used to express the idea of allowing or permitting someone to do something as well as giving permission. The infinitive always appears in its inflected form while the verb دینا agrees in number and gender with the subject.

بیمار بچّے کو سونے دیجئیے۔

Let the sick child sleep!

میرے والد صاحب مجھے ایک گاڑی خریدنے دینگے۔

My father will allow me to buy a car.

The oblique infinitive + دینا construction is considered to be transitive. Therefore, in the simple

past tense, the subject of this construction is marked with نے with the verb دینا agreeing with the object.

انہوں نے لڑکی کو کتاب نہیں پڑھنے دی۔

They did not let the girl read the book.

(verb agreeing with object "book")

14.3 Reading and Translation Drill

۱۔ میری والدہ مجھے ٹی۔ وی۔ دیکھنے دیتی ہیں۔
کیا، آپ کے والد آپ کو فٹبال دیکھنے دیتے ہیں؟
نہیں۔ ہمارے والد ہم کو صرف خبریں دیکھنے دیتے ہیں۔
شیلا کی بہن اُس کو مٹھائی نہیں کھانے دیتی۔

۲۔ تم مجھے کام کرنے دو گے یا نہیں؟
شفیق کو بُخار ہے۔ اُسے سونے دو۔
بس! اب تو مجھے رونے دیجیئے۔
راج اب تو رات کے بارہ بج رہے ہیں! نرگس کو گھر جانے دو۔
ریشما! چپ رہو! ہمیں دُنیا کے سب سے عظیم فنکار کو سننے دو!

۳۔ میرے گھر والے نے مجھے بات بھی نہیں کرنے دی۔
اُس کم بخت (wretched) مُلک کی سردی نے ہمیں باہر بھی نہ جانے دیا۔
سمیر کے باپ نے اُسے جولی سے شادی نہیں کرنے دی۔
سردار صاحب نے اپنے لڑکے کو شراب نہیں پینے دی مگر پانی پینے دیا۔

۴۔ آپ کو اپنے چھوٹے بچّوں کو سگریٹ نہیں پینے دینا چاہیئے۔
آپ کی یاد نے مجھے سونے نہیں دیا۔
اُس بہادُر لڑکی نے چور کو پیسوں کی الماری (safe) کھولنے نہیں دی۔

ممی ڈارلنگ راج کے پتا جی کو زیادہ مٹھائی کھانے نہیں دیتی ہیں۔

Translate into Urdu:

1. We will not allow our children to play outside in this cold. They can play inside the house with their toys.

2. When I go to Dubai, my friend lets me stay in his house. It is a splendid house with a pretty garden.

3. I have heard that India is a beautiful country. Let your daughter go to India.

4. His father does not allow him to stay outside after 11pm.

5. Did you let the traveller see those photographs?

14.4 Compound Verbs

(A) Verb Stem + Aspect Indicators: لینا، دینا، جانا، پڑنا، بیٹھنا، ڈالنا

A compound verb combines the stem or root of a principal verb with the conjugated form of an auxiliary verb. Frequently, the auxiliary verb loses its original lexical meaning, serving instead as an aspect indicator that connotes a nuance or aspect of the action of the main verb. For instance, an aspect indicator verb may indicate the intensity with which an act was performed, its suddeness or that it was done foolishly. There are only a handful of verbs that can serve as aspect indicators; some common aspect indicator verbs and the nuances with which they are associated are listed below. It is necessary to keep in mind the following points concerning an auxiliary verb serving as an aspect indicator:

a) The aspect indicator verb, which acts in an auxiliary mode, loses its original meaning. For example, the verb لینا "to take" when used as an aspect indicator no longer means "to take." Instead, it indicates that the action of the principal verb has taken place for the subject's benefit

or is in some manner directed toward the subject.

b) Only the aspect indicator verb inflects; the stem of the main verb remains unchanged. As auxiliary verbs, aspect indicators can be in any tense, except the continuous.

c) In the past tense, aspect indicator constructions are treated as transitive (i.e., subject will be marked by نے) only if both the aspect indicator verb and the main verb are transitive.

d) Since there are no equivalents of aspect indicators in English, accurate translations are often difficult without some elaboration.

Common Aspect Indicators

1. لینا, "to take": When لینا is used as an auxiliary verb with the stem of another verb, it conveys the meaning that the action has taken place for the subject's benefit or is in some manner directed toward the subject:

اُس نے یہ کتاب پڑھ لی۔

He read this book (for his own benefit).

مریض یہ دوائی پی لیگا۔

The patient will drink the medicine (for himself).

2. دینا, "to give": دینا as an auxiliary verb with the stem of another verb conveys the meaning that the action has been done for the benefit of someone other than the subject or directed away from the subject:

میں نے یہ کتاب پڑھ دی۔

I read this book (for someone else).

امیر لوگوں کو اپنا زیادہ پیسہ غریبوں کو دے دینا چاہیئے۔

Rich people should give away their extra money to the poor.

3. جانا, "to go": جانا may denote several aspects including the total completion of an action, the transition from one state to another, or an action that is taking place as a process:

وہ آدمی سو گیا۔

That man fell asleep.

کیا، تم کل تک وہاں پہنچ جاؤ گے؟

Will you reach there by tomorrow?

گاؤں والے لڑکے تیز بریانی کھا گئے۔

The boys from the village ate up the spicy biryani.

4. پڑنا, "to fall": This denotes a sudden or violent change of affairs or a sudden downward motion.

وہ لڑکا پیڑ پر سے گر پڑا۔

That boy fell down from the tree.

اُن کی باتیں سن کر میں ہنس پڑا۔

On hearing his talk, I burst out laughing.

5. بیٹھنا, "to sit": This is similar to پڑنا since it also denotes sudden action. بیٹھنا further implies that the reasons for the action are foolish or senseless.

وہ اپنی کتابیں کھو بیٹھا۔

He lost his books.

چھوٹی لڑکی رو بیٹھی۔

The young girl cried (without any good reason).

6. ڈالنا, "to pour, to throw down": Also indicates a violent action and further implies that the action has been completed.

کیا، آپ نے وہ کتاب پھینک ڈالی؟

Did you throw away that book?

(B) Verb Stem + پانا Construction

Not all auxiliary verbs in compound verbal formations function as aspect indicators. For instance, the verbs سکنا and چکنا are considered grammatically to be modals indicating, respectively, ability and completion. The verb پانا as an auxiliary verb also functions as a modal. It is used to underscore physical ability or capacity to perform a particular action to its completion. Stem + پانا constructions are best translated as "to manage to..." or "get a chance to..." They commonly occur in the negative. In the past tense, the subject of this construction is not marked by نے.

ہم یہ گیت نہیں گا پائے۔

We weren't able (could not manage) to sing this song.

عشق کی وجہ سے، راج سو نہیں پاتا۔

On account of love, Raj cannot (manage to) sleep.

افسوس ہے کہ میں یہ سچ وقت پر نہیں بتا پائی ۔

I regret that I could not manage to tell this truth in a timely manner.

Unlike the verbs سکنا and چکنا, the verb پانا can be used in a non-modal context, that is, on its own, in which case it means "to find" or "to get." In this situation, it functions as regular transitive verb, with the subject being marked with نے in the past tense.

آپ نے اِس کام سے کیا خوشی پائی؟

What happiness did you get from this work?

14.4 Reading and Translation Drill

۱۔ آپ کھانا کھا لیجیے، میں تو اپنے دوست کا اِنتظار کر رہا ہوں۔
اُس لڑکی نے پیڑ پر چڑھ کر پھل کھا لیئے۔
اگرچہ وہ بوڑھی ہے مگر گھر کے سب کام وہ خود ہی کر لیتی ہے۔
کیا، تم گاڑی چلا لیتے ہو؟

۲۔ کیا، آپ میرے لئے کتابیں لا دینگے؟
میں نے آپ کے لئے اچّھی چیزیں خرید دی ہیں۔
یہ نوکر ابھی آپ کا کمرہ صاف کر دیگا۔
کیا، اُس دھوبی نے ہمارے کپڑے دھو دیئے ہیں؟

۳۔ کیا، اُن کے سب رشتہ دار اُس گاڑی کے ایکسیڈینٹ میں مر گئے؟
کیا، وہ موٹا لڑکا سارا کھانا کھا گیا؟
دیکھو! وہ بلّی پیڑ پر چڑھ گئی۔
ہم یہیں بیٹھ جائینگے

۴۔ میں لال قلعہ کے اُوپر سے جامعہ مسجد نہیں دیکھ پایا۔
اُن کے ہاتھوں پر مہندی لگی تھی۔ وہ کام نہیں کر پائیں۔
کیا، تم اپنا کمرہ صاف کر پائے؟
وہ لڑکی بیمار ہو گی تھی۔ اِس وجہ سے وہ ہمارے گھر نہیں آ پائی ۔

۵۔ اُس غمناک کہانی کو سننے کے بعد، وہ لوگ رو پڑے۔
ہم سائینفیلڈ کو دیکھ کر ہنس پڑے۔
اَمر اندھیرے میں گر پڑا۔
بیچارہ ہمٹی ڈمٹی دیوار سے گر پڑیگا۔

۶۔ تم یہ کیا کر بیٹھے؟

شیلا سنیل سے محبت کر بیٹھی!
وہ پاگل آدمی ہوائی جہاز میں اُن سب مسافروں کو مار بیٹھا۔
میں اپنے ہوش کھو بیٹھی۔
۷۔ نرگس نے راج سے پیار کرکے سنیل کا دِل توڑ ڈالا۔
اُس چور نے سب گھر والوں کو مار ڈالا۔
ہمارے شریر لڑکے نے سب کھلونے توڑ ڈالے۔
میری تصویر کو کس نے پھینک ڈالا؟

Translate the following into Urdu using appropriate aspect indicators:

1. We have cleaned the house (for our own benefit).
2. Have you written the letter (for someone else)?
3. We are not hungry. Please eat these sweets (for your own benefit).
4. All his friends died (abruptly).
5. He lost all his best toys (foolishly).
6. Look (for yourself). I have nothing in my hands.
7. Will you be able to take all your toys in this small box?
8. The traveller came home and fell asleep.
9. Nargis ought to have her blood tested (to get X tested = کا معائنہ کرانا X).
10. The cunning thief stole all the traveller's money.
11. I understood what he had to say (use اس کی بات) (completely).
12. Because of a bad cough, he could not (manage to) eat his food (use پانا).
13. He is so busy that he will not get a chance (use پانا) to go to the hospital to see his mother.

14.5 Introduction to the Subjunctive

The subjunctive form of a verb is commonly used in situations expressing uncertainty, possibility, desire, or wish. In addition, it is used in a variety of other circumstances, some of which are described below. Subjunctives are formed in a manner similar to that of the future tense except the suffix گا، گے، گی of the future is dropped.

Plural	*Singular*
ہم دیکھیں	میں دیکھوں
	تو دیکھے
تم دیکھو	تم دیکھو
آپ دیکھیں	آپ دیکھیں
یہ،وہ دیکھیں	یہ،وہ دیکھے

Unlike other tenses, the subjunctive form of the verb distinguishes number (singular and plural) but not gender. For the negative, the subjunctive uses the particle نہ usually placed before the verb.

شاید وہ کھانا نہ پکا سکیں۔

Perhaps he is not able to cook food.

Common Uses for the Subjunctive

1. *Asking Permission (with first person)*

میں دیکھوں؟

May [should, shall] I see?

ہم جائیں؟

May [should, shall] we go?

کیا، میں سبزی کاٹوں؟

May [should, shall] I cut the vegetables?

2. *Suggestions/Indirect Commands/Reporting of Commands/Polite Imperative*

آپ ہمارے گھر تشریف لائیں۔

Please come to our house.

آپ کچھ کھانا کھائیں۔

Please eat some food.

بازار چلیں۔

Let's go to the market.

پتاجی سے کہو کہ وہ زیادہ مٹھائی نہ کھائیں۔

Tell father that he should not eat too many sweets.

3. *Desire/Wish*

تم سوا سو برس سلامت رہو۔

May you live for 125 years (A common blessing that the elderly in South Asia give).

خدا آپ کو کامیابی دے!

May God grant you (give you) success!

خوش رہو میری بیٹی!

May you remain happy, my daughter!

4. *With specific adverbs and phrases denoting desirability, contingency, suitability, doubt or possibility:*

شاید - *Perhaps*

شاید وہ یہاں آئیں۔

Perhaps they may come here.

کاش - *if only/would that...*

کاش ہم روی شنکر کو سن سکیں۔

If only we are able to hear Ravi Shankar.

تاکہ - *so that....*

میں ممبئی جاؤنگا تاکہ میں سلمان خان کو دیکھ سکوں۔

I'll go to Mumbai so that I can see Salman Khan.

خدا کرے (کہ) - *May God will that....*

خدا کرے (کہ) وہ کل یہاں آئیں۔

May God will that he may come here tomorrow.

خدا نہ کرے (کہ) ہماری لڑکی روئے۔

May God not will that our daughter cry.

خدا نہ خواستہ - *God forbid (may God not will that)....*

خدا نہ خواستہ آپ کو کچھ ہو۔

May God forbid that something happen to you.

مناسب ہے کہ - *it is appropriate that....*

مناسب ہے (کہ) آپ یہاں بیٹھیں۔

It is appropriate that you sit here.

ایسا نہ ہو کہ - *let it not be that....*

دیکھو! ایسا نہ ہو کہ یہ چھوٹا لڑکا گر جائے۔

Look, let it not be that this young boy falls down.

کو چاہیئے کہ x - *it is necessary for x to....*

مجھے چاہیئے کہ میں آج ہی یہ کتاب پڑھوں۔

It is necessary that I read this book today.

کا اِرادہ ہے کہ x - *it is x's intention that....*

میرا اِرادہ ہے کہ میں کل تک وہ کتاب پڑھوں۔

It is my intention that I read that book by tomorrow.

ممکن ہے کہ - *it is possible that....*

ممکن ہے کہ ہم ناچیں۔

It is possible that we [may] dance.

میں چاہتا ہوں کہ - *I want that....*

میں چاہتا ہوں کہ بڑا لڑکا ایک عظیم کھلاڑی بنے۔

I want the elder boy to become a great athlete.

14.5 Reading and Translation Drill

۱۔ کیا، میں یہ تصویر دیکھوں؟
ہم یہ قالینیں دیکھیں؟
آپ وہاں دستخط کریں۔
آپ اُدھر کام کریں۔

۲۔ اُن کو چاہیئے کہ دعوت کی تیاری کریں۔
مجھے چاہیئے کہ میں اِمتحان کے لئے پڑھوں۔
اُس نوکر کو چاہیئے کہ گھر صاف کرے۔
سیما سے کہیئے کہ کھانا پکائے۔

۳۔ تم ہزاروں برس جیو۔

آپ ہزاروں سال جیئیں۔
وہ سوا سو برس جیئے۔
کسان کی جے ہو۔
۴۔ شاید وہ کسان یہاں آئیں۔
کاش وہ کسان حکومت کریں۔
میں اُس گاؤں میں گیا تاکہ اُن کسانوں کو دیکھ سکوں۔
خُدا کرے کہ وہ کِسان حکومت کریں۔
۵۔ مناسب ہے کہ آپ اُس کھیت کو دیکھیں۔
ایسا نہ ہو کہ وہ آپ کا کام نہ کرے۔
اُسے چاہیئے کہ وہ آپ کی مدد کرے۔
میرا اِرادہ ہے کہ میں ڈاکٹر بنوں۔
۶۔ ممکن ہے کہ آج بارش ہو۔
کاش آج بارش ہو تاکہ جانور پانی پی سکیں۔
مناسب ہے کہ آپ اس غریب آدمی کو کھانا دیں۔
ایسا نہ ہو کہ وہ بیمار مسافر مر جائے۔
۷۔ اس سے کہو کہ وہ یہاں دستخط کرے۔
دھوبی سے کہو کہ وہ کپڑے اچّھی طرح دھوئے۔
امریکہ کے صدر سے کہیئے کہ وہ ہمارے گھر تشریف لائیں۔
مجھے السَر ہے۔ آپ اپنی بیوی سے کہیں کہ وہ کھانا زیادہ تیز نہ بنائے۔
۸۔ خُدا نہ خواستہ، (کہ) وہ بیمار ہو جائے۔
خُدا کرے کہ آپ کی زندگی کامیاب ہو۔
خُدا نہ خواستہ، (کہ) ان چھوٹے بچّوں کی ماں مرجائے۔

خُدا کرے (کہ) میں جلدی ایک کروڑپتی بن جاؤں۔

Translate the following into Urdu using subjunctives wherever appropriate:

1. May we see that?
2. Perhaps we may see Michael Jordan. All the famous people have come here.
3. If only we are able to study Urdu in India!
4. I would like to go to India so that I can work in the fields with the farmers.
5. May God will that you can come tomorrow.
6. It is possible that we may meet that famous artist tomorrow.
7. This seat is empty. Please sit here (تشریف رکھنا).
8. Tell our driver that he should not wait for us.
9. The guests are hungry. Shall we eat?
10. It is their intention that from today they will not drink alcohol.
11. If only all the people of this village were millionaires!

14.6 گفتگو (Conversation)

(راج، نرگس، ریشما، رشی اور روی ریل گاڑی میں)
(دلّی سے آگرہ جا رہے ہیں)

ریشما: دیدی آج بہت گرمی ہے۔ آگرہ پہنچنے میں اور کتنی دیر لگے گی؟

روی: تم ہر وقت بولتی رہتی ہو۔ نرگس دیدی سو گئی ہیں۔ اُن کو اپنے شور سے مت ستاؤ۔

راج: روی اور ریشما مت لڑو۔ وہ دیکھو کتنے سندر کھیت ہیں اور اُدھر دیکھو، کسان کھیت میں ہل چلا رہے ہیں۔

روی: ہاں، یہ کسان کتنی محنت کرتے ہیں۔ کاش ہم اِتنے محنتی بن سکیں۔ راج بھیا، آپ نے کبھی ہل چلایا ہے؟

راج: نہیں۔ مگر میں نے ایک بار ٹریکٹر چلایا تھا۔ مجھے بہت اچھا لگا تھا۔

روی: میرا اِرادہ ہے کہ میں بھی ہندوستان میں اِن کھیتوں میں کام کروں۔

ریشما: مجھے بہت بھوک لگی ہے۔ کیا میں یہ سموسہ کھاؤں۔

روی: تم نے ابھی چار سموسے کھا لیئے ہیں۔ پیٹ خراب ہو جائیگا۔ اچھا، کیا تم یہ کامِک بُک پڑھ چکیں۔

ریشما: نہیں، میں یہ کامِک بُک نہیں پڑھ پائی۔ راج بھیا کیا ہم آگرہ جلدی پہنچ جائینگے؟

راج: ہاں، ہاں، بس تھوڑی دیر میں پہنچ جائینگے۔ وہ دیکھو آگرہ اِسٹیشن آ گیا۔

(راج، روی، رشی، ریشما اور نرگس تاج محل کے سامنے)

ریشما: یہ کتنی خوبصورت عمارت ہے۔ کیا، یہاں ہندوستان کے راجہ رہتے ہیں؟

نرگس: نہیں ریشما۔ ہندوستان کا کوئی راجہ واجہ نہیں۔ ہندوستان ایک جمہوریت ہے اور یہاں کے راجہ یہاں کے لوگ ہیں۔

روی: جمہوریت کا مطلب کیا ہے؟

نرگس: جمہوریت یعنی ڈیموکرسی۔ اگرچہ یہاں پر کوئی زندہ راجہ نہیں رہتا ہے، یہ ایک مقبرہ ہے۔ یہاں پر مغل بادشاہ شاہ جہاں اور اُن کی بیوی مُمتاز محل کی قبریں ہیں۔

راج: نرگس، کیا میں اِن لوگوں کو تاج محل کی کہانی سُناؤں؟

نرگس: ہاں، ہاں۔ کیوں نہیں؟ ضرور سُناؤ۔

راج: اچھّا، سنو۔ شاہ جہاں پانچواں مغل بادشاہ تھا۔ وہ اپنی بیوی مُمتاز محل سے بہت پیار کرتا تھا جیسے میں نرگس سے کرتا ہوں۔ مُمتاز محل کے مر جانے کے بعد، شاہ جہاں کو بہت غم ہوا اور اس نے یہ مقبرہ بنوایا۔ یہ مقبرہ سنگِ مرمر کا ہے اور دنیا کے عجائب میں سے ایک ہے۔

روی: عجائب یعنی؟

راج: عجائب یعنی ونڈرز۔ تاج محل شاہ جہاں کی محبت کی نشانی ہے۔ اُردو کے ایک مشہور شاعر شکیل بدایونی* نے کہا ہے:

ایک شہنشاہ نے بنوا کے حسیں تاج محل
ساری دنیا کو محبت کی نشانی دی ہے

ریشما: میرے خیال میں یہ تو بہت مہنگی عمارت ہے۔

نرگس: ہاں، ہاں، بہت مہنگی۔ اگرچہ یہ بہت خوبصورت عمارت ہے، مگر میرے خیال میں یہ صرف امیر لوگوں کی ہی محبت کی نشانی ہو سکتی ہے۔ کیا، غریب پیار کرنے والے اپنے محبوبوں کو اِتنی مہنگی نشانیاں دے سکتے ہیں؟ شکیل کا شعر اگرچہ اچّھا ہے، مگر مجھے ساحر لُدھیانوی* کا یہ شعر زیادہ پسند ہے:

ایک شہنشاہ نے بنوا کے حسیں تاج محل
ہم غریبوں کی محبت کا اُڑایا ہے مذاق

راج: نہیں نرگس۔ اگرچہ ساحر بھی بہت اچّھا شاعر تھا، مگر میرے خیال میں شاہ جہاں نے ہم غریبوں کی محبت کا مذاق نہیں اُڑایا۔ دیکھو یہاں پر امیر غریب سب لوگ آتے ہیں، اور اِس خوبصورت مقبرے کے سامنے ہم سب اپنے محبوبوں کی آنکھوں میں دیکھ کر کہہ سکتے ہیں کہ تاج محل دُنیا کی سب سے خوبصورت عمارت ہے اور تم میری زندگی کی سب سے خوبصورت چیز ہو۔

روی: او ہو! آپ لوگ صرف باتیں کر رہے ہیں۔ دیکھیے، چاند کی روشنی میں تاج محل کتنا خوبصورت نظر آ رہا ہے۔ یہ عمارت تو خود ایک خوبصورت شعر ہے۔ کیا، بنگال کے مشہور شاعر ربندرناتھ ٹیگور* نے نہیں کہا:

تاج محل وقت کے رُخسار پر ایک آنسو ہے!

Notes

شکیل بدایونی: Shakil Badayuni, Urdu poet and lyric composer, died 1970.

ساحر لدھیانوی: Sahir Ludhianawi, Urdu poet and lyric composer, died 1980.

ربندرناتھ ٹیگور: Rabindranath Tagore, Bengali poet, winner of Nobel Prize for Literature, died 1941.

14.7 Conversation Practice

ان سوالوں کا جواب دیجیے:

۱۔ راج، روی، رشی، ریشما، اور نرگس کہاں سے کہاں جا رہے ہیں؟

۲۔ نرگس ریل میں کیا کر رہی ہے؟

۳۔ ان لوگوں کو راستے میں کیا کیا نظر آتا ہے؟

۴۔ روی ہندوستان میں کیا کرنا چاہتا ہے؟

۵۔ تاج محل کس نے بنوایا اور تاج محل میں کیا ہے؟

۶۔ دُنیا کے کتنے عجائب ہیں؟ کیا آپ کو اُن کے نام معلوم ہیں؟

۷۔ ساحر کے خیال میں شاہجہاں نے غریب لوگوں کی محبت کو کیا کیا؟

۸۔ آپ کو شکیل کا شعر زیادہ پسند ہے یا ساحر کا شعر؟ کیوں؟

14.8 Songs

۱۔ جب کوئی بات بگڑ جائے
جب کوئی مشکل پڑ جائے
تم دینا ساتھ میرا او ہم نوا
نہ کوئی ہے نہ کوئی تھا زندگی میں تمہارے سوا
تم دینا ساتھ میرا او ہم نوا (۲)
ہو چاندنی جب تک رات

دیتا ہے ہر کوئی ساتھ
تم مگر اندھیروں میں نہ چھوڑنا میرا ہاتھ (۲)
جب کوئی ------

۲۔ دُنیا کی سیر کرلو! (۴) اِنسان کے دوست بن کر اِنسان سے پیار کرلو!
دُنیا کی سیر کرلو! (۴) اِنسان کے دوست بن کر اِنسان سے پیار کرلو!
اَراوَنڈ دھ ورلڈ اِن ایٹ ڈالرز!
لوس اینجلیس بھڑکیلا جہاں ہولی ووڈ ہے رنگیلا
دیکھو ڈِزنی لینڈ میں آکر پریوں کا دیش دھرتی پر
دُنیا کی سیر کرلو! (۴) اِنسان کے دوست بن کر اِنسان سے پیار کرلو!
اَراوَنڈ دھ ورلڈ اِن ایٹ ڈالرز!
ہم امن چاہنے والے ہم پیار پر مرنے والے
ایک بات کہینگے سب سے:
"نفرت کو مٹا دو جگ سے"
اِنسان کے ہاتھ کا ٹونا مٹّی کو بنایا سونا
یہ واشنگٹن البیلا نیویارک شہر کا میلا

۳۔ کیا خوب لگتی ہو، بڑی سُندر دِکھتی ہو!
پھر سے کہو، کہتے رہو، اچّھا لگتا ہے۔
جیون کا ہر سپنا اب سچّا لگتا ہے۔
کیا خوب لگتی ہو، بڑی سُندر دِکھتی ہو!
تعریف کروگے کب تک؟ بولو کب تک؟

میرے سینے میں سانس رہیگی جب تک۔
کب تک میں رہونگی تیرے من میں، تیرے من میں؟
سُورج ہوگا جب تک نیل گگن میں۔
پھر سے کہو، کہتے رہو، اچّھا لگتا ہے۔
جیون کا ہر سپنا اب سچّا لگتا ہے۔
کیا خوب لگتی ہو، بڑی سُندر دِکھتی ہو!
تم پیار سے پیاری ہو، تم جان ہماری ہو!

Glossary for Songs

بگڑنا = to go wrong, turn bad; to break down

ہم نوا = fellow-singer (m)

x کے سِوا = except for x

ساتھ دینا = to accompany; to support

بھڑکیلا = resplendent, glittering; flashy

رنگیلا = bright; showy; colorful; merry

دھرتی = the earth; earth, ground, soil (f)

امن = peace, security, safety (m)

نفرت = hatred (f)

مِٹانا = to efface, obliterate, abolish

جگ = world, universe, earth (m)

ٹونا = magic, spell; enchantment (m)

مِٹّی = earth, soil, dust; dirt, filth (f)

سونا = gold (m)

البیلا = elegant, charming, smart; playful

میلا = fair, meeting, assembly (m)

خوب = beautiful, pretty; splendid

دِکھنا = to appear; to seem; to be seen

سچّا = true

تعریف کرنا = to praise

سینہ = chest, bosom, breast (m)

مَن = heart; soul; mind (m)

سُورج = sun (m)

نیل = blue

گگن = sky; heavens (m)

پیاری = precious; dear; beloved

14.9 Vocabulary

agricultural field (m)	کھیت
appropriate	مُناسِب
to break (transitive)	توڑنا
to break (intransitive)	ٹوٹنا
cheeks/countenance (m)	رُخسار
darkness (m)	اندھیرا
democracy (f)	جمہوریت
emperor (m)	شہنشاہ
empty	خالی
to fall down	گِرنا
farmer/peasant (m)	کِسان
fat	موٹا
to finish	ختم کرنا
to fly; to cause to fly;	اُڑانا
to tease, to make fun of x	x کا مذاق اُڑانا
God willing (may God will that)	خُدا کرے (کہ)، اِنشاء اللہ
God forbid (may God not will that)	خُدا نہ کرے (کہ)، خُدا نہ خواستہ
great	عظیم
hard work (f)	محنت
hard working	محنتی

to work hard	محنت کرنا
henna (f)	حِنا، مہندی
to hit	مارنا
if only	کاش
living	زِندہ
lover	محبوب(m) / محبوبہ (f)
marble (m)	سنگِ مرمر
once	ایک بار
perhaps	شاید
plow (m)	ہل
possible	مُمکِن
to remember	یاد آنا
for x to remember	xکو یاد آنا
signature (m)	دستخط
so that	تاکہ
sorrowful	غمناک
success (f)	کامیابی
successful	کامیاب
to tease, to annoy, to torment	ستانا
to think	سوچنا
to throw	پھینکنا
time (period of); period (m)	دوران

during this time/period	اِس دوران میں
toy (m)	کھِلونا
traveller (m/f)	مُسافر
wall (f)	دیوار
wedding (f)	شادی
whole, entire; all; the whole	سارا
wonder (m)	عجوبہ
wonders (pl)	عجائب
museum	عجائب گھر
would that /if only	کاش
wound; injury (f)	چوٹ

Chapter 15

15.1 Condition-Result Clauses with اگر and تو

Clauses stipulating a condition are usually marked with اگر "if" and frequently precede a "result" clause that begins with تو. Example:

"result" clause	"condition" clause
تو میں آپ کے لئے کپڑا لاؤں گا۔	اگر میں لاہور جاؤں گا

If I (will) go to Lahore, I will bring cloth for you.

Although the word اگر at the beginning of the "condition" clause may be dropped at times, the تو that marks the "result" clause is obligatory. Various verb tenses (present, future, past, or subjunctive) can occur in either "condition" or "result" clauses depending on the degree of certainty implied. The use of the subjunctive (as opposed to indicative tenses) indicates a greater degree of uncertainty or likelihood of fulfillment of a particular action. The examples below illustrate the usage of verb forms (subjunctive and indicative) in various sentences to convey degrees of certainty/uncertainty:

1. Purely hypothetical (use of subjunctive in both "condition" and "result" clauses, indicates high degree of uncertainty concerning both the condition and its fulfillment)

اگر میں ہندوستان جاؤں تو تاج محل دیکھوں۔

If I should go to India, then I may see the Taj Mahal.

2. More certainty than # 1 above ("condition" uncertain; "result" certain)

اگر میں ہندوستان جاؤں تو تاج محل دیکھونگا۔

If I should go to India, then I will see the Taj Mahal.

3. More certainty than #2 above (fulfillment of "condition" more likely or certain, "result" certain)

اگر میں ہندوستان جاؤنگا تو تاج محل دیکھونگا۔

If I go to India, then I will see the Taj Mahal.

اگر آپ ہندوستان جارہے ہیں تو تاج محل ضرور دیکھئیے۔

If you are going to India, do see the Taj Mahal (for sure).

At times, the "condition" clause may contain the simple past participle of a verb. In this context, the past participle often functions as a future conditional, indicating a condition that may be fulfilled in the future. Note: the past participle is not used in the "result" clause:

اگر میں ہندوستان گیا تو تاج محل دیکھونگا۔

If I (ever) go to India (in the future) then I will see the Taj Mahal.

Improbable or contrary-to-fact conditions (*irrealis*) are expressed by using the present participle of the verb in both "condition" and "result" clauses:

اگر ہم ہندوستان جاتے تو تاج محل دیکھتے۔

Had we gone to India, we would have seen the Taj Mahal.

If the speaker wants to indicate a definite past time for conditions that are impossible to fulfill, then the past participle of a verb followed by the present participle of ہونا may also be used in both the "condition" and "result" clauses:

اگر میں ہندوستان گیا ہوتا تو تاج محل دیکھا ہوتا۔

Had I gone to India, I would have seen the Taj Mahal.

اگر ہم ایک دوسرے سے پچھلے سال ملے ہوتے تو شادی کئے ہوتے۔

Had we met each other last year, we would have gotten married.

اگر ہم آپس میں بات کئے ہوتے تو دوست بنے ہوتے۔

If we had talked among ourselves, we would have become friends.

<u>*Note on usage</u>: ایک دوسرا used to describe action involving two persons; آپس میں used to describe reciprocal action among more than two persons

15.1 Reading and Translation Drill

۱۔ اگر میں ڈاکٹر بنوں تو دُنیا کی خدمت کر سکوں۔
اگر آپ امریکہ کے صدر بنیں تو دُنیا میں امن پھیلا سکیں۔
اگر وہ کِسان بنے تو ہر روز ہل چلا سکے۔
اگر تو پھل والا بنے تو ہر وقت میٹھے پھل کھا سکے۔

۲۔ وہ گھر آئیں تو سامان لائیں۔
تم اِسکول جاؤ تو پڑھ سکو۔
تو لندن جائے گی تو بکینگھم پیلیس دیکھے گی۔
ہم لوگ محنت کرینگے تو اِمتحان میں کامیاب ہونگے۔

۳۔ اگر ہم اِس اِمتحان میں کامیاب ہوئے تو ڈاکٹر بن جائینگے۔
اگر آپ نے یہ دوائی کھائی تو بخار کم ہو جائیگا۔
اگر وہ یہ کتاب پڑھے تو اُس کو سب چیزیں معلوم ہو جائیں۔
اگر آپ اُس پھل والے کے پاس جائیں تو میرے لئے آم ضرور لائیے۔

۴۔ اگر آج برف نہ پڑتی تو ہم باہر کھیلتے۔
اگر اِتنی دھوپ نہ پڑتی تو ہم دریا میں تیر سکتے۔
اگر اِتنا پانی نہ پڑتا تو کپڑے سوکھ جاتے۔
اگر سردی نہ ہوتی تو بچّے باہر بھاگتے۔

۵۔ اگر تم ہارورڈ میں پڑھے ہوتے تو کیا تم امریکہ کے صدر بنے ہوتے؟
اگر اُس نے اِس فلم میں کام کیا ہوتا تو اُس کو بھی آسکر ملا ہوتا۔
اگر ہینری کسنجر امریکہ میں پیدا ہوا ہوتا تو وہ اُس ملک کا صدر بنا ہوتا۔
اگر میں نے بچپن میں دودھ پیا ہوتا تو زیادہ صحت مند ہوئی ہوتی۔

٦۔ کیا وہ ایک دوسرے کو نہیں جانتے تھے؟
ہم ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔
ہم دونوں کو چاہیئے کہ ایک دوسرے سے پیار کریں۔
آپ کے بیٹے کو چاہیئے کہ وہ گھر کا سارا کام کرے۔

۷۔ ہم نے یہ فیصلہ آپس میں کر لیا۔
اُن لوگوں کو چاہیئے کہ یہ فیصلہ آپس میں کریں۔
اُس کلاس کی لڑکیوں نے آپس میں بات کرنی شروع کی۔
آپ لوگ آپس میں کیا باتیں کر رہے ہیں؟

Translate the following sentences into Urdu:

1. If I should go to that store, then I would buy the red carpet.

2. If I go to Washington, then I will see the White House.

3. If all of you come to my house, please bring food with you.

4. Had you played with the boy, he would have liked you.

5. If you play with that boy, he will like you very much.

6. If you had been born in America, you would have become the president of this country.

7. If she would have spoken Urdu well, she would have been the prime minister of Pakistan.

8. If you read Ghalib, he will teach you many things.

9. If you say so, I will cook the food.

10. Had you been able to write Hindi, you could have taught this class.

15.2 Expressing Presumptions and Suppositions with the Verb ہونا

Through the future form of the verb ہونا a speaker can also express presumptions and suppositions. For example, the sentence:

وہ عورتیں کام پر ہونگی۔

Those women will be at work. (future)

can also mean:

Those women must be at work. (supposition)

Similarly, the sentence:

وہاں بہت شور ہوگا۔

There will be a lot of noise there. (future)

can also mean:

There must be a lot of noise there. (supposition)

Note the use of the English "must" in the above sentences indicates probability or likelihood rather than a sense of obligation or duty.

Presumptive and suppositional forms of various tenses can be formed by replacing the ہیں/ہے auxiliaries with the appropriate future form of ہونا. Examples:

Present continuous tense: وہ لڑکے پڑھ رہے ہیں۔ Those boys are studying.

suppositional form: وہ لڑکے پڑھ رہے ہونگے۔ Those boys must be studying.

Present tense: وہ اِس لڑکے سے بات کرتے ہیں۔ They talk to this boy.

suppositional form: وہ اِس لڑکے سے بات کرتے ہونگے۔ They must talk to this boy.

Present perfect tense: راج کام پر گیا ہے۔ Raj has gone to work.

suppositional form: راج کام پر گیا ہوگا۔ Raj must have gone to work.

The following table provides a review of the future tense forms of ہونا:

Feminine	Masculine	Pronoun
ہونگی (ہوؤنگی)	ہونگا (ہوؤنگا)	میں
ہوگی	ہوگا	تو
ہوگی	ہوگے	تم
ہوگی	ہوگا	وہ/یہ
ہونگی	ہونگے	ہم
ہوگی	ہوگے	تم
ہونگی	ہونگے	آپ
ہونگی	ہونگے	وہ/یہ

15.2 Reading and Translation Drill

۱۔ وہ خوبصورت لڑکیاں ضرور کشمیر سے ہونگی۔

اُن کا سارا خاندان ایران سے ہوگا۔

یہ لوگ کہاں سے ہونگے؟

نیلوفر اسلام آباد سے ہوگی۔

۲۔ جاپانی لوگ چاول کھاتے ہونگے۔

انگریز آلو کھاتے ہونگے۔

آپ کی چھوٹی لڑکی ہرروز دودھ پیتی ہوگی۔

اُس کا دوست لال لال سیب کھاتا ہوگا۔

۳۔ کل وہاں برف پڑی ہوگی۔

آج کل ہندوستان میں بہت گرمی ہوگی۔
اِس زمانے میں آسٹریلیا میں سردی ہوگی۔
میرے خیال میں وہاں موسم اچّھا ہوگا۔
۴۔ اُن لڑکیوں نے اُس کتاب کو پڑھا ہوگا۔
اُس نے اخبار پڑھا ہوگا۔
کیا اُن شاعر صاحب نے یہ ساری غزلیں لکھی ہونگی؟
اِس خوبصورت غزل کو کس نے لِکھا ہوگا؟
۵۔ وہ ہم کو بھول گئے ہونگے۔
میری سہیلی مجھے بھول گئی ہوگی۔
امریکہ جاکر وہ اپنے دوستوں کو بھول گیا ہوگا۔
گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد آپ ساری اُردو بھول گئے ہونگے۔

15.2 Substitution Drill

Change the verb forms in the following sentences so that they agree with the substituted subject or object.

۱۔ حسین نے (کھانا) کھا (لیا ہوگا)۔

fruits

sweets

mango

yogurt

۲۔ (رام اور شیام) گھر پر (ہونگے)۔

Akbar's sister

Anita's brother

Radha's girlfriends

my cat

۳۔ (نرگس کی والدہ) شادی کی تیاری (کر رہی ہونگی)۔

Raj's father

our family

your mother-in-law

their servants

۴۔ (وہ لڑکے) کھیلنے کے لئے (باہر گئے ہونگے)۔

that handsome boy

those famous filmstars

our youngest daughter

his eldest son

15.3 Expressing Compulsion with the Verb پڑنا

The infinitive of a verb employed in conjunction with پڑنا is used to indicate actions that the subject is forced, compelled, or cannot help but perform. The subject is marked by کو. This construction is similar to the infinitive + ہے construction introduced in 9.5. There is, however, an important difference in the nuance of the two constructions. The former construction (infinitive + پڑنا) is used for compulsion that is external to the subject while the latter (infinitive + ہے) implies compulsion that stems from the subject, for example, from duty and obligation. Compare the following examples:

حسین کو اسلام آباد جانا پڑتا ہے۔

Hussein has to go to Islamabad. (forced by external circumstances)

حسین کو اسلام آباد جانا ہے۔

Hussein must go to Islamabad. (from a sense of duty, obligation)

For transitive verbs, the infinitive may or may not agree with object(s) in number and gender, but forms of پڑنا must retain agreement with object(s). Examples:

مُفلسی کی وجہ سے اُن کو اپنا گھر بیچنا پڑا۔

Due to poverty, they had to sell their house.

کل شفیق کو کپڑے دھونے پڑینگے۔

Tomorrow Shafique will have to wash the clothes.

For intransitive verbs and transitive verbs with no object, both the infinitive and form of پڑنا will be masculine singular. Examples:

مجھے گھر واپس جانا پڑا۔

I had to return home.

آپ کو دینا پڑیگا۔

You will have to give.

(no object mentioned; infinitive and پڑنا in masculine singular form).

15.3 Reading and Translation Drill

۱۔ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں کو کِسانوں کی مدد کرنی پڑی۔
اِس بڑی چوٹ کی وجہ سے امیت کو ہسپتال جانا پڑا۔
اگر راج نرگس سے پیار کرتا ہے تو اُس کو بھی ایک تاج محل بنوانا پڑیگا۔
ہر روز اسکول کے بعد مجھے اپنے بھائی کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔

۲۔ کل رات کو کھانا خراب ہو گیا۔ اِس لئے ہمیں سارا کھانا پھینکنا پڑا۔
اگر آپ شادی کرینگے تو ایک ہزار لوگوں کو دعوت دینی پڑیگی۔

اِنہیں جمعرات سے ورزش شروع کرنی پڑیگی۔
طالبِ علموں کو اِمتحان کی تیاری تو کرنی پڑتی ہے۔

۳۔ ہندوستان اور پاکستان میں مُفلسی پھیل رہی ہے اور اس کے بارے میں ہمیں کچھ کرنا پڑیگا۔
پرسوں سے اُس کی طبیعت خراب ہے۔ اِس لئے کل اُس کو پیشاب، پاخانے اور خون کا مُعائنہ کرانا پڑا۔
امریکہ میں سب کو گھر میں بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ یہاں نوکر کہاں ؟!
مُفلِسی کی وجہ سے قالین والے کو اپنی دوکان بیچنی پڑی۔

۴۔ وقت کم ہے۔ اِس لئے نرگس اور راج کو شادی کی تیاری جلدی سے کرنی پڑیگی۔
زندگی میں کامیاب ہونے کے لئے سب کو محنت سے کام کرنا پڑتا ہے۔
اگلے منگل کو مُجرم کو اپنے وکیل کے ساتھ عدالت میں آنا ہی پڑیگا۔
اگرچہ ریشمہ کو تاریخی باتوں میں کوئی دلچسپی نہیں، اُس کو لاہور کی سب تاریخی جگہیں دیکھنی پڑینگی۔

۵۔ زیادہ بارش کی وجہ سے یہ راستہ بند ہے۔ سب گاڑیوں کو دوسرا راستہ اِستعمال کرنا پڑیگا۔
پتاجی کے دل کی بیماری کی وجہ سے ممی ڈارلنگ کو کھانا پکانے میں بہت کم نمک اِستعمال کرنا پڑتا ہے۔
اُس بیماری کے علاج کے لئے مریض کو مہنگی دوائی اِستعمال کرنی پڑی۔
اِس ہوٹل میں آپ ہاتھ سے کھانا نہیں کھاسکتے ۔ آپ کو چُھری کانٹے کا اِستعمال کرنا پڑیگا۔

Translate into Urdu:

1. Raj had to invite Sunil to the wedding.

2. Mummy Darling will have to spend a lot of money in making the arrangements for Raj

and Nargis' wedding.

3. My car is bad. You will have to use my father-in-law's car to take the child to the hospital.

4. Ravi has to consider this decision thoughtfully.

5. He had to give her this expensive present in return for her kindness.

6. Indian brides must wear red saris at weddings, not white ones.

7. The rich must end poverty in the world.

8. They were so helpless that for four months they had to eat only potatoes.

9. Due to her helplessness, the poor girl had to agree to marry him.

10. We will have to turn on (چلانا) the fan immediately! It is too hot in this room!

15.4 Passives

Passives in Urdu are formed by adding the inflected form of the verb جانا to the past participle of a verb. The following examples illustrate the difference between active and passive sentences:

Active sentence:

میں کیلا کھاتا ہوں۔

I eat a banana.

Passive sentence:

کیلا کھایا جاتا ہے۔

A banana is eaten.

In the active sentence the subject (میں) is asserted and the verb agrees with it. In contrast, in the passive sentence, the subject is not mentioned and passive verb (past participle of the verb کھانا + the inflected form of جانا in the present tense) agree in number and gender with what was the

object of the active sentence -- "banana" (کیلا). Thus, the grammatical object of an active sentence becomes in fact the subject in a passive sentence. The two sets of examples below illustrate that the passive may be created in a variety of tenses by inflecting the verb جانا appropriately. Study them carefully, noting the agreement of the inflected forms of جانا in various tenses with the subject of the passive sentence.

وہ چیز دیکھی گئی۔	That thing was seen.
وہ چیزیں دیکھی گئیں۔	Those things were seen.
وہ چیز دیکھی جا رہی ہے۔	That thing is being seen.
وہ چیز دیکھی جائیگی۔	That thing will be seen.
وہ چیزیں دیکھی جاسکتی ہیں۔	Those things can be seen.
وہ چیزیں دیکھی جاتی تھیں۔	Those things used to be seen.
کیلا کھایا گیا۔	The banana was eaten.
کیلے کھائے گئے۔	The bananas were eaten.
کیلا کھایا جا رہا ہے۔	The banana is being eaten.
کیلا کھایا جائیگا۔	The banana will be eaten.
کیلا کھایا جا سکتا ہے۔	The banana can be eaten.
کیلے کھائے جاتے تھے	The bananas used to be eaten.

When passives are used in an impersonal sense, the verb is put in the third person masculine singular form and no explicit subject is mentioned. Examples:

لکھا گیا ہے۔

It has been written.

کہا جاتا ہے۔

It is said.

Re-inserting the original subject of the active sentence into a passive sentence:

If the original subject of the active sentence is to be re-introduced into the passive sentence, it is marked by the postposition سے. Reinserting the original subject into a passive sentence occurs mostly in negative sentences, hence the construction is called the passive of incapacity.

Examples:

مجھ سے کیلا کھایا نہیں جاتا۔

I cannot eat the banana.

(literally, the banana cannot be eaten by me.)

مریض سے دوائی پی نہیں گئی۔

The patient could not drink the medicine.

(literally, the medicine could not be drunk by the patient.)

The passive of incapacity differs from the سکنا construction in the negative in that it implies that the subject could not perform the action for physical reasons.

15.4 Reading and Translation Drill

۱۔ کل رمضان کی عید دھوم دھام سے منائی گئی۔ یہ مسلمانوں کا بہت بڑا تیوہار ہے۔
پرسوں دیوالی منائی گئی۔ یہ تیوہار ہر سال سارے ہندوستان میں دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔
دِسمبر میں کرسمس کا تیوہار دھوم دھام سے منایا گیا۔
۱۹۴۷ء میں ہندوستان اور پاکستان کی آزادی منائی گئی۔

۲۔ اِس عمارت پر بہت کام کیا جا رہا ہے۔
کیا اُس مسجد پر کام کیا گیا تھا؟

نہیں۔ اُس مسجد پر اِس سال کام کیا جائیگا۔
کیا، کل سارے ہندوستان میں چاند دیکھا گیا؟

۳۔ روٹی پکائی گئی۔
ساڑی دھوئی گئی۔
آپ کی زندگی کے بارے میں ایک کتاب لکھی جا سکتی ہے۔
خط لکھا جائیگا۔

۴۔ اُس خوبصورت لڑکی کی تعریف کی گئی۔
دیکھو! ہمارے دوست کی تعریف کی جا رہی ہے۔
مجھے افسوس ہے مگر وہ بڑاوالا مکان خرید لیا گیاہے۔
اُن غریب بچّوں کو عید کے لئے بہت تحفے دیئے گئے۔

۵۔ کچھ بھی کام کئے بغیر دن گزارا گیا۔
جو زندگی خدا کی یاد میں گزاری جاتی ہے وہی بہترین ہوتی ہے۔
یہاں تو پنکھے کےبغیر رات نہیں گزاری جا سکتی۔
پنکھے اور ایرکنڈیشن کے بغیر ہندوستان میں گرمیاں کیسے گزاری جا سکتی ہیں؟

۶۔ ہوٹل کے کھانے پر کتنا پیسہ خرچ کیا گیا؟
اِس خوبصورت قمیض پر آپ نے کتنے ڈالر خرچ کئے؟
شادیوں پر اِتنا زیادہ پیسہ خرچ نہیں کیا جانا چاہیئے۔
پاکستان اور بھارت میں شادی پر بہت پیسہ خرچ کیا جاتا ہے۔

۷۔ مجھ سے غریبوں کی یہ حالت نہیں دیکھی جاتی۔
لیلیٰ*سے قیس کی پریشانی نہیں دیکھی گئی۔
مجھے معلوم تھا کہ اُن بیوقوف لڑکوں سے غالب کی شاعری نہیں پڑھی جائیگی۔
آشا سے اپنی بہن لتا کا گیت نہیں گایا گیا۔

* لیلیٰ = pronounced as "*Lailaa*"; the last letter is called *"alif maqsura."*

Translate the following sentences into Urdu:

1. All the food was eaten at last night's party.
2. The wedding will be celebrated with pomp and gusto at our house tomorrow.
3. Was my favorite song sung?
4. The house can be built in three months.
5. The Taj Mahal was built in Shah Jahan's time.
6. The bride and the groom are being praised.
7. The poor farmers will be helped.
8. This Urdu book will be read at all universities in America.
9. Have the preparations been made?
10. Many beautiful flowers are being bought for Raj and Nargis' wedding.

15.5 Passive Intransitive Verbs

In addition to the passive construction introduced above, Urdu has several intransitive verbs that are often, if not always, translated into English by using the passive. In many cases, the stems of these so-called passive intransitive verbs also have transitive counterparts. While the focus in the intransitive form is on the action itself or the result of the action, the emphasis in the transitive form is on the doer of the action. Examples:

Transitive form:	کھولنا	to open
Intransitive form:	کھلنا	to be opened
Transitive form:	توڑنا	to break
Intransitive form:	ٹوٹنا	to be broken

Note the "passive" character of the English translations of the intransitive verbs in the examples below:

<u>Transitive verb</u>:

میں نے کھڑکی کھولی ۔

I opened the window.

<u>Intransitive verb</u>:

کھڑکی کھُلی۔

The window opened.

<u>Transitive verb</u>:

حسین نے میرا گلاس توڑا۔

Hussein broke my glass.

<u>Intransitive verb</u>:

میرا گلاس ٹوٹ گیا۔

My glass broke.

Complex verbs when formed with the verb ہونا may also have a passive intransitive nuance to them in contrast to those formed with کرنا which are transitive in nature. Study the pair of complex verbs listed below:

to begin, to get started	شُروع ہونا	to begin	شُروع کرنا
to be finished	ختم ہونا	to finish	ختم کرنا
to be prepared; to get ready	تیار ہونا	to prepare	تیار کرنا

to be born	پیدا ہونا	to produce, reproduce	پیدا کرنا
for X to be at fault	X سے غلطی ہونا	to make a mistake	غلطی کرنا

Examples:

میں یہ کام شروع کرتا ہوں۔

I begin this work (job).

یہ کام شروع ہوتا ہے۔

This work begins/gets started.

کیا آپ کھانا تیار کر رہے ہیں؟

Are you preparing food?

جی ہاں۔ کھانا تیار ہورہا ہے۔

Yes, food is being prepared.

علی نے غلطی کی۔

Ali made a mistake.

علی سے غلطی ہوئی۔

Ali was at fault (literally, "a mistake was made by Ali").

Note: The last example, using the intransitive construction, implies that the agency for the action was somewhat beyond the subject's control.

15.5 Reading and Translation Drill

۱۔ وہ لڑکی کام شروع کر رہی ہے۔
اُس لڑکی کا کام کب شروع ہوا؟
مائیکل جیکسن نے گانا شروع کرنے کے بعد ناچ شروع کیا۔
آپ وقت پر آیئے ورنہ فلم شروع ہو جائیگی۔

۲۔ آپ کا کام شام کو کب ختم ہوتا ہے؟
کیا، آپ نے اپنا کام ختم کر دیا؟
گھر میں کھانا ختم ہو گیا۔
میں پڑھائی ختم کرنے کے بعد شادی کرونگا۔
۳۔ معاف کیجیئے۔ مجھ سے غلطی ہوئی۔
تم نے بہت غلطیاں کیں۔
وہ کون ہے جس سے غلطی نہیں ہوتی۔
میں نے کونسی غلطی کی جس کی وجہ سے آپ مجھ سے ناراض ہیں؟
۴۔ آپ صبح کتنے بجے تیار ہونگے؟
کیا، رادھا نے اپنے بچوں کو تیار کیا؟
ہم سب راج اور نرگس کی شادی میں جانے کے لئے تیار ہو رہے ہیں۔
سب چیزوں کو تیار کر کے میں وہاں گیا۔
۵۔ گاندھی جی ہندوستان میں پیدا ہوئے۔
گندگی جراثیم کو پیدا کرتی ہے۔
اگر میں امریکہ میں پیدا ہوئی ہوتی تو کیا کیا نہیں کر سکتی تھی!
آپ کونسے سال میں پیدا ہوئے؟
۶۔ یہ کھلونا ٹوٹا ہوا ہے۔
اُس لڑکے کو مت ستاؤ اُس کا دِل ٹوٹا ہوا ہے۔
اِس پنکھے کو میں نے نہیں توڑا۔ یہ پہلے سے ٹوٹا ہوا تھا۔
کیا آپ سنیل اور رادھا کے ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ سکینگے؟
۷۔ تاج محل سنگِ مرمر کا بنا ہوا ہے۔
یہ دیواریں پتھر کی بنی ہوئی ہیں۔

کیا آپ کا دِل بھی پتھّر کا بنا ہوا ہے؟!
وہ جوتے کہاں کے بنے ہوئے ہیں؟

Translate into Urdu:

1. A temple is being built at that place.

2. The wall of the old house broke. Who broke it? I don't know.

3. Hundreds of thousands of germs are being produced every day in this filth.

4. A lot of money was spent on building this road.

5. Finish him off immediately!

15.6 نا as a Rhetorical Particle

نا as a rhetorical particle has two main uses in Urdu:

1. It can be a tag at the end of a statement seeking affirmation of a fact:

تم مجھ سے پیار کرتے ہو نا؟

You love me, don't you?

2. It can be a tag at the end of a request to make it more insistent:

میری تصویر دیوار پر لگا دیجیے نا؟

Won't you please hang my picture on the wall?

15.6 Reading and Translation Drill

ا۔ آپ کو اِس بات کا پتا ہے نا؟
آپ میرے لئے پھول لائینگے نا؟
یہ گانا گا دو نا!
وہ تو بہت خطرناک جانور ہے نا؟
تم بھی میرے لئے تاج محل بنواؤ نا!

۲۔ کہو نا: پیار ہے! تم کو مجھ سے پیار ہے؟
برکلی ٹیکساس سے زیادہ خوبصورت ہے نا؟
نرگس اور راج کی شادی دھوم دھام سے منائی گئی نا؟
دیکھو جان! میں گھر دس بجے کے بعد آؤنگا۔ تم کھانا کھا لو نا!
آپ بالکل فکر مت کیجیئے! ہم ہیں نا؟

15.7 گفتگو (Conversation)

نرگس: راج! کیا سوچ رہے ہو؟
راج: کچھ نہیں۔
نرگس: بولو نا! کیا بات ہے؟ تم صبح سے بہت خاموش ہو۔
راج: ہاں۔ کچھ بات ہی ایسی ہے۔
نرگس: کیا بات ہے؟ ہم کو ایک دوسرے سے صاف صاف بات کرنی چاہیئے۔
راج: اگر میں تم سے کچھ کہوں تو ناراض تو نہیں ہوگی؟
نرگس: نہیں۔ ناراض کیوں ہونگی؟
راج: دیکھو نرگس۔ میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں۔ تم میری زندگی ہو۔ میں تمہارے بغیر زندگی نہیں گزار سکتا۔
نرگس: او راج۔ اور تعریف کرو نا میری!
راج: جو بھی ہو تم خدا کی قسم لاجواب ہو! میں۔۔۔ میں تمہارا جیون ساتھی بننا چاہتا ہوں۔ میں تمہارے ساتھ زندگی کا ہر پل گزارنا چاہتا ہوں۔ میں تمہاری زلفوں کے سائے میں سونا چاہتا ہوں۔ تمہاری بانہوں میں جاگنا چاہتا ہوں۔
نرگس: اب۔۔۔ اب کیا کہا جا سکتا ہے؟ میں۔۔۔ مجھے معلوم نہیں۔۔۔ اگر ممّی ڈیڈی ہاں کہہ دیں تو۔۔۔ تو میں۔۔۔ میں تمہاری ہو جاؤنگی۔

راج: سچ! تم۔۔تم مجھ سے شادی کروگی؟

نرگس: ہاں۔میں تم سے شادی کرونگی۔ میرا دِل تو تمہارے پاس ہی ہے۔ اب میری جان بھی تمہاری ہو جائیگی۔

راج: میں تو بن گیا ہوں
تو میں بن گئی ہے
میں تن بن گیا ہوں
تو جان بن گئی ہے
اب تو اور میں دو نہیں ایک ہیں۔۔ایک!
اِس دُنیا میں ایک چاند ہے، ایک سورج ہے، اور ایک میری نرگس!

نرگس: مگر تو میرا چاند ہے
میں تیری چاندنی
تو میرا راگ ہے
میں تیری راگنی۔

راج: اور یہ تاج محل۔۔۔ہمارے پیار کا گواہ۔وہ دیکھو شاہ جہاں اور ممتاز محل ہم کو مبارک باد دے رہے ہیں۔

نرگس: اور یہ تارے کتنے خوش ہو رہے ہیں۔

راج: یہ چاند اپنی چاندنی کا تحفہ دے رہا ہے۔

(تھوڑی دیر بعد نرگس اپنی ممّی سے ٹیلیفون پر بات کر رہی ہے)

نرگس: ہیلو ممّی۔ آداب۔آپ کیسی ہیں؟

ممّی: نرگس! میں نے تم کو آج ہی خواب میں دیکھا!

نرگس: اچّھا!

ممّی: ہاں۔ میں نے دیکھا کہ تم بہت خوش ہو اور ہمارے گھر میں خوشیاں منائی جا

رہی ہیں۔

نرگس: سچ ممّی! اچھا سُنیئے ۔۔راج۔۔

ممّی: کیا ہوا راج کو؟ خدا نہ کرے کہ وہ بیمار ہو!

نرگس: نہیں نہیں۔ وہ ٹھیک ہے۔ وہ۔۔۔وہ آپ سے۔۔۔وہ شادی کرنا چاہتا ہے!

ممّی: کیا! وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے! کیا تم پاگل ہوگئی ہو؟!

نرگس: اوہو ممّی! آپ سے نہیں مجھ سے!

ممّی: سچ۔ یہ تو بہت خوشی کی بات ہے۔ کیا تم راضی ہو؟

نرگس: کیا آپ کو راج پسند ہے؟

ممّی: ہاں ہاں۔ اور تمہارے ڈیڈی کو بھی راج بہت پسند ہے۔ وہ ہر وقت راج کی تعریفیں کرتے ہیں۔ انہوں نے راج کو تصویروں میں دیکھا ہے۔ راج تم کو بہت خوش رکھیگا بیٹی۔

نرگس: اوممّی آج میں کتنی خوش ہوں!

ممّی: ہم کو اب شادی کی تیاریاں شروع کرنی پڑینگی۔ دیکھو میرے خیال میں دِسمبر کا مہینہ شادی کے لئے زیادہ مُناسب ہوگا۔ اُس زمانے میں ہمارے سب رشتہ داروں کو چھٹیاں ہوتی ہیں۔ مجھے بہت اِنتظام کرنا پڑیگا۔ اچّھا دیکھو دوسری لائین پر فون ہے۔ ایک منٹ ٹھہرو۔۔۔۔ہلو! ہلو! کون؟

راج کی ماں: میں راجکماری ہوں۔۔راج کی ماں۔

نرگس کی ماں: کیسی ہو راجکماری؟

راجکماری: میں تو بس ٹھیک ہوں۔ میں تم سے کچھ مانگنا چاہتی ہوں۔

نرگس کی ماں: ہاں۔ہاں۔ کہو۔ میں تمہاری کیا خدمت کرسکتی ہوں؟

راجکماری: میں نرگس کو اپنی بیٹی بنانا چاہتی ہوں۔اُس کے بدلے تم راج کو لےلو۔

نرگس کی ماں: او راجکماری۔ یہ تو بہت خوشی کی بات ہے۔ ہم اِس شادی کو دھوم دھام سے

منائینگے نا؟ اچھّا دِسمبر کا مہینہ کیسا رہیگا؟

راجکماری: یہ تو میں بھی سوچ رہی تھی ۔ اُس زمانے میں موسم بھی بہت اچھّا ہوتا ہے۔ میری نرگس کتنی حسین دُلہن بنے گی۔وہ تو ایک چاند کا ٹکڑا ہے۔

نرگس کی ماں: ہاں اور راج بھی بہت خوبصورت دولہا بنے گا۔ لاکھوں میں ایک ہے تمہارا بیٹا۔

راجکماری: اب میرا نہیں ہے۔ تمہارا ہے۔ تمہارا۔

نرگس کی ماں: اچھّا سنو! نرگس دوسری لائین پر ہے۔ ہم دونوں ایک دوسرے سے بات کر رہے تھے اور تمہارا فون بیچ میں آ گیا۔ میں تھوڑی دیر بعد خود تم کو فون کرتی ہوں اور پھر ہم ایک دوسرے سے زیادہ تفصیل میں بات کر سکتے ہیں۔

راجکماری: ہاں۔ہاں ضرور۔اور تم نرگس کے ڈیڈی سے بھی کہہ دیناکہ ہم اور ہمارے گھروالے اِس رشتے سے بہت خوش ہیں۔

نرگس کی ماں: اچھّا۔خدا حافظ۔۔ہلو بیٹی نرگس؟

نرگس: جی ممّی!

نرگس کی ماں: تمہاری ساس تھیں دوسری لائین پر!

نرگس: او ممّی! اچھّا راج میرا انتظار کر رہا ہے۔ میں اُس کو خوش خبری دے دونگی۔ آپ ڈیڈی سے کہہ دینگی؟

ممّی: ہاں ہاں۔ جب وہ گھر آئینگے تو میں بتا دونگی۔ وہ تو بہت ہی خوش ہونگے۔ راج ہزاروں میں، نہیں، نہیں، کروڑوں میں ایک ہے۔

نرگس: ممّی آئی لو یو!

ممّی: بیٹی اردو میں بات کرو! اچھّا خدا حافظ۔

(نرگس اور راج)

نرگس: ہلو راج۔

راج: تو کیا کہا ساس جی نے؟

نرگس: اُنہوں نے کہا کہ مجھ کو تم سے زیادہ اچّھے لڑکے سے شادی کرنی چاہیئے۔

راج: کیا؟ نہیں نہیں۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ میں مر جاؤنگا!

نرگس: راج، مریں تمہارے دُشمن۔ ایسی بات بھی مت کرو۔ میں تو مذاق کر رہی تھی۔ ممّی نے ہاں کہہ دی ہے۔

راج: سچ۔ یہ میری زندگی کا خوبصورت ترین دِن ہے۔

نرگس: ہاں۔ راج آج میں بھی بہت خوش ہوں مگر میری زندگی کے تو سب سے اچّھے دِن اُردو کی کلاس میں گزرے! اُس کلاس کی تو بات ہی کچھ اور تھی!

15.8 Conversation Practice

(Sulochna and Shama are Nargis' friends who live in London)

Shama: Oh Sulochna, did you hear that Nargis is getting married?

Sulochna: Yes, Sunil told me. Poor guy, he had tears in his eyes when he asked me,"Sister Sulochna how will I spend my life without Nargis?!". I was unable to bear his distress. (مجھ سے اُس کی پریشانی نہیں دیکھی گئی!) I started to cry!! I think Nargis' heart is made out of stone!

Shama: Her foolish heart! A book can be written about Raj, Nargis, and Sunil. Sunil ought to stop crying. He must start studying. He is no longer 16 years old. He is now 20. Do you know what preparations are being made for Nargis' wedding?

Sulochna: A lot of money is being spent on this wedding. I have heard that work is being done on Nargis' house. Expensive clothes are being bought. Nargis' mother told me to buy some clothes for her if I go to Lahore. Lahore has beautiful clothes for brides. So when I go to Lahore next month I will bring clothes for Nargis.

Shama: You will bring clothes from Lahore? I think Karachi has better and cheaper

clothes. These days, Karachi's weather must also be very good. If you go to Karachi, you must go to Rambo market. You will be able to buy some good but cheap clothes there. I think Nargis will look so beautiful in a red sari.

Sulochna: It's good that we are talking to each other about this. But I don't like Karachi very much. When I went to Karachi two years ago, I saw a dead man on the road! As soon as I saw him, I started crying. I told my mother that I will never go back to that city.

Shama: Sulochna darling, don't live in the past (departed time). Don't think of dead men! I have seen dead men on the streets of New York and Mumbai! I know the governments of India and Pakistan need to do more to help the poor but you cannot provide the medicine for all the illnesses of the world. You are not a Mother Teresa!

Sulochna: Shama, I used to think that your heart has a lot of love in it. But perhaps it is made out of stone!

Shama: Oh Sulochna, you are always crying. Your heart is made out of salt. Forgive me, don't be upset with me. If you want to help the poor, go and work with them. You will not be able to end poverty in India and Pakistan while sitting in London. Come, let's think of happy things...like Nargis' wedding. Do you want to sing a song with me? What's the latest song from Bollywood?

15.9 Songs

۱) تجھے دیکھا تو یہ جانا صنم پیار ہوتا ہے دیوانہ صنم
اب یہاں سے کہاں جائیں ہم

تیری بانہوں میں مر جائیں ہم
آنکھیں میری سپنے تیرے
دِل میرا یادیں تیری
میرا ہے کیا سب کچھ تیرا
جان تیری سانسیں تیری
میری آنکھوں میں آنسو تیرے آگئے
مُسکرانے لگے سارے غم
تجھے دیکھا تو یہ جانا صنم۔۔۔۔

۲) دل میرا ہر بار یہ سننے کو بے قرار ہے
کہو نا پیار ہے کہو نا پیار ہے
ہاں تم سے پیار ہے کہ تم سے پیار ہے
اِن پیاری باتوں میں انجانا اقرار ہے
کہو نا پیار ہے کہو نا پیار ہے
کہا نا پیار ہے کہا نا پیار ہے
پیار جہاں میں ہوتا نہیں پھر بولو کیا ہوتا؟
دُنیا میں دل کوئی کبھی نہ دھڑکا ہوتا
دھڑکا ہے دل آ یار مل! یہ پیار کا اِظہار ہے
کہو نا پیار ہے کہو نا پیار ہے
کہا نا پیار ہے کہا نا پیار ہے

۳) (ڈائیلاگ: یہ میری آخری اِلتجا ہے: دُنیا میں دل والے کا ساتھ
دینا دولت والے کا نہیں)
وفا کی راہ میں عاشق کی عید ہوتی ہے
خوشی مناؤ محبت شہید ہوتی ہے
زندہ باد، زندہ باد، اے محبت زندہ باد، اے محبت زندہ باد !(۲)
دولت کی زنجیروں سے تُو (۲) رہتی ہے آزاد
زندہ باد، زندہ باد، اے محبت زندہ باد، اے محبت زندہ باد!
مندِر میں مسجد میں تُو اور تُو ہی ہے ایمانوں میں
مُرلی کی تانوں میں تُو اور تُو ہی ہے اذانوں میں
تیرے دم سے دین و دھرم کی دُنیا ہے آباد
زندہ باد، زندہ باد، اے محبت زندہ باد، اے محبت زندہ باد!
پیار کی آندھی رُک نہ سکیگی نفرت کی دیواروں سے
خونِ محبت ہو نہ سکیگا خنجر سے تلواروں سے
مر جاتے ہیں عاشق زندہ رہ جاتی ہے یاد
زندہ باد، زندہ باد، اے محبت زندہ باد، اے محبت زندہ باد!

Glossary for Songs

صنم = beloved; idol (m/f)
بے قرار = restless
انجانا = unknown, unwitting
اقرار = confirmation; acknowledgment (m)
دھڑکنا = to beat, throb
اِظہار = revelation; declaration; display (m)
مُرلی = flute (f)
تان = tune (f)
اذان = Islamic call to prayer (f)
دین و دھرم = religion and faith (m)
آندھی = tempest, whirlwind; storm (f)
رُکنا = to stop, to rest; to be hindered

وفا = loyalty; faithfulness (f)

نفرت = hate; hatred (f)

شہید = martyr; one who is slain (m/f)

خون = blood; murder; slaughter (m)

دولت = riches, wealth; dominion; rule (f)

خنجر = dagger (m)

زنجیر = chain; fetters (f)

تلوار = sword (f)

ایمان = faith; belief (m)

زِندہ باد = long live

15.10 Vocabulary

to agree upon x	x پر راضی ہونا
arm, embrace (f)	بانہہ
arrangement (m)	اِنتظام
body (m)	تن
to be born	پیدا ہونا
bride (f)	دُلہن / دُلہنیا
bridegroom (m)	دُلہا
to call x on the phone	x کو فون کرنا
to celebrate, commemorate	منانا
cure (m)	عِلاج
decision (m)	فیصلہ
details, explanation; analysis (f)	تفصیل
to dial the phone	فون مِلانا
distress, misery, anxiety (f)	پریشانی
dream (m)	خواب
to dry (intransitive)	سوکھنا

to end, conclude (transitive)	ختم کرنا
to end, conclude (intransitive)	ختم ہونا
expenditure, expense (m)	خرچ
to spend, to expend (transitive)	خرچ کرنا
to be spent, expended (intransitive)	خرچ ہونا
fan; ventilator (m)	پنکھا
festival	تیوہار، تہوار (m)/ عید (f)
filth (f)	گندگی
fork; thorn (m)	کانٹا
germs (m)	جراثیم
gift (m)	تُحفہ
healthy	صحت مند
in return for x; instead of x	x کے بدلے میں
life partner (m/f)	جیون ساتھی
melody	راگ (m)/ راگنی (f)
middle	بیچ
mistake (f)	غلطی
party; invitation (f)	دعوت
to invite x	x کو دعوت دینا
to have a party for x	x کی دعوت کرنا
peace, safety (m)	امن
piece, morsel (m)	ٹکڑا

pleased; contented; agreed	راضی
to be pleased with x	xسے راضی ہونا
to agree upon x	xپر راضی ہونا
pomp and gusto (f)	دھوم دھام
potato (m)	آلو
poverty (f)	غریبی/مُفلِسی
praise (f)	تعریف
to praise x	xکی تعریف کرنا
Ramadan, Muslim month (m)	رمضان
relationship / connection (m)	رِشتہ
river (m)	دریا
road (m)	راستہ
snow (f)	برف
to spread (intransitive)	پھیلنا
to start, begin (transitive)	شُروع کرنا
to start, begin (intransitive)	شُروع ہونا
use, employment (m)	اِستعمال
to use	اِستعمال کرنا
to use x	xکا استعمال کرنا
without	(کے) بغیر
witness (m/f)	گواہ

Chapter 16

16.1 The *"Izafa"*

The *"izafa,"* or "addition," is a construction of Persian origin frequently used in Urdu. Linguistically, the *"izafa"* is an enclitic, indicated by placing the subscript sign *"zer,"* i.e., ِ (also used to represent a short *"i"* vowel) after a noun. The *"izafa"* is used to express either (i) a possessive relationship between two nouns or (ii) an adjectival modification of a noun.

(i) Possessive relationship between two nouns:

In such a construction, the "possessor" noun follows the "possessed one" and the enclitic *"izafa,"* that reflects the relationship between the two nouns, falls in the middle and can frequently be translated as "of." Examples:

دخترِ نظام

the daughter of the Nizam.

("possessed one" daughter = دختر "possessor" Nizam = نظام)

جنگِ آزادی

the war of independence

(war = جنگ independence = آزادی)

حکومتِ امریکہ

the government of America

(government = حکومت America = امریکہ)

In highly Persianized Urdu, geographical features are frequently written with the *"izafa,"* with

the geographical entity preceding its proper name:

کوہِ طور

Mount Sinai

(mountain = کوہ Sinai = طور)

(ii) <u>Adjectival modification of a noun:</u>

In such a construction, the noun is followed by an attributive adjective and again, their relationship is reflected by the enclitic *"izafa"* that falls between the two. When translating such a construction into English, place the attributive adjective before the noun. Examples:

دلِ نادان

foolish heart

(heart = دل foolish = نادان)

اسمِ شریف

noble name

(name = اسم noble = شریف)

مغلِ اعظم

the Greatest Mughal

(Mughal = مغل greatest = اعظم)

برِّ صغیر

the [Indian] subcontinent

(continent = برّ small = صغیر)

16.1 Reading and Translation Drill

1. Read and translate the following couplets with the assistance of the glossary:

ا۔ دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

<u>Glossary</u>

ناداں = foolish

۲۔ شامِ فراق اب نہ پوچھ
آئی اور آکے ٹل گئی
دل تھا کہ پھر بہل گیا
جاں تھی کہ پھر سنبھل گئی

<u>Glossary</u>

فِراق = separation (m)

ٹلنا = to pass off, to pass over

بہلنا = to be entertained

سنبھلنا = to recover

۳۔ غالبؔ چھٹی شراب پر اب بھی کبھی کبھی
پیتا ہوں روزِ ابر شبِ ماہتاب میں

<u>Glossary</u>

چھٹنا = to leave, to abandon

ابر = cloud(s) (m)

شب = night (f)

ماہتاب = moon (m)

۴۔ یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وِصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی اِنتظار ہوتا

Glossary

وِصال = union, meeting (m)

یار = friend, beloved (m/f)

2. Read and translate the following passage concerning the famous Indian movie, *Mughal-e Azam (The Greatest Mughal)*

مُغلِ اعظم

مُغلِ اعظم ہندوستان کی ایک بہت مشہور فِلم ہے۔ یہ مُغل شہزادے سلیم* اور ایک کنیز انار کلی** کی خوبصورت کہانی ہے۔ شہزادے سلیم، جو شہنشاہ بننے کے بعد جہانگیر کے نام سے مشہور ہوئے، شہنشاہ اکبر*** کے بیٹے تھے۔ سلیم کو انار کلی سے پیار ہو گیا۔ مگر سلیم کے والد شہنشاہ اکبر اِس بات سے بہت ناراض ہوئے۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر سلیم انار کلی سے شادی کریں گے تو اُن کو ہندوستان کا تخت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چھوڑ دینا پڑیگا۔ سلیم نے اپنے والد سے کہا کہ انار کلی اُنہیں ہندوستان کے تخت سے زیادہ عزیز ہے۔ انار کلی کی محبت میں وہ اپنی جان بھی دے سکتے ہیں مگر اُس سے دور نہیں رہ سکتے۔ مگر انار کلی یہ نہیں چاہتی تھی کہ شہزادہ سلیم ہندوستان کا تخت چھوڑ دیں۔ اِس لئے اُس نے فیصلہ کیا کہ وہ سلیم کی زندگی سے نکل جائیگی۔ مُغلِ اعظم کا ایک مشہور ڈائیلاگ:

شہنشاہ اکبر: انار کلی! ہم محبت کے دُشمن نہیں۔ اپنے اصولوں کے غُلام ہیں۔

ایک غلام کی بے بسی پر غور کرو تو شاید تم ہمیں معاف کر سکو۔

مغلِ اعظم میں ہندوستان کے بہت بڑے بڑے اداکاروں نے کام کیا۔ اکبر کا رول پرتھوی راج کپور نے ادا کیا۔ سلیم دِلیپ کُمار تھے۔ اور انارکلی۔۔۔ ہندوستان کی سب سے خوبصورت اداکارہ مدھوبالا۔ مغلِ اعظم آج تک ساری دُنیا میں دیکھی جاتی ہے اور بہت پسند کی جاتی ہے۔ ہم کو یہ تو معلوم نہیں کہ یہ کہانی سچ ہے یا نہیں مگر لاکھوں لوگ اِس فِلم کو ایک تاریخی فِلم سمجھتے ہیں۔ سلیم اور انارکلی ہزاروں پیار کرنے والوں کے دِلوں میں زندہ ہیں: ' زندہ باد زندہ باد اے محبت زندہ باد!'

* Prince Salim (1569-1627); Mughal prince who on becoming emperor in 1605 adopted the royal title Jehangir (literally "world seizer")

** Anarkali, legendary courtesan in the Mughal court, with whom Prince Salim fell in love

*** Emperor Akbar (1542-1605); considered to be the greatest emperor of the Mughal dynasty; reigned from 1556 to 1605; father of Salim.

16.2 Some Common Uses of Present and Past Participles

Thus far we have encountered present and past participles in the context of different verbal tenses. However, in Urdu, like in English, present and past participles can serve a variety of other functions such as adjectives or adverbs (as in "burning fire" "while walking" and so on). When employed in this manner, present and past participles are usually followed by the appropriate form of the past participle of the verb "ہونا" (ہوا، ہوئے، ہوئی).

1. Present Participle as Adjective

When used in an adjectival sense, these participles and the forms of "ہونا" attached to them decline according to the case, number, and gender of the nouns they modify. Note, however, that in the case of feminine adjectival participles, the singular form modifies both singular and plural

feminine nouns. Examples:

a dancing girl	ناچتی ہوئی لڑکی
a singing boy	گاتا ہوا لڑکا
laughing actors	ہنستے ہوئے اداکار
playing girls	کھیلتی ہوئی لڑکیاں
shy bride	شرماتی ہوئی دُلہن
moving bus	چلتی ہوئی بس

In many instances, the past participle of " ہونا " may be omitted without affecting the meaning:

میں چلتی گاڑی میں کتابیں نہیں پڑھ سکتا ہوں۔

I am unable to read books in a moving car.

2. Past Participle as Adjective

Whereas the present participle of a particular verb, acting as an adjective, conveys the progression of particular actions, the past participle as adjective connotes a state of completion or a passive state. Thus, at times, the past participle may convey a present stative sense. For instance: بیٹھی ہوئی عورت would mean a seated woman (that is a woman in the state of being seated). In contrast بیٹھتی ہوئی عورت, with the present participle, would mean a woman who is in the act or process of sitting down.

dead man	مرا ہوا آدمی
kept books	رکھی ہوئی کتابیں
written letters	لکھے ہوئے خط
fallen things	گری ہوئی چیزیں
a seated man	بیٹھا ہوا آدمی

a standing woman — کھڑی ہوئی عورت

constructed buildings — بنی ہوئی عمارتیں

a past time — گزرا ہوا زمانہ

3. Participles as Nouns

Occasionally participles, like adjectives, can be used as nouns. They may or may not be followed by the appropriate form of the past participle of the verb "ہونا" (ہوا، ہوئے، ہوئی). For example:

سوتے (ہوئے) کو اُٹھاؤ۔

Wake up /pick up the sleeping one.

پڑھتے (ہوئے) کو تنگ مت کرو!

Don't bother the person who is reading (lit. the reading one).

A famous Urdu proverb also illustrates this construction:

مرتا کیا نہ کرتا۔

What wouldn't a dying person do?

(In a desperate state, a person would not think twice about the consequences of his/her actions.)

4. Participles as Adverbs

Urdu participles used in an adverbial sense can often be translated into English with phrases beginning with "while" and often express incomplete actions. The adverbial participle phrase almost always appears in singular masculine oblique form. The usual word order in sentences that contain adverbial participles is: subject - adverbial participle - object - verb. Examples:

میں نے گھر جاتے ہوئے ایک خوبصورت لڑکی کو دیکھا۔

While going home, I saw a beautiful girl.

وہ لڑکی نہاتے ہوئے گا رہی تھی۔

While bathing, that girl was singing.

کٹی ہوئی مرغی کو چلتے ہوئے دیکھو!

Watch the cut-up chicken walk!

(A note posted outside a trickster's stall in Lahore!)

5. Participle + ہی

In order to convey immediacy or to give the sense of "as soon as" or "immediately after," the particle ہی may be added to the masculine oblique present participle:

چھوٹا بچہ کتے کو دیکھتے ہی رونے لگا۔

The little boy started crying as soon as he saw the dog.

میں کھانا کھاتے ہی وہاں جاؤں گی۔

I will go there immediately after I finish eating.

6. Participle + وقت

Masculine oblique present participle combined with the word " وقت " connotes the simultaneity of two actions, that is, the action of the main verb taking place at the same time as the action signified by the participle + " وقت " construction. Example:

گاڑی چلاتے وقت ٹیلیفون پر بات نہیں کرنی چاہئے۔

While driving (at the time of driving) a car, one should not speak on the telephone.

7. Repeated Participles

Present participles can often be repeated to signify that the action of the repeated participle ends or results in the action of the main verb. Repeated past participles signify a past action resulting

in a continuous or repetitive state. Examples:

میں پڑھتے پڑھتے سوچنے لگا۔

I began thinking while studying.

بیچارہ مجنون روتے روتے مر گیا۔

Poor Majnun died weeping.

جناب! آپ بیٹھے بیٹھے تھک جائینگے۔

Sir, you will tire of sitting (and sitting).

16.2 Translation Drills

Translate into idiomatic English:

۱۔ پولیس کو مرا ہوا آدمی اس روڈ پر ملا۔
۲۔ آپ لائبریری جانے سے پہلے گھر میں رکھی ہوئی کتابیں پڑھیئے!
۳۔ غالب کے لکھے ہوئے خط آج بھی پڑھے جاتے ہیں۔
۴۔ اس لڑکی سے کہو کہ وہ ان گری ہوئی چیزوں کو نہ اُٹھائے۔
۵۔ وہ بیٹھا ہوا آدمی سگریٹ پی رہا تھا۔
۶۔ وہ کھڑی ہوئی عورتیں بس کا انتظار کر رہی تھیں۔
۷۔ شاہ جہاں کے زمانے کی بنی ہوئی عمارتیں مجھے بہت پسند ہیں۔
۸۔ تم گزرے ہوئے زمانے میں رہتے ہو۔ اب گزری باتوں کو یاد مت کرو۔
۹۔ اس کام کرتی ہوئی لڑکی کو دیکھئے۔
۱۰۔ کل رات جس ناچتے ہوئے لڑکے سے آپ بات کر رہے تھے، اس کا نام کیا تھا؟
۱۱۔ کتاب پڑھتے ہوئے ریشما ٹیلیفون پر بات کر رہی تھی۔
۱۲۔ وہ بچہ روتے ہوئے سو گیا۔
۱۳۔ راج نے نرگس کو سنیل کے ساتھ ٹینیس کھیلتے ہوئے دیکھا۔

۱۴۔ وہ شاعر روتے ہوئے غزل لکھ رہا تھا۔

۱۵۔ دودھ پیتی ہوئی بلّی کو مت ستاؤ۔

۱۶۔ کیا ہر ساجن کو ٹوٹے ہوئے دل اچھے لگتے ہیں؟

۱۷۔ کام کرتے کو دیکھو!

۱۸۔ کھاتے ہوئے سے بات مت کرو۔

Translate into Urdu:

1. Give some sweets to the crying girl.

2. Do not talk to the studying boy (the boy who is studying).

3. The laughing actor burst out crying all of a sudden!

4. That man talks to dead people.

5. We cannot study while eating.

6. While studying (at the time of studying) one should not watch T.V.

7. Ask Sunil's broken heart!

8. Raj does not like shy brides.

9. As soon as he came home, Mummy darling gave Raj some food to eat.

10. This is a book written by Reshma (lit. This is Reshma's written book).

11. Please give tea to the person who is singing (lit. the singing one).

16.3 Present Participle and رہنا Construction

The present participle of a verb when combined with the verb رہنا results in the iterative form. The iterative indicates the constant repetition of an action and is often translated as "keeps....." In this form both the present participle and the verb رہنا agree with the subject. The form cannot be employed in the negative, nor can it be used with compound verbs/aspect indicators. In addition,

the present participle of رہنا cannot be used in this construction.

میں وہاں دس منٹ میں پہنچ جاؤنگا۔ آپ کام کرتے رہیئے۔

I will reach there in ten minutes. You keep working.

سنیل نرگس کے گھر جاتا رہا مگر نرگس توراج کے ساتھ جا چکی تھی۔

Sunil kept going to Nargis' house, but Nargis had already left with Raj.

میری گزارش ہے کہ آپ عربی سیکھنے کے بجائے اردو سیکھنے کی کوشش کرتے رہیئے۔

It is my request that you keep trying to learn Urdu instead of learning Arabic.

Note: The present participle of جانا when combined with the رہنا has two meanings: its expected meaning "keep on going" and an idiomatic one "to disappear, to be lost."

کاش کہ ایسی بُرائیاں دُنیا سے جاتی رہیں!

If only such evils would disappear from the world!

In the past tense, the particle نے is not used even when the participle is that of a transitive verb.

16.4 Present Participle and جانا Construction

The present participle of a verb when combined with جانا can have several meanings, the most common being: (1) persevering or deliberately continuing with an action and (2) gradual unfolding of the action resulting in change. Since جانا the governing verb is intransitive, constructions in the past tense do not use the particle نے.

اُس کو تیز بُخار تھا مگر وہ اپنا کام کرتا گیا۔

He had a high fever but he went on working.

تم گوشت کھاتے جاؤ اور تمہاری صحت خراب ہوتی جائیگی۔

Continue eating meat and your health will keep deteriorating.

وقت گزرتا گیا اور ہم ایک دوسرے کو بھولتے گئے۔

Time kept passing and we gradually forgot each other.

16.3-16.4 Reading and Translation Drill

۱۔ میں دیکھتا رہا اور بس نکل گئی۔

بوڑھا پھل والا محنت کرتا رہا اور اِس کا بیٹا اپنے باپ کی مدد کرنے کے بجائے کرکٹ کھیلنے چلا گیا۔

ہم پاکستان جانے کی کوشش کرتے رہے۔

میں کام کرلونگی۔ تمہاری طبیعت خراب ہے۔ تم سوتے رہو۔

۲۔ اگر تم اپنے والدین کا مذاق اُڑاتے گئے تو تم کو کامیابی کیسے ملیگی؟

وہ صدر تقریر کرتے گئے اور ساری دُنیا ہنستی گئی۔

آپ اپنے والدین کی دیکھ بھال کرتے جایئے اور خُدا آپ کو لمبی عُمر دیگا۔

میں کھانسی کا عِلاج کراتا گیا مگر یہ کھانسی کم ہی نہ ہوئی۔

Translate the following sentences using the present participle and رہنا construction:

1. Instead of talking to me on the phone, he kept sending me letters.
2. Thirteen years after coming to the United States, they keep on remembering Pakistan.
3. I kept trying to explain to him and he kept watching the movie.
4. On Saturday, Sarah and Salma kept dialing the telephone, but because of the rain the phone was not working.

Translate the following sentences into Urdu using the present participle and جانا construction:

1. Keep on saying your (Muslim ritual) prayers and then see how happy God is with you!
2. Shaan went on throwing the trash onto the street, but the children kept bringing it back into his house.
3. She went on narrating her (own) story and the little girl gradually fell asleep.

4. Why wouldn't Rakesh be angry? Reshma kept making fun of him instead of listening to his poetry.

16.5 Present Participle in the Narration of the Past

Present participles without auxiliary verbs are frequently encountered in narrations of those past events that occurred routinely or habitually. In such cases, the narration usually begins with an initial sentence containing a present participle followed by an auxiliary, but in subsequent sentences/statements, the auxiliary is dropped and the present participle suffices on its own.

بچپن میں ساجد اپنی نانی کے گھر گرمیوں کی چھٹیوں میں جاتا تھا، آم کھاتا ، تیرتا،اور شاہ رُخ خان کی فلمیں دیکھتا۔

In his childhood Sajid would often go to his grandmother's house during the summer holidays, eat mangoes, swim, and watch Shah Rukh Khan's films.

اُپنے اِنتقال سے ایک دِن پہلے تک وہ گھر کا سارا کام کرتے تھے، خطوں کے جواب دیتے،اور غریبوں کی مدد کرنے کی کوشش کرتے۔

Until one day before his death (literally, transfer), he did all the house work, reply to all the letters, and try to help the poor.

16.5 Reading and Translation Drill

Translate into English:

۱۔ جب ہم شِکاگو میں پڑھتے تھے، ہم ہر روز مزیدار کھانا بناتے، دوستوں کے ساتھ ناچتے اور وہ ساری چیزیں کرتے جو ہمارے والدین کو پسند نہیں تھیں۔

۲۔ وہ اپنے بھائی کے اِنتقال سے پہلے اکثر دِلّی جاتی تھی۔ پُرانی دِلّی میں بریانی کھاتی اور قوّالی سُنتی۔

۳۔ جب بھی فراز پریشان ہوتا تھا یا وہ زیادہ شراب پی لیتا یا اپنے گھر والوں کو تنگ کرتا۔

۴۔ میں سمیر کو اپنے گھر آنے کی اِجازت نہیں دے سکتا۔ پچھلے سال وہ ہر روز یہاں آتا اور میرے سارے پیسے چُرا لیتا۔

Translate into Urdu:

1. During our childhood, before our grandmother's death, we used to get up at 6 am every morning, swim, take a bath, drink milk, eat fresh hot rotis, and then go to school.
2. That sly boy would eat all the sweets, lie, and bother all the shopkeepers.
3. While driving her car that girl would listen to music, sing songs, and talk to her friends on her cell phone.
4. While walking down the streets, these mad boys would scream, throw fruits and vegetables, and make fun of democracy.

16.6 Past Participle and کرنا Construction

The masculine form of a past participle when combined with the verb کرنا indicates an action performed habitually. In such constructions, only the verb کرنا inflects, agreeing in number and gender with the subject. Since this construction is considered to be intransitive in the past tense, the subject is not marked by the particle نے.

بیٹا، تم غریبوں کی مدد کیا کرو!

Son, go on helping [habitually] the poor.

ممی ڈارلنگ ہمارے گھر چائے پینے کے لئے آیا کرتی تھی۔

Mummy darling habitually used to come to our house to drink tea.

آپ اپنی دوائی پی لیا کریں۔

Keep drinking your medicine [for your own benefit].

Note: For this construction, the verb جانا uses جایا as its past participle and not its normal form گیا.

نرگس راج کے گھر جایا کرتی ہے۔

Nargis habitually goes to Raj's house.

16.6 Reading and Translation Drill

۱۔ آپ اپنی نانی کی دیکھ بھال کیا کیجیے۔
سمیر یہ تم کو کیا ہو گیا؟ آج کل تم تو سچ بولا کرتے ہو!
جب میں کالج میں تھا تب میں صبح کے چار بجے تک جاگا کرتا تھا۔
نرگس! میرے سامنے سنیل کا نام مت لیا کرو!
وہ شریر لڑکے چھوٹی چھوٹی باتوں پر رویا کیے۔

۲۔ آپ کو یاد ہے کہ آپ میرے لیے پھل اور پھول لایا کرتے تھے۔
میری جان، ناراض مت ہو۔ میں سنیل کے ساتھ ٹینس کھیلنے کے لیے جین پارک میں نہیں جایا کرونگی۔
ہاں۔ اُن کی صحت خراب ہے۔ پھر بھی وہ بہت سگریٹ پیا کرتے ہیں۔
میں اپنے عاشق پر اپنا سارا پیسہ خرچ کیا کرونگا۔ آپ میری فکر مت کیا کریں!
ریشما ہر روز اسکول کے بعد مٹھائی کی دوکان پر جایا کرتی تھی۔

Translate the following into Urdu :

1. When we were healthy, we used to go [habitually] to that beautiful garden every evening.
2. I never talked to his wife. I used to remain [habitually] quiet in his house.
3. In his childhood Raj used to climb [habitually] the tree that was in front of his house.
4. I don't know why my parents don't give me permission to go to the movies. When they were in college they used to watch films every Friday.

16.7 The Uses of نہیں تو

نہیں تو occurs frequently in colloquial Urdu-Hindi as a substitute for ورنہ, "otherwise."

تو گرمی میں کام کرنے کا عادی ہو جا نہیں تو تجھے دوبئ میں بہت مشکل ہو گی۔

Get used to working in the heat, otherwise you will have a difficult time in Dubai.

دوائی کھا لو نہیں تو بُخار بڑھ جائیگا۔

Take (literally, eat) the medicine, otherwise the fever will increase.

آپ پولیس کو فون کیجیئے نہیں تو میں خود کرونگا۔

You call the police, otherwise I will do so myself.

نہیں تو is also used in colloquial Urdu-Hindi, usually in the context of conversations, to respond negatively to assertions and connotes "not really," "no way," or "no."

فراز: شاد! کیا تم لوگ آپس میں میرے بارے میں بات کر رہے ہو؟
شاد: نہیں تو! ہم آپ کے بارے میں بات کیوں کرینگے؟

Faraz: Shad! Are you talking among yourselves about me?

Shad: Not really! Why would we talk about you?

16.7 Reading and Translation Drill

۱۔ دیکھو بیٹے! محنت کرنے کے عادی ہو جاؤ نہیں تو اِمتحان میں کامیاب نہیں ہو گے۔
آپ لوگ آپس میں اچھّی باتیں کرنے کی کوشِش کریں نہیں تو میں ناراض ہو جاؤنگی۔
تم فوراً بازار جاؤ نہیں تو دوکانیں بند ہو جائینگی۔
تم میرے گھر پر پانچ بجے کے بجائے ٹھیک چار بجے پہنچ جاؤ نہیں تو میں پارٹی میں اکیلا ہی جاؤنگا۔
میں دو دِن کے لئے کینڈا جا رہا ہوں۔ میری بلّی کی اچھّی دیکھ بھال کرو نہیں تو میں تم کو کبھی معاف نہیں کرونگا۔

۲۔ کیا نرگس نے سنیل کے والدین کی دیکھ بھال کی؟
نہیں تو۔ یہ کس نے کہا؟
معاف کیجیئے۔ ہمارے بچے آپ کو تنگ کر رہے ہیں۔
نہیں تو۔ ہم تو اُن کے عادی ہیں!
اُن کے بھائی کا دس سال پہلے اِنتقال ہو گیا۔
نہیں تو! میں نے کل ہی اُن کو نیو یارک کے ہوائی اڈّے پر دیکھا۔
کیا تمہارے دفتر میں مچّھر بہت ہیں؟
نہیں تو۔ ہمارا دفتر لندن میں ہے نیو یارک میں نہیں۔

16.8 Emphatic Negative Assertions

Emphatic negative assertions are created by combining نہیں with the oblique infinitive of the verb to be negated, followed by کا/کی/کے. The possessive کا agrees in gender and number with the subject.

میں سچ بولنے کا عادی ہوں۔ میں جھوٹ نہیں بولنے کا!

I am used to speaking the truth. I won't lie!

16.8 Reading and Translation Drill

۱۔ میں نے اپنے دوستوں سے کہہ دیا: اِن لوگوں نے مجھ سے جھوٹ بولا۔ میں وہاں نہیں جانے کا!
۲۔ تم اس وقت گاڑی مت چلاؤ۔ یہ بارش نہیں ختم ہونے کی!
۳۔ اِس ملک میں بہت غریبی ہے۔ وہاں جُمہوریت نہیں آنے کی!
۴۔ یہ دوائی کھا لو نہیں تو یہ کھانسی نہیں رُکنے کی!
۵۔ وہ لڑکے اس کام کو کرنے کی کوشِش نہیں کرنے کے!

Translate the following sentences into Urdu using the above construction:

1. It is appropriate that you ask her about the newspaper. I will not ask her!

2. I will not call Ali!

3. Salim can dry the clothes. I will not dry them!

4. I will not sit in the hot sun!

5. I have to go work now. I will not wait for the bus!

6. I will not lie to my parents! I am used to [habituated to] telling the truth.

16.9 گفتگو (Conversation)

راج اور نرگس کی شادی ۲۵ دِسمبر کو دلّی میں بہت دھوم دھام سے ہوئی۔ دونوں کے والدین نے مہمانوں سے گزارِش کی کہ تحفوں یا پھولوں پر پیسہ خرچ کرنے کی بجائے وہ اِس ہسپتال کو مدد دیں جس میں نرگس کام کرتی ہے۔ شادی کے بعد دُلہا دُلہن ہنی مون کے لئے کراچی چلے گئے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ کراچی کی سیر کرنے کے بعد یہ سندر جوڑی اسلام آباد کے لئے روانہ ہو گئی۔ اسلام آباد دیکھنے کے بعد یہ لوگ مری جائینگے۔ مری پاکستان کا بہت ہی خوبصورت ہل اِسٹیشن، یعنی پہاڑی مقام، ہے۔ مری اسلام آباد سے کوئی ۲۸ میل دور ہے۔ نرگس اپنے بچپن میں گرمیوں کی چھٹیوں میں مری جاتی تھی، ٹینیس کھیلتی، میٹھے میٹھے پھل کھاتی اور بہت سوتی۔

کراچی سے اسلام آباد جاتے ہوئے راستے میں راج اور نرگس نے کئی دلچسپ چیزیں دیکھیں : کھیت میں کام کرتے ہوئے کسان، پاکستان کے چھوٹے چھوٹے شہروں کی زندگی، مغلوں کی بنوائی ہوئی عمارتیں، اور کرِکٹ کھیلتے ہوئے بچے۔ نرگس کے ساتھ بہت ساری کتابیں بھی تھیں جو وہ سفر میں پڑھنا چاہتی تھی مگر راج اُسے تنگ کرتا گیا۔ اب سنیئے راج اور نرگس کی گفتگو:

نرگس: کیا تمہارے پاس کوئی کتاب نہیں ہے؟

راج: نہیں جان! میں چلتی ہوئی گاڑی میں کتاب نہیں پڑھ سکتا ہوں۔ طبیعت کچھ خراب ہو جاتی ہے۔ اور پھر تم کتنی خوبصورت ہو! تم کو سامنے رکھتے ہوئے اور ان مچھروں کے بیچ میں اور کوئی چیز کیسے کر سکتا ہوں؟!

نرگس(ہنستے ہوئے): تم کتنے رومانٹک ہو راج! میں مری پہنچتے ہی تم کو ایک اچّھا سا تحفہ دونگی۔

راج (خوش ہوکر): او ڈارلنگ، تحفہ؟ کہو نا۔ کیا تحفہ دوگی؟

نرگس (کتاب پڑھتے پڑھتے): مجھے تنگ مت کرو راج! میں تم کو مری جاکر ہی اِس تُحفہ کے بارے میں بتا سکتی ہوں۔

راج: مجھے جلدی بتاؤ نہیں تو میں مر جاؤنگا۔

نرگس: میں نہیں بتانے کی!

راج: پلیز! بتاؤ نا!

نرگس: اچّھا سُنو! تمہارا تُحفہ؟ سنیل کی لکھی ہوئی غزلیں اور اچّھے رومانٹک ڈائیلاگ ہیں۔ تم کو وہ ڈائیلاگ یاد کر لینے چاہئیں۔

راج(مُسکراتے ہوئے): تھینک گاڈ!ہم شادی کے بعد بھی مذاق کر سکتے ہیں!!

نرگس: ہاں ہاں۔ کیوں نہیں!ہم تو مُقدّر کے سِکندر ہیں۔

16.10 Conversation Practice

Sunil meets Raj and Nargis after they come back from their honeymoon.

Sunil: Nargis, I kept calling you but you weren't home.

Raj: Don't you know that we had gone our honeymoon?

Sunil: I am used to talking to Nargis every evening.What more can I say?

Raj: Don't bother us Sunil. Nargis will absolutely not play tennis with you.

Nargis: Raj! Let me speak otherwise I will never forgive you. Sunil is my friend and you need to get used to him instead of fighting with him.

Sunil: Look Nargis! I have written this ghazal for you: "I kept thinking of you all night long, my moist eyes kept smiling all night long."

Raj: He is lying to you Nargis. This is not his own ghazal. This is a stolen ghazal!

Nargis: Sunil, is your name Makhdum? You ought to be ashamed.

Sunil: Forget about the ghazal. Have you forgotten we used to play tennis in our childhood, cook food, sing songs and dance? The truth is that I love you!

Raj: You ought to have your brain examined (medically). You are crazy! Nargis is my wife and she loves only me!

Sunil: Oh what should I do? Nargis, I will write another ghazal for you.

Nargis: Enough! Sunil, you keep on writing poetry but I won't read it (emphatic). Raj, you need to start writing poetry.

Raj: Listen to this song. I just wrote it: How crazy is my heart! It loves you.

Nargis: Raj, I know that you did not write this song. We learned it in Urdu class. Don't you you remember that you kept singing it for me every day after class? No, my dear Raj. It is not necessary for you to write a song for me. Your beautiful eyes have stolen my heart.

16.11 Songs

۱) روتے ہوئے آتے ہیں سب، ہنستا ہوا جو جائیگا
وہ مُقدّر کا سِکندر جانِ من کہلائیگا
وہ سکندر کیا تھا جس نے ظُلم سے جیتا جہاں
پیار سے جیتے دِلوں کو وہ جھُکا دے آسماں
جو سِتاروں پر کہانی پیار کی لِکھ جائیگا
وہ مُقدّر کا سکندر جانِ من کہلائیگا۔

۲) چلتے چلتے (۲)
یوں ہی کوئی مِل گیا تھا (۲)
سرِ راہ چلتے چلتے (۲)
وہیں تھم کے رہ گئی ہے (۲)
میری رات ڈھلتے ڈھلتے (۲)
جو کہی گئی نہ مجھ سے (۲)
وہ زمانہ کہہ رہا ہے (۲)
کہ فسانہ (۲) بن گئی ہے (۲)
میری بات چلتے چلتے (۲)

شبِ اِنتظار آخر کبھی ہو گی مختصر بھی
یہ چراغ بُجھ رہے ہیں میرے ساتھ جلتے جلتے

۳) غزل
مخدوم محی الدین (۱۹۶۹۔۱۹۰۸)
آپ کی یاد آتی رہی رات بھر
چشمِ نم مُسکراتی رہی رات بھر
رات بھر درد کی شمع جلتی رہی
غم کی لو تھر تھراتی رہی رات بھر
بانسری کی سُریلی سُہانی صدا
یاد بن بن کے آتی رہی رات بھر

Glossary for songs

مُقدّر = fate (m)

سِکندر = Alexander the Great

جانِ من = my darling

ظُلم = tyranny, oppression (m)

جیتنا = to win

جھُکانا = to cause to bend

کہلانا = to be called, to be named

یوں ہی = by chance, accidentally

سرِ راہ = road side

تھمنا = to stop; to stand still

ڈھلنا = to decline, to fade, to sink

زمانہ = the world; time; age (m)

فسانہ = story, tale (m)

مُختصر = brief, short

چراغ = lamp; light (m)

بُجھنا = to be extinguished, to go out

بھر = entire, whole (suffix)

رات بھر = the entire night

چشم = eye (f)

نم = moist, wet

درد = pain (m)

شمع = candle (f)

جلنا = to burn

غم = sorrow (m)

لو = flame (f)

بانسُری = reed flute (f)

سُریلی = musical, melodious

سُہانی = pleasing, appealing

صدا = cry, voice, call (f)

16.12 Vocabulary

to bite, to cut	کاٹنا
to bother	تنگ کرنا
consideration, deep thought (m)	غور
to consider thoughtfully	غور کرنا

to take x into consideration	x پر غور کرنا
dear, precious, beloved (m/f)	عزیز
death (lit. transfer) (m)	اِنتقال
to die (for x to die)	x کا اِنتقال ہونا
effort (f)	کوشِش
to try	کوشِش کرنا
enemy (m/f)	دُشمن
helpless	مجبور / بے بس
helplessness (f)	مجبوری / بے بسی
instead of	کے / کی بجائے
lie (m)	جُھوٹ
to lie	جُھوٹ بولنا
long live	زِندہ باد
mosquito (m)	مچّھر
pair, couple (f)	جوڑی
parents (m)	والدین
to perform; to accomplish; to pay	ادا کرنا
principle (m)	اُصول
request (f)	گزارِش
slave (m)	غُلام
slave girl (f)	کنیز
to take care of x	x کی دیکھ بھال کرنا

throne (m)	تخت
truth (m); true	سچ
to speak the truth	سچ بولنا
to be used to x, to be accustomed to x	x کا عادی ہونا

Reading Passages

Reading Passage One

برِّ صغیر کے موسم

سردی: سردی کے موسم میں ٹھنڈ ہوتی ہے اور کافی جگہوں پر برف بھی پڑتی ہے۔ اِس موسم کے خُصوصی پھل سیب اور امرود ہیں۔

بہار: بہار میں نہ تو زیادہ گرمی ہوتی ہے نہ زیادہ سردی۔ ہر طرف پھول کھِلتے ہیں۔ شاعر اِس موسم کو پیار کا موسم بھی کہتے ہیں۔

گرمی: اِس موسم میں تیز دھوپ پڑتی ہے۔ گرمی کے دِن لمبے ہوتے ہیں اور راتیں چھوٹی۔ آم اور تربوز گرمیوں کے خُصوصی پھل ہیں۔

برسات: گرمیوں کے بعد برسات کا موسم آتا ہے اور اِس موسم میں بارش ہوتی ہے۔ برسات کا سب سے بڑا تہوار (تیوہار) رکشا بندھن ہوتا ہے۔ رکشا بندھن کے دن بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائیوں پر راکھی باندھتی ہیں اور بھائی یہ عہد کرتے ہیں کہ وہ تمام عُمر اپنی بہنوں کی حِفاظت (رکشا) کرینگے۔

خِزاں: خزاں کا دوسرا نام پت جھڑ ہے۔ اِس موسم میں درختوں کے پتے رنگ بدلتے ہیں اور پھر آہستہ آہستہ گِرنے لگتے ہیں۔ شُعراء اِس موسم کی کیفیت کو اپنے محبوب سے بچھڑ جانے کے غم سے تشبیہ دیتے ہیں۔

Glossary

برِّ صغیر	the Subcontinent	ٹھنڈ	cold (f)
سردی	winter (f)	خُصوصی	special
عام طور پر	commonly, usually	امرود	guava (m)
برف پڑنا	to snow	بہار	spring (f)

کافی	enough, sufficient	(پھول) کھِلنا	to blossom, bloom
گرمی	summer (f)	خِزاں (f) پت جھڑ (m)	autumn; fall
تربوز	watermelon (m)	درخت	tree (m)
تہوار (تیوہار)	festival (m)	پتّا	leaf (m)
رکشا بندھن	festival in which sisters express love for their brothers (m)	راکھی	thread tied by sisters on the wrist of their brothers on the day of *Rakhsha bandan* (f)
کلائی	wrist (f)	محبوب	beloved (m)
عہد	promise, vow (m)	بچھڑنا	to be separated
تمام عُمر	entire life	تشبیہ	simile (f)
حِفاظت (رکشا)	safeguard; protection(f)	تشبیہ دینا	to compare
کیفیت	state, condition (f)	شُعراء	poets (plural of شاعر)(m)

Reading Passage Two

موسمی پیشن گوئی

آج کراچی کا مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہے گا۔ بعض مقامات پر بوندا باندی یا تیز بارش کا بھی اِمکان ہے۔

زیادہ سے زیادہ درجہء حرارت : ۳۹ ڈِگری (درجہ) سینٹی گریڈ

اور کم سے کم درجہء حرارت: ۲۷ ڈِگری (درجہ) سینٹی گریڈ

رطوبت: ۶۴ فیصد

بارش: ۷ ملی میٹر

طلوعِ آفتاب: ساڑھے پانچ بجے

غُروبِ آفتاب: سات بجے

Glossary

پیشن گوئی	forecast (f)	x کا امکان ہونا	the possibility of x to happen
مطلع	sky, horizon (m)		
جُزوی طور پر	partly	درجہء حرارت	temperature (m)
فیصد	percent	رطوبت	humidity (f)
ابر آلود	cloudy	طلوعِ آفتاب	sunrise (m)
بوندا باندی	drizzle (f)	غُروبِ آفتاب	sunset (m)

Reading Passage Three

حیدر آباد دکّن

جنوبی ایشیامیں دو حیدر آباد ہیں: ایک پاکستان میں اور دوسرا جنوبی ہندوستان میں۔ جنوبی ہندوستان کے اس علاقے کو دکّن بھی کہتے ہیں اور حیدر آباد دکّن کا قدیم شہر ہے۔ یہ شہر ۵۰۰ سال سے برِ صغیر کا تہذیبی اور تعلیمی مرکز رہا ہے۔ اس شہر کو جنوبی ایشیا کی ہندو مسلم مُشترکہ تہذیب کا گہوارہ سمجھا جاتا ہے۔ یہاں کی تاریخی عمارتوں میں سے چار مینار، گولکنڈہ قلعہ، بِرلا مندر، اور فلک نما پیلیس سب سے زیادہ مشہور ہیں۔ حیدر آباد کا لاڈ بازار بھی دیکھنے کے قابل ہے۔ لاڈ بازار میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہیں۔ جب حیدر آباد میں شادیاں ہوتی ہیں تو اکثر عورتیں یہیں سے خریداری، یعنی شاپنگ، کرتی ہیں۔ حیدر آباد کا سالار جنگ میوزیم بھی ایک نایاب عجائب گھر ہے۔ یہ عجائب گھر قیمتی چیزوں اور نادر آثارِ قدیمہ کا انمول خزانہ ہے۔ حیدر آباد کا کھانا بھی بہت ہی مزیدار ہوتا ہے۔ یہاں کی بریانی کا تو جواب نہیں! حیدر آباد کا موسم نہ تو زیادہ گرم ہوتا ہے نہ تو زیادہ سرد۔ اسی لئے اس شہر کو غیر ملکی سیاح بھی پسند کرتے ہیں۔ آج کل حیدر آباد میں لاکھوں غیر ملکی

آتے ہیں کیونکہ حیدر آباد ہائی ٹیک کا بھی مرکز بن گیا ہے۔اس شہر کو بعض لوگ سائبر آباد بھی کہتے ہیں۔

Glossary

عِلاقہ	area, region (m)	نایاب	rare
دکّن	the Deccan plateau (m)	عجائب گھر	museum (m)
قدیم	old, ancient	نادر	uncommon, rare
تہذیبی	cultural	آثارِ قدیمہ	archaeological objects
تعلیمی	educational	انمول	priceless
مرکز	center (m)	خزانہ	treasure (m)
مُشترکہ	shared, composite	غیر ملکی	foreign (m/f)
تہذیب	culture (f)	سیاح	tourist (m/f)
گہوارہ	cradle (m)	بعض	some, few
خریداری	shopping (f)		

Reading Passage Four

آیئے مُسکرائیں

سموسے

دعوت میں میزبان عورت نے مہمان خاتون سے کہا: اور سموسے لیجیئے۔
مہمان خاتون: شکریہ۔میں تو تین کھا چکی ہوں۔
میزبان: کھائے تو آپ نے گیارہ ہیں لیکن یہاں کون گن رہا ہے؟!

بارِش

شوہر نے اپنی بیگم سے پوچھا: کیا باہر بارش ہو رہی ہے؟
بیوی: کیا بارش کبھی اندر بھی ہوتی ہے؟!

بیچارہ مریض

ایک مریض نے گھبرا کر ڈاکٹر سے پوچھا: کیا آپ کو پورا بھروسہ ہے کہ آپ کامیابی کے ساتھ میرا آپریشن کر سکینگے؟
ڈاکٹر: یہی تو مجھے آپ کے آپریشن کے بعد معلوم کرنا ہے۔
مریض نے اور زیادہ پریشان ہو کر کہا: آپ کے علاج سے اب تک کتنے لوگ مُلکِ عدم روانہ ہو چکے ہیں؟
ڈاکٹر: آپریشن کے بعد قبروں کو گِن کر بتا دونگا۔ یہ سوال تو مجھ سے کئی مریض کر چکے ہیں مگر بدقسمتی سے مجھے جواب دینے کا موقع کبھی نہیں ملا!

مِرزا غالِب کے دو لطیفے

۱) سردیوں کا موسم تھا۔ ایک دِن غالب کے ایک دوست، خان صاحب، ان کے گھر آئے۔ غالب نے شراب کا گلاس بھر کر ان کے سامنے رکھ دیا۔ خان صاحب غالب کا مُنہ دیکھنے لگے اور کہا: میں نے توبہ کر لی ہے۔ اب میں شراب نہیں پیتا۔ غالب مُتعجب ہو کر بولے: کیا! سردیوں میں بھی نہیں پیتے؟!

۲) ایک صاحب نے غالب سے کہا کہ شراب پینی سخت گُناہ ہے۔ غالب نے ہنس کر پوچھا: اگر پیئیں تو کیا ہوتا ہے؟ ان صاحب نے جواب دیا: شراب پینے والوں کی دُعا قبول نہیں ہوتی۔ غالب نے مُسکُرا کر کہا: جِس کے پاس شراب ہو کیا وہ آدمی کِسی اور چیز کی دُعا مانگ سکتا ہے؟!

ایک پہیلی

ایک جانور ایسا جس کی دُم پر پیسہ، سر پر بھی تاج ہے بادشاہ کے جیسا، بولو کیا ہے؟

(search glossary below for answer)

Glossary

مُسکرانا	to smile	خاتون	(respected) woman
سموسہ	samosa (m)	بیگم	wife (respected) woman
میزبان	host (m/f)	گھبرانا	to worry
مہمان	guest (m/f)	پورا	complete
بھروسہ	trust, confidence (m)	سخت	severe, hard
کامیاب	successful	گُناہ	sin (m)
کامیابی	success (f)	دُعا	prayer (f)
پریشان ہونا	to worry	قبول ہونا	to be accepted
مُلکِ عدم	land of eternity	دُعا مانگنا	to ask a favor; to pray
روانہ ہونا	to depart	پہیلی	riddle (f)
موقع ملنا	to get an opportunity	دُم	tail (f)
لطیفہ	joke (m)	پیسہ	coin (m)
بھرنا	to fill	تاج	crown (m)
توبہ	repentance (f)	مور	peacock (m)
مُتعجب ہونا	to be astonished		

Reading Passage Five

اکبر کا شاہی دسترخوان

آیئے مزیدار کھانا پکایئے! آلو گو بھی بنانے کے لئے ہمیں اِن اشیاء کی ضرورت پڑیگی: ۵ آلو، اپھول گو بھی، ا عدد پیاز، ۲ سُرخ ٹماٹر، آدھی پیالی تیل، آدھا چمچ ادرک پاوڈر، ا چمچ لہسن پاوڈر، آدھا چمچ گرم مصالحہ، آدھی چمچ ہلدی، نمک اور لال مرچ حسبِ ذائقہ، کڑھی پتا، ہرا دھنیا۔

آلو گو بھی بنانے کی ترکیب:

آلو اور پھول گو بھی کو چھیل کر چھوٹے ٹکڑے کرلیں۔ پیاز اور ٹماٹر کو بھی باریک کاٹ لیں۔ تیل کو کڑھائی میں گرم کرلیں اور پھر اس میں پیاز کو کڑھی پتے کے ساتھ تل لیں۔ جب پیاز کا رنگ بادامی ہو جائے تب اس میں آلو، گو بھی، ٹماٹر، ادرک، لہسن، نمک، مرچ، اور گرم مصالحہ تل لیں اور پھر ایک پیالی پانی مِلا کر دھیمی آنچ پر پکنے دیں۔ جب آلو اور پھول گو بھی گل جائیں اور پانی خشک ہو جائے تب کڑھائی چولہے سے اتار لیں اور سجاوٹ کے لئے ہرا دھنیا اوپر ڈال لیں۔ آیئے گرم گرم روٹی کے ساتھ مزیدار آلو گو بھی نوش فرمایئے۔

Glossary

شاہی	royal	حسبِ ذائقہ	according to taste
دسترخوان	dining cloth* (m)	کڑھی پتا	curry leaves (m)
آلو	potato (m)	ہرا دھنیا	coriander (m)
بند گو بھی	cabbage (f)	چھیلنا	to peel
پھول گو بھی	cauliflower (f)	ٹکڑا	piece (m)
ترکیب	recipe (f)	باریک	thin, fine, delicate
اشیاء	things; ingredients (f)	کاٹنا	to cut
عدد	quantity (m)	کڑھائی	skillet; frying pan (f)

سُرخ	red	تلنا	to fry
ٹماٹر	tomato (m)	بادام	almond (m)
پیالی	cup (f)	بادامی	brown, almond-colored
تیل	oil (m)	دھیما	slow, simmer
ادرک	ginger (m)	آنچ	fire, flame (f)
لہسن	garlic (m)	گلنا	to melt, soften
گرم مصالحہ	mixture of spices (m)	خشک	dry
ہلدی	tumeric (f)	چولہا	stove (m)
نمک	salt (m)	سجاوٹ	decoration (f)
مرچ	pepper (f)	نوش فرمانا	to eat with relish

*a sheet spread on the floor on which various dishes are placed. Traditionally, before the introduction of dining tables, family members and guests sat around this sheet as they partook of the meal.

Reading Passage Six

ریڈیو سے

السلام علیکم۔ یہ ریڈیو پشاور ہے۔ آج ۲۷ رجب ۱۴۲۱ھ ہے اور اس وقت رات کے دس بجے ہیں۔ آج کی تازہ عالمی خبریں سماعت فرمایئے۔ امریکہ کے صدر بل کلنٹن کا دورۂ مِصر آج ختم ہوا۔ صدر کلنٹن کی مِصر کے دار الحکومت قاہرہ میں فلسطینی نمائیندوں کے ایک وفد سے بھی ملاقات ہوئی۔ اِس ملاقات کے دوران وفد کے سربراہ نے صدر کلنٹن کو بتایا کہ مغرب تیسری دنیا کے مسائل سے انجان ہے۔ انہوں نے مزید یہ بھی کہا کہ اگر مغربی مُمالک واقعی مشرقِ وسطیٰ میں امن قائم کرنا چاہتے ہیں یا دہشت گردی کو روکنا چاہتے ہیں تو اُن کو چاہیئے کہ وہ فلسطینیوں کے مسائل کو

بہتر طور پر سمجھنے کی کوشِش کریں۔ایک اور فلسطینی نمائندے نے صدر کلنٹن کو صاف صاف لفظوں میں یہ بھی بتایا کہ مشرقِ وسطیٰ میں انسانی حقوق، خصوصاً فلسطینی حقوق، کی پامالی ہو رہی ہے۔اس ملاقات کے بعد صدر کلنٹن نے اہرامِ مصر کی سیر کی۔آج سے امریکی صدر شام اور اُردن کا دورہ شروع کرینگے۔

Glossary

تازہ	fresh	نمائندہ	representative (m/f)
عالمی	international	وفد	delegation (m)
سماعت فرمایئے	please listen	سربراہ	head, leader (m/f)
مِصر	Egypt (m)	ملاقات	meeting (f)
دورہ	tour, trip, visit (m)	کے دوران	during
دورہ کرنا	to tour, visit	مغرب	West
دارالحکومت	capital city (m)	مسئلہ، مسائل	issue/issues (m)
قاہرہ	Cairo (m)	انجان	unaware/ignorant
فلسطین	Palestine (m)	مزید	furthermore
ملک، ممالک	country/countries (m)	حق، حقوق	right/rights (m)
مشرقِ وسطیٰ	Middle East	خُصوصاً	especially
امن	peace (m)	پامالی	destruction, violation(f)
قائم کرنا	to establish	اہرامِ مصر	Pyramids of Egypt (m)
دہشت گردی	terrorism (f)	شام	Syria (m)
صاف صاف	clearly, emphatically	اُردن	Jordan (m)
لفظ، الفاظ	word/ words (m)	انسانی	human

Reading Passage Seven

اخبار سے

اقوامِ مُتحدہ کے نمائندے رحیم بھٹ نے کل شام کی پریس کانفرنس میں بتایا کہ ایڈز کا مرض تیزی سے جنوبی ایشیا میں پھیل رہا ہے۔ اگر اس مرض پر جلد قابو نہ پایا گیا تو لاکھوں لوگ مر سکتے ہیں۔ بھٹ نے مزید یہ بھی کہا کہ ایڈز صرف ایشیا اور افریقہ کا مسئلہ نہیں بلکہ ایک عالمی مسئلہ ہے جس کو حل کرنے کے لئے دُنیا کے سارے مُلکوں کو ایک دوسرے کے ساتھ تبادلہء خیال کرنا پڑیگا تاکہ ایڈز کے حِفاظتی ٹیکے کی ایجاد جلد از جلد ہو سکے۔ بھٹ کی اس رائے سے دنیا کی کئی تنظیمیں خصوصاً عالمی ادارۂ صحت یعنی ورلڈ ہیلتھ آرگنائیزیشن اتفاق کرتی ہیں۔

Glossary

اقوامِ مُتحدہ	The United Nations	جلد از جلد	as soon as possible
مرض	disease, epidemic (m)	x کی ایجاد ہونا	x to be invented
x پر قابو پانا	to bring x under control	رائے	opinion (f)
حل کرنا	to solve	تنظیم	organization(f)
تبادلہء خیال	exchange of ideas	ادارہ	institution (m)
حِفاظتی	preventive, protective	x سے اتفاق کرنا	to agree with x
ٹیکہ	vaccination (m)		

Note on the Calendar

In most of the Urdu-speaking world, one encounters two calendars: the Islamic lunar or *hijrii* calendar; and the Gregorian, Common Era one, called *isavii*. Dates are written from right to left, with the day first (at times followed by / sign), the month second, and the year third. The year is

usually written over the ـــــ sign which stand for the Arabic word for year, "*sana*." This sign is followed either by ھ (the sign for Islamic *hijrii* calendar) or ء (the sign for the Gregorian *isavii* calendar). All months are masculine in gender.

ہجری مہینے

Rajab	۷۔ رجب	*Muharram*	۱۔ مُحرّم
Sha'abaan	۸۔ شعبان	*Safar*	۲۔ صفر
Ramzaan/Ramdhaan	۹۔ رمضان	*Rabii' ul-awwal*	۳۔ ربیع الاوّل
Shawwal	۱۰۔ شوّال	*Rabii'us-saanii*	۴۔ ربیع الثّانی
Zuu'l qadaa(Zii qaad)	۱۱۔ ذوالقعدہ (ذیقعد)	*Jamaadii ul-awwal*	۵۔ جمادی الاوّل
Zuu'l hijjaa(Ziilhijj)	۱۲۔ ذوالحجہ (ذی الحج)	*Jamaadii us-saanii*	۶۔ جمادی الثّانی

عیسوی مہینے

July	جولائی	January	جنوری
August	اگست	February	فروری
September	ستمبر	March	مارچ
October	اکتوبر	April	اپریل
November	نومبر	May	مئی
December	دسمبر	June	جون

Sample dates:

9th Shawwal, 1388 Hijri ۹ شوّال ۱۳۸۸ھ   10th January 1968 C.E. ۱۰ جنوری ۱۹۶۸ء

Urdu - English Glossary

ا

now	اب
father (m)	ابّا
you - formal	آپ
sister (f)	آپا
your (formal)	آپ کا / آپکا
one's own	اپنا
this much	اِتنا
to pick up	اُٹھانا
to wake up, rise	اُٹھنا
today	آج
permission (f)	اِجازت
give permission to leave (got to run)	اِجازت دیجیے
these days, nowadays	آج کل
pickles (m)	اچار
good	اچّھا
newspaper (m)	اخبار
to perform; to accomplish; to pay	ادا کرنا
greetings, hello, hi	آداب عرض / آداب
actor (m)	اداکار
actress (f)	اداکارہ

human being, man, person (m)	آدمی
half	آدھا / آدھ
in this direction	اِدھر
in that direction	اُدھر
intention (m)	اِرادہ
rest (m)	آرام
to rest	آرام کرنا
to fly; to cause to fly	اُڑانا
independence, freedom (f)	آزادی
in this duration	اِس دوران میں
therefore	اِس لئے
use (m)	اِستعمال
to use	اِستعمال کرنا
to use x	x کا اِستعمال کرنا
student (m/f)	اِسٹوڈنٹ
noble name (m) (formal Urdu)	اِسمِ شریف
sky (m)	آسمان
principle (m)	اُصول
generally, often; most; many	اکثر
although	اگرچہ
although	البتّہ
cupboard, cabinet (f)	الماری

owl; fool; stupid (m/f)	اُلّو
potato (m)	آلو
mango (m)	آم
mother (f)	اماں
test, trial, examination (m)	اِمتحان
America (m)	امریکہ
American	امریکی / امریکن
peace, safety (m)	امن
mother (f)	امّی
rich	امیر
to come	آنا
waiting, expectation (m)	اِنتظار
to wait for x	x کا اِنتظار کرنا
arrangement (m)	اِنتظام
